جنم نچھتر پر سنیچر ہو اسے چکر کے عدد پر قائم کر کے آگے کے تمام نچھتر بالترتیب دو۔ تین۔ چار وغیرہ اعداد پر رکھتے جائیں اور اپنے جنم یا نام کا نچھتر جس عدد پر آئے۔ مطابق ذیل میں اس کا ثمرہ دیکھئے۔

عدد	۱	۲ سے ۵ تک	۶ سے ۸ تک	۹ سے ۱۲ تک	۱۳ سے ۱۶ تک	۱۷ سے ۲۰ تک	۲۱ سے ۲۳ تک	۲۴	۲۵	۲۶-۲۷
اعضا	منہ	دایاں ہاتھ	دایاں پاؤں	بایاں پاؤں	چھاتی	بایاں ہاتھ	سر	دائیں آنکھ	بائیں آنکھ	مقعد
ثمرہ	فکر	لابھ	حرکت	نقصان	ترقی	بیماری نقصان	لابھ	ترقی	پریشانی	بیماری۔

صحت۔ سفر و مقدمات

اگر بیمار کی صحت کا حال یا سفر میں جانا ہو مقدمہ و لڑائی جنگ کے متعلق دریافت کرنا ہو تو نقشہ میں عدد ۱ پر سورج کے نچھتر کو قائم کر کے بالترتیب آگے کے نچھتر قائم کرنے سے اپنے جنم یا نام کا نچھتر جس عدد پر آئے بطریقہ ذیل ثمرہ جانیں۔ اگر نمبر ۱-۲-۳ پر نچھتر پڑے تو سفر میں تکلیف و پریشانی۔ معاملات میں شکست نمبر ۲-۴-۹-۲۱-۲۳-۲۶-۲۷-۲۸ پر نچھتر ہونے پر فکر تشویش بیماری میں زیادتی۔ دشمن غالب آوے نمبر ۱ سے ۲۱ تک نچھتر ہونے سے سفر میں ناکامی۔ نقصان مال۔ بیماری کی حالت مخدوش ہو۔ اگر نمبر ۵-۶-۷-۲۳-۲۴ و ۲۵ نچھتر ہو تو سفر میں ناکامی مریض کے لئے صحت یاب جلد ہونے کی اُمید ہو۔ معاملات مقدمات میں فتح یابی۔ مالی فائدہ کی صورت پیدا ہو آٹھویں یا بارہویں ہونے سے سفر کرنے اور بیماری کے واسطے ناقص اثر رکھتا ہے۔ لیکن مقدمات میں صورت کامیابی رکھتا ہے۔

آج کا دن کیسے گذرے گا۔

اس روز جو نچھتر ہو۔ اسے نمبر ۱ سے شروع کریں اور بالترتیب ۲۸ نچھتروں کو سلسلہ وار دیکھیں کہ آپ کا نچھتر کس مقام پر آتا ہے نچھتر دائرہ کے اندر آوے تو وہ دن خوشی اور آرام سے بسر ہوگا اگر منہ ہوگا۔ دائرہ کے باہر آیا ہو تو مساوی رہے گا۔ ترسول کے اوپر پڑا ہو تو گھبراہٹ میں بسر ہوگا۔

مشرق

یہ نشان کسی انگشتی جس کے پہننے سے قسمت بلند ہو کر تکالیف دُور ہوتی ہیں

علم جیوتش اور پیدائش انسان

بکرمی سمت کے ہر مہینے کی ہر تاریخ کو جس جس وقت جو جو لگن طلوع ہوتا ہے وہ آگے درج کر دیا گیا ہے۔ گذشتہ کئی سالوں سے لے کر آئندہ کئی سالوں تک اس سے کام لیا جا سکتا ہے چونکہ ہندوستان میں آج کل سٹینڈرڈ ٹائم ہی ریلوے ڈاکخانے تار گھر وغیرہ میں غرضیکہ ہر جگہ کلاکوں و گھڑیوں میں کام لایا جا سکتا ہے۔ لہٰذا اسی ریلوے (انڈین سٹینڈرڈ) ٹائم کا استعمال اِن نقشوں میں کیا گیا ہے۔ ۱۲ بجے دوپہر کے بعد ۱۲ بجے رات تک کے وقت کو ۱۳-۱۴-۱۵ وغیرہ ۲۴ تک کے اعداد سے ظاہر کیا گیا ہے۔ ۱۲ بجے رات کو ۲۴ گھنٹے نہ لکھ کر صفر گھنٹہ لکھا ہے بکرمی سمت کی جس ماہ کی جس تاریخ کو جس وقت لگن معلوم کرنا ہو اس ماہ کے نقشے میں اس تاریخ کے نیچے وہ وقت تلاش کریں۔ جس لگن کی حدود میں ملے وہی لگن سمجھنا ہر لگن کے سامنے لگن کا وقت انتہا لکھا ہے۔ اور وقت ابتدا سابقہ لگن کے وقت کے وقت انتہا (جو سابقہ لگن کے سامنے ہے) کو سمجھیں یعنی ایک لگن جس وقت ختم ہوتا ہے۔ اسی وقت دوسرا لگن شروع ہو جاتا ہے۔ مثلاً ماہ ہاڑ کی ۲۱ تاریخ کو ۶ بجکر ۲۱ منٹ پر صبح متھن لگن ختم ہوا اور کرک شروع ہوا کرک لگن ۸ بجکر ۴۲ منٹ پر ختم ہوا اور اسی وقت سنگھ لگن شروع ہوا۔ اسی طرح سنگھ کے بعد کنیا۔ تلا وغیرہ لگنوں کے وقت ابتدا و انتہا سمجھیں کیونکہ ہر لگن کے تیس انش (حصے) ہوتے ہیں لہٰذا لگن کے کل وقت کو وقت مطلوبہ تک گذارے۔ لگن کے وقت پر تقسیم کر کے تیس سے ضرب دیں تو اندازاً لگن کے گذرے انش بھی معلوم ہو سکتے ہیں۔

لگن سارنی سے لگن سپشٹ

سورج سپشٹ راس وانش (جلدی دیکھنے کے لئے ہندی مہینے کے پرویشٹے میں سے ایک عدد کم کرو تو سورج سپشٹ کے قریب انش بن جائیں گے۔ لیکن اگر مہینہ ۳۱ یا ۳۲ پرویشٹہ کا ہو تو ۱۵ کے بعد دو عدد کم کرنے سے تقریباً انش بن جائیں گے) کے مقابل لگن سارنی میں جتنے گھڑی پل و سپل دیئے ہوئے ہیں۔ ان میں سے اپنے وقت مطلوبہ کی گھڑی پل جمع کرو حاصل جمع جتنے گھڑی پل ہوں اس خانہ کے دائیں طرف لگن کی راس اور اوپر لگن کے انش ہوں گے اگر سارنی میں یہ گھڑی اور پل بالکل وہی مل جائیں تو اتنے انش ہی لگن سپشٹ ہوگا۔ اگر کچھ کم و بیش ہوں تو خانہ کے گھڑی پل کو جمع شدہ گھڑی پلوں میں سے تفریق کرو۔ حاصل تفریق۔ جتنے پل اور و سپل ہوں گے۔ ان سب کو بپل بناؤ۔ (۶۰ بپل کا ایک پل ہوتا ہے) ان بپلوں کو ۶۰ سے ضرب دیکر خانوں کے فرق کے بپلوں (پل اور بپل کے بپل بناؤ) پر تقسیم کر دو۔ خارج قسمت کلا ہوگی باقی کو پھر ۶۰ سے ضرب دیکر ان بپلوں پر تقسیم کرو۔ خارج قسمت بکلا ہوگی چونکہ راس اور انش پہلے آ چکے ہیں اس لئے ان کلا اور بکلا کو بھی سورج سپشٹ کی کلا بکلا میں جمع کر کے شامل کر لو۔ تب لگن سپشٹ راس انش کلا بکلا نکل آوے گا۔

دسم گھر سپشٹ

جس تاریخ میں دسم گھر سپشٹ کرنا ہو۔ اس تاریخ کا دن معلوم کر کے اس (و)قت کا نصف کرو پھر اس نصف کو اپنے وقت مطلوبہ میں سے تفریق کرو اگر تفریق نہ ہو سکے۔ وقت مطلوبہ میں ۶۰ گھڑی جمع کر کے اسی میں سے دنمان کی نصف گھڑی پلوں کو تفریق کرو اسطرح جو گھڑی پل حاصل ہوں اس کو دسم گھر کا وقت مطلوبہ مان کر لگن کی طرح دسم گھر سپشٹ سارنی سے دسم گھر سپشٹ کرو۔

بارہ ۱۲ خانے سپشٹ

دسم گھر سپشٹ میں چھ راس جمع کرنے سے چہارم گھر سپشٹ ہوتا ہے چہارم سپ[شٹ] میں سے لگن سپشٹ تفریق کر کے جتنے راس انش کلا۔ بکلا آویں ان کو چھ پر تقسیم کرو خارج قسمت] وانش کلا۔ بکلا کو لگن سپشٹ میں جمع کرو۔ تو لگن اور خانہ دوئم کی سندھی کا سپشٹ ہوتی [ہے] اسی طرح پانچ دفعہ اور حاصل جمع میں جمع کرتے جاؤ۔ تو خانہ دوئم اس کی سندھی خانہ سو[ئم] اس کی سندھی اور خانہ چہارم تک سپشٹ ہو جائیں گے۔ اس کے بعد ۶ پر تقسیم کی خار[ج] قسمت انش کلا۔ بکلا کو ۳۰ انش میں تفریق کرو۔ جو حاصل ہو ان کو بالترتیب ۶ دفعہ ج[مع] کرتے جاؤ تو خانہ ہفتم تک خانہ جات معہ سندھی سپشٹ ہو جائیں گے۔ اس کے بعد خا[نہ] اول سے لے کر خانہ ششم، ہفتم کی سندھی تک کے سپشٹوں میں ۶ راس جمع کرنے سے لگن اور بار[ہویں] خانہ کی سندھی یعنی کل ۱۲ خانے اور ان کی سندھی سپشٹ ہو جائے گی۔

گرہ سپشٹ

تہوار اور داخلہ سیارگان والے صفحوں پر ہر ماہ کی ۱۰-۲۰ اور آخری تاریخ کے دیئے گئے سپشٹ گرہ (تقویم سیارگان) موٹے طور پر ہر ماہ میں گرہوں کی پوزیشن جاننے کے لئے ہیں۔ پچھلے صفحوں پر چار چار روز کے (جنہیں پنکتیاں کہتے ہیں) فرق پر ½۵ بجے صبح انڈین سٹینڈرڈ ٹائم کے سپشٹ گرہ دیئے ہیں پنکتیوں کے ان گرہوں سے مطلوبہ وقت کے گرہ اس طرح سپشٹ کریں مطلوبہ تاریخ و گھنٹہ۔ منٹ (I.S.T) میں سے نزدیکی (پچھلی) پنکتی کی تاریخ اور ۵ گھنٹہ ۳۰ منٹ گھٹائیں۔ جو باقی دن گھنٹہ منٹ بچیں انہیں گرہ کی چار روز کی حرکت کی کلاؤں سے جو (پچھلی اگلی پنکتیوں کے سپشٹ گرہوں کا فرق ہے) ضرب کر کے ۴ پر تقسیم کریں تو کلائیں حاصل ہوں گی گرہ مارگی ہو تو ان کلاؤں کو پچھلی پنکتی کے سپشٹ گرہ میں جوڑیں وکری ہو تو گھٹائیں اس طرح مطلوبہ تاریخ کو مطلوبہ ٹائم پر گرہ سپشٹ ہوگا۔

خیال رہے سن ۱۹۶۷ تک کی جنتریوں میں سپشٹ گرہ رات کے بارہ بجے کے دیئے ہوتے تھے اب یہ ½۵ بجے (I.S.T) کے دیئے گئے ہیں۔ آئندہ بھی یہ ½۵ بجے کے ہی دیئے جایا کریں گے۔ ہندوستان کے کسی بھی شہر میں یہ گرہ ½۵ بجے کے ہی مانے جائیں گے۔ کیونکہ بھارتی سٹینڈرڈ ٹائم سارے ہندوستان کے لئے ایک ہی ہے۔ کچھ جنتریوں میں اِشٹ گھڑی پلوں کے مطابق گرہ سپشٹ دیئے ہوتے ہیں۔ وہ گرہ اس جنتری کے شہر کے لئے ہی اس اِشٹ پر سپشٹ ہوتے ہیں۔ اگر انہیں دوسرے شہر میں مطلوبہ اِشٹ پر سپشٹ کرنا ہو تو اس جنتری میں دیئے گئے اِشٹ میں دیش انتر اور چرانتر سنسکار کرنا پڑتا ہے۔ لیکن سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیئے گئے گرہ اس سٹینڈرڈ ٹائم پر سارے ہندوستان کے لئے مانے جائیں گے۔

چندرما سپشٹ

چار چار روز کے فرق سے جو چاند دیا گیا ہے اس سے مطلوبہ وقت کا چاند اوپر لکھے طریقے سے ہی سپشٹ کر لینا چاہیئے۔ روزانہ نچھتر سے بھی چاند سپشٹ کیا جا سکتا ہے۔

اس کے لئے صفحہ ۱۰۷ دیکھیں۔

گردش زمانہ و روزانہ حالات زندگی

سنیچر کی ساڑھ ستی و ڈھایا

اپنی جنم راشی سے سنیچر کی موجودہ راشی تک شمار کرو اگر سنیچر چوتھے یا آٹھویں راشی میں ہو تو ڈھایا یعنی ڈھائی سال کی سنیچر کی سختی جاننا یہ اور جب جنم راشی سے (۱) بارویں آوے تب ساڑھ ستی شروع ہوتی ہے اور دوسری راشی میں جب تک سنیچر رہے تب تک رہتی ہے اس کا پھل عموماً خراب ہوتا ہے۔ روپے کا زیادہ خرچ رہے۔ صحت خراب اور فکر چنتا لگتی ہے اس لئے جب ساڑھ ستی یا ڈھایا آوے تو سنیچر کی شانتی کے لئے مندرجہ ذیل منتر بھوج پتر پر سرخ چندن اور انار کی قلم سے لکھ کر کسی تعویذ میں ڈال کر اپنے گلے میں ڈال لیویں سنیچر کے روز دن میں برت رکھ کر رات کو بارہ بجے پرمیشور کا دھیان کر کے تحریر کر لے تو خراب پھل ضرور شانت ہو جاوے گا۔

۱۴	۷	۱۲
۹	۱۱	۱۳
۱۰	۱۵	۸

پایہ بوقت تبدیلی راس پنچھتر جنتری میں دیکھو کہ اس وقت چاند کس راس میں ہے۔ اپنی جنم راس یا نام راس سے چاند کی راس تک گنو۔ اگر پہلی چھٹی یا گیارہویں چاند کی راس آوے تو سونے کا پایہ جانو۔ اگر دوسری پانچویں اور نویں ہو تو چاندی کا اگر تیسری ساتویں۔ دسویں ہو تو تانبا کا اگر چوتھی آٹھویں۔ یا بارہویں آوے تو لوہے کا پایہ جانو۔ ثمرہ درج ذیل ہے۔

سونے کا پایہ قبیلہ والوں سے ناچاقی۔ جسم میں روگ کلیش اور روپے کا نقصان۔

چاندی کا پایہ تجارت سے لابھ۔ جسم کو سکھ عزت بڑھے۔ راج دربار میں عزت گھر میں خوشی ہو

تانبہ کا پایہ لابھ زیادہ عورت اور اولاد کا سکھ۔ جسم تندرست رہے گشت و خون کی خرابی۔

لوہے کا پایہ عورت اور اولاد کو کشٹ چوپایہ کا نقصان۔ تجارت سے روپیہ کا نقصان، اور خوف ہو۔

نقشہ سیارگان کا گرہ گوچر سے جنم راشی پر اثر

سیارہ	سورج	چاندر	منگل	بدھ	برہسپتی	شکر	سنیچر	راہو	کیتو
۱	مسافری	مضبوط	ڈر	ماتحتی	خوف	سکھ	خوف	نقصان	بیماری
۲	ہانی	آمدنی	ہانی	آمدنی	لابھ	لابھ	فکر	دشمن ہانی	دشمنی
۳	آمدنی	بارونق چہرہ	بارونق چہرہ	خوف	بیماری	آمدنی	بارونی	آمدنی	سکھ
۴	بیماری	بیماری	دشمنی	آمدنی	خرچ	سکھ	بیماری	دشمنی	خوف
۵	تابعداری عاجزی	سکھ	بیماری	فکر	سکھ	اولاد کو تکلیف	نقصان	فکر	فکر
۶	سکھ	سکھ	لابھ	آمدنی	فکر	درد تکلیف	سکھ	آمدنی	لابھ
۷	مسافری	آمدنی	کمزوری	بربادی	سکھ	وپتی	خوف	کلیش	مسافری
۸	بیماری	بیماری	بہت خراب	آمدنی	بیماری	ملاقات	بیماری	درد تکلیف	بیماری
۹	پاپ	ذی عزت	روگ	نقصان	ذی عزت	دھرم لابھ	پاپ	پاپی	برے کرم
۱۰	سکھ	سکھ	فکر	عیش و آرام	عاجزی	دکھ	کلیش	سکھ	اچھا
۱۱	آمدنی	لابھ	لابھ	سکھ	آمدنی	آمدنی	آمدنی	آمدنی	تعریف
۱۲	تکلیف	تکلیف	درد تکلیف	کلیش	بیماری	لابھ	دکھ	فکر	دشمن کا ڈر

سنیچر کا اعضائے انسانی پر اثر

جنم نچھتر پر سنیچر ہو اسے چکر کے عدد پر قائم کر کے آگے کے تمام نچھتر بالترتیب دو۔ تین۔ چار وغیرہ اعداد پر رکھتے جائیں اور اپنے جنم یا نام کا نچھتر جس عدد پر آئے۔ مطابق ذیل میں اس کا ثمرہ دیکھے۔

عدد	۱	۲ سے ۵ تک	۶ سے ۸ تک	۹ سے ۱۲ تک	۱۳ سے ۱۶ تک	۱۷ سے ۲۰ تک	۲۱ سے ۲۳ تک	۲۴	۲۵	۲۶-۲۷
اعضا	منہ	دایاں ہاتھ	دایاں پاؤں	بایاں پاؤں	چھاتی	بایاں ہاتھ	سر	دائیں آنکھ	بائیں آنکھ	مقعد
ثمرہ	فکر	لابھ	حرکت	نقصان	ترقی	بیماری نقصان	لابھ	ترقی	پریشانی	بیماری

صحت۔ سفر و مقدمات

اگر بیمار کی صحت کا حال یا سفر میں جانا ہو مقدمہ و لڑائی جنگ کے متعلق دریافت کرنا ہو تو نقشہ میں عدد ۱ پر سورج کے نچھتر کو قائم کر کے بالترتیب آگے کے نچھتر قائم کرنے سے اپنے جنم یا نام کا نچھتر جس پر عدد پر آئے بطریقہ ذیل ثمرہ جانیں۔ اگر نمبر ۱-۲-۳ پر نچھتر پڑے تو سفر میں تکلیف و پریشانی۔ معاملات میں شکست نمبر ۲-۴-۹-۲۱-۲۳-۲۶-۲۷-۲۸ پر نچھتر ہونے پر فکر و تشویش بیماری میں زیادتی۔ دشمن غالب آوے نمبر ۱ سے ۲۱ تک نچھتر ہونے سے سفر میں ناکامی۔ نقصان مال۔ بیماری کی حالت مخدوش ہو۔ اگر نمبر ۵-۶-۷-۲۳-۲۴ و ۲۵ نچھتر ہو تو سفر میں ناکامی مریض کے لئے صحت یاب جلد ہونے کی امید ہو۔ معاملات مقدمات میں فتح یابی۔ مالی فائدہ کی صورت پیدا ہو آٹھویں یا بارہویں ہونے سے سفر کرنے اور بیماری کے واسطے ناقص اثر رکھتا ہے۔ لیکن مقدمات میں صورت کامیابی رکھتا ہے۔

آج کا دن کیسے گذرے گا۔

اس روز جو نچھتر ہو۔ اسے نمبر ۱ سے شروع کریں اور بالترتیب ۲۸ نچھتروں کو سلسلہ وار دیکھیں کہ آپ کا نچھتر کس مقام پر آتا ہے نچھتر دائرہ کے اندر آوے تو وہ دن خوشی اور آرام سے بسر ہوگا فائدہ مند ہوگا۔ دائرہ کے باہر آیا ہو تو مساوی رہے گا۔ ترسول کے اوپر پڑا ہو تو گھبراہٹ میں بسر ہوگا۔

مشرق

... کی انگوٹھی جس کے پہننے سے قسمت بلند ہو کر تکالیف دور ہوتی ہیں

اس شہر یا گاؤں میں میرے لئے رہنا مفید ہے؟

گاؤں یا شہر کے پہلے حرف سے اس کا نچھتر معلوم کریں۔ اس نچھتر سے آگے کے سات نچھتر گاؤں کے مستک پر بعد ازاں سات سات نچھتر گاؤں کے پیٹھ پر پھر سات نچھتر گاؤں کی چھاتی پر آخر سات نچھتر گاؤں کے پاؤں پر شمار کر کے دیکھیں اگر نام نچھتر شہر کے مستک پر آیا ہو تو وہ آدمی اس شہر یا گاؤں میں بسنے سے عزت آبرو حاصل کرے گا پیٹھ کے نچھتروں پر آیا ہو تو مل دھن کا نقصان اور تکلیف و رنج و پریشانی اٹھانی پڑے۔ چھاتی پر نہایت اچھا زر و مال ... لیکن کی زندگی بسر ... گاؤں کے پیروں میں کامیابی ہو۔ لیکن رنج و تکلیف اٹھانی پڑے۔

راس نچھتر و چرن معلوم کرنے کا نقشہ

راس	نچھتر	چرن ۱	چرن ۲	چرن ۳	چرن ۴
میکھ	اشونی	चू چو	चे چے	चो چو	ला لا
	بھرنی	ली لی	लू لو	ले لے	लो لو
	کرتکا	अ آ	..	..	..
برکھ	کرتکا	..	ई ای	उ او	ए اے
	روہنی	ओ او	वा وا	वी وی	वू وو
	مرگشرا	वे وے	वो وو	..	..
متھن	مرگشرا	..	..	का کا	की کی
	آردرا	कु کو	घ گھ	ङ ان	छ چھ
	پنروشو	के کے	को کو	हा ہا	..
کرک	پنروشو	ही ہی	..	..	..
	پکھ	हु ہو	हे ہے	हो ہو	डा ڈا
	اشلیکھا	डी ڈی	डू ڈو	डे ڈے	डो ڈو
سنگھ	مگھا	मा ما	मी می	मू مو	मे مے
	پوربا پھاگنی	मो مو	टा ٹا	टी ٹی	टू ٹو
	اترا پھاگنی	टे ٹے	..	..	..
کنیا	اترا پھاگنی	..	टो ٹو	पा پا	पी پی
	ہست	पू پو	ष کھ	ण ن	ठ ٹھ
	چترا	पे پے	पो پو	..	..
تلا	چترا	..	..	रा را	री ری
	سواتی	रू رو	रे رے	रो رو	ता تا
	وشاکھا	ती تی	तू تو	ते تے	..
برشچک	وشاکھا	..	..	..	तो تو
	انورادھا	ना نا	नी نی	नू نو	ने نے
	جیشٹھا	नो نو	या یا	यी یی	यू یو
دھن	مولا	ये یے	यो یو	भा بھا	भी بھی
	پورباکھاڑ	भू بھو	धा دھا	फा پھا	ढा ڈھا
	اتراکھاڑ	भे بھے	..	..	..
مکر	اتراکھاڑ	..	भो بھو	जा جا	जी جی
	ابھجت	जू جو	जे جے	जो جو	खा کھا
	شرون	खी کھی	खू کھو	खे کھے	खो کھو
	دھنشٹھا	गा گا	गी گی	..	..
کنبھ	〃	..	..	गू گو	गे گے
	ست بھکھا	गो گو	सा سا	सी سی	सू سو
	پوربا بھادرپد	से سے	सो سو	दा دا	..
مین	〃	..	..	..	दी دی
	اترا 〃	दू دو	थ تھ	झ جھ	ञ ان
	ریوتی	दे دے	दो دو	चा چا	ची چی

نام کا پہلا حرف دیکھو جس خانہ میں ملے اس کا نام دائیں طرف ساتھ لکھا ہے میں نچھتر اور اس کا چرن لکھا ہے (۲) مکان کی تعمیر کرنے، دکانی، نوکری و بیوپار کرنے دھن کے منتر کے موقع پر نام راس دیکھی جاتی ہے ... راس میں جو وہ جنم راس کہلاتی ہے۔ شادی سادھ کے گوچرا اور کوئی شبھ کام کرنے کے وقت جنم راس دیکھی جاتی ہے۔ نوٹ:- اگر کسی کی جنم راس نہ ملے تو نام راس سے کام لیا جاوے۔

وار:- ایک دن سورج طلوع ہونے سے کر اگلے دن سورج طلوع ہونے تک کے وقت کو وار کہتے ہیں۔

وار	کرنے لائق کام	شدی سرفاریتہ سدھی یوگ	منوس یوگ	ترپوگ	خراب تتھیاں	نچھتر
اتوار	گدی نشینی. جلسہ سواری. راج سیوا کا کام. بیل خریدنا بیچنا. ہون یگیہ منتر. اوپدیش لینا دینا. دوائی لینی. دینی. چاندی سونا تانبہ. اون. روئی. لکڑی. جنگ کے سامان کا بیوپار.	ہست. مولا. تینوں اترا پشیہ اشونی	ہست نچھتر اور پنچمی تتھ	نندا تتھی	۲-۶-۷ ۸-۱۰-۱۲ ۱۴	بھرنی مگھا
سوموار	چھتر دھرنا. گھاس. سنگ. کمبل. موتی. رودرپا. چونا. سرسنگ. گانا. یگیہ. کورس گانے. بھینس بھول پکڑا. زیورات وغیرہ کا کام.	شرون روہنی مرگشرا پشیہ. انورادھا	مرگشرا نچھتر اور چھٹھ	بھدرا تتھی	۴-۶-۸ ۹-۱۱-۱۲	چترا وشاکھا
منگلوار	جاسوسی. ہتھیار باندھنا. سنگرام. فوج تیاری یا فوج رکھنا. سونا. کان کی چیز بیچنی. دھاتو. مونگا. موتی نکالنا. بسا دینا وغیرہ کام.	اترا بھادرپد کرتکا اشلیکھا نچھتر یا جیا تتھی	اشونی نچھتر اور سپتمی تتھ	نندا تتھی ۱۰	۲-۴-۵ ۶-۷	آردرا اتراکھاڑ
بدھوار	عقلمندی. ودیا پڑھنا. کل کی دستکاری. ودیا سیکھنا. چھپنا. مصوری کرنا. دھاتو کو کشتہ بنانا. دوستوں کی محفل میں بیٹھنا. بھائی چارہ میں شامل ہونا. سیوا کرنا.	روہنی انورادھا ہست. کرتکا مرگشرا نچھتر یا بھدرا تتھی	نچھتر اور اشٹمی تتھ	جیا تتھی	۲-۳ ۴-۵ ۸-۹ اور ۱۲-۱۴	دھنشٹھا مولا
برہسپت وار	دھرم کاریہ کرنا. نوکرہ. پوجا. یگیہ. بھوجن. ودیا پڑھنا. گھر کے کام. پوشاک بدلنا. خریدنا بیچنا. رتھ. گھوڑا. دوائی. زیورات وغیرہ خریدنا.	ریوتی انورادھا	پشیہ نچھتر اور نومی تتھ	رکتا تتھی	۲-۶ ۸-۹ ۱۲-۱۴	کرتکا اترا پھاگنی
شکروار	عورت کا گانا. چارپائی بنانا. منی رتن سہاگ. خوشبو. پوشاک بدلنا. سنگار کرنا. بیوپار کرنا. گائے بھینس. روپیہ بچانا. کھیتی وغیرہ کے کام.	ریوتی. انورادھا. اشونی. شرون. پنروشو نچھتر یا نندا تتھی	ریوتی نچھتر دشمی تتھ	بھدرا	۴-۷ ۸-۹ ۱۰-۱۲ ۱۴	روہنی جیشٹھا
شنی وار	لوہا. تلوار. فولاد. گرز. بھالا وغیرہ ہتھیار بنانا. اس کی ودیا سیکھنا. ملازم رکھنا یا کھانا دینا. عرق نکالنا. اپنے گھر میں باس کرنا. ہاتھی خریدنا. بھینس لینا. اپدیش کرنا. چیکی چھت کا کام.	شرون. روہنی. سواتی نچھتر یا رکتا تتھی	روہنی	پورنا تتھی اور آٹھویں تتھ	۱-۲-۶ ۷-۸-۹ ۱۰-۱۱-۱۲ ۱۵	ہست ریوتی

کل پندرہ تتھیاں مندرجہ ذیل ۵ اقسام میں منقسم ہیں۔ ان میں کرنے کے لائق کام درج کرتے ہیں۔

نمبر شمار	نام تتھی	کرنے لائق کام
(۱) نندا	پروا چھٹ اکادشی	آنند کادہ کرم دیوتاؤں کی استھاپنا گرہست کاریہ۔ مکان بنانا۔ خریدنا۔ ناچ رنگ کرنا۔ گانا گوانا۔ پوجا پاٹ۔ یگیہ کرانا۔ کرشی بیوپار کرنا۔ سمبندھی کاریہ کرنا۔
(۲) بھدرا	دوج سپتی دوادشی	سنگار کرنا کرانا۔ زیورات پہنانا۔ گاڑی رتھ خریدنا۔ بنانا۔ راستہ درست کرنا۔ ستھری کرنا۔ بل بڑھانے والی کریا کرنا۔ نیا اناج لینا دینا۔ کھانا۔ گائے بیل بھینس خریدنا۔
(۳) جیا	تیج۔ اشٹمی تیرودشی	فوج رکھنا۔ فوج تیار کرنا۔ بھرتی کرنا۔ فوج کے سامان کی آراستگی کرنا۔ بیوپار کرنا کرانا۔ یدھ ودیا سیکھنا۔ ہتھیار بازی سیکھنا۔ فوج کشی کرنا۔
(۴) رکتا	چوتھ۔ نومی چودش	جنتر منتر کی سدھی کرنا۔ دشمن کرن۔ بیری انت سدھی کرنا۔ اور دوسرا کوئی کام نہیں کرنا چاہیے۔
(۵) پورنا	پنچمی دشمی پورنماشی	بیاہ سنسکار کرنا کرانا۔ شبھ کام کرنا۔ دوسرا مکان کاریہ کرنا۔ سگائی کرنا۔ مہمان یاترا کرنا۔ شانتی پاتا۔ یگیہ۔ ہون۔ برہم بھوج اور نام دھاری کی کرنا۔

بوقت ابتدائے بیماری چند خوفناک یوگ

جنم نچھتر۔ راشی۔ لگن میں یا راشی لگن سے آٹھویں چندرماں ہو۔
۱۔ اتوار مگھا نچھتر۔ دواد شی تتھ۔ ۳۔ ویروار شت بھکا نچھتر۔ چھٹ
۴۔ شکروار اشونی نچھتر۔ اشٹمی تتھ۔ ۵۔ سنیچروار۔ پوربا کھاڑ۔ نومی تتھ۔
۶۔ اتوار۔ بھرنی یا انورادھا۔ ۷۔ سوموار آردرا یا اترا کھاڑا۔
۸۔ منگلوار مگھا یا شت بھکھا۔ ۹۔ بدھوار اشونی یا وشاکھا۔
۱۰۔ ویروار جیشٹھا یا مرگشرا۔ ۱۱۔ شکروار شرون یا اشلیکھا۔
۱۲۔ سنیچروار ہست یا پوربا بھادرپد۔
۱۳۔ بھرنی۔ کرتکا۔ آردرا۔ اشلیکھا تینوں پوربا وشاکھا۔ جیشٹھا۔ دھنشٹھا۔ شت بھکھا۔ نچھتر ایت مشکل سنیچروار (۴-۶-۹-۱۲-۱۴) اماوس تتھ۔
۱۴۔ منگلوار کرتکا نچھتر۔ مبدا۔ (۱-۶-۱۲) تتھی۔
۱۵۔ بدھوار اشلیکھا نچھتر۔ بھدرا (۲-۷-۱۲) تتھی
۱۶۔ ویروار مگھا یا ہست نچھتر۔ جیا (۳-۸-۱۳) تتھی۔
۱۷۔ شکروار آردرا یا دھنشٹھا نچھتر۔ رکتا۔ (۴-۹-۱۴) تتھی۔
۱۸۔ سنیچروار بھرنی نچھتر۔ پورنا۔ (۵-۱۰-۱۵) تتھی ابتدائے بیماری میں خوفناک ہیں موت تو مارکیش کی دشا آئے بغیر نہیں واقع ہوتی۔ لیکن مندرجہ بالا خطرناک یوگ بوقت ابتدائے بیماری اگر ہوں۔ تو انسان کو یم راج کے درشن کرواکر ہی واپس لوٹاتے ہیں یعنی موت کا خطرہ پیدا کر دیتے ہیں۔ مہا مرتیونجے جپ سے کلیان ہوتا ہے۔

روگ ترنیاڑی چکر

ناڑی ۱	آردرا	پوربا پھاگنی	اترا پھاگنی	انورادھا	جیشٹھا	دھنشٹھا	شت بھکا	بھرنی	کرتکا
۲	پنربسو	مگھا	ہست	وشاکھا	مولا	شرون	پوربا بھادرپد	اشونی	روہنی
۳	پشیہ	اشلیکھا	چترا	سواتی	پوربا کھاڑ	اترا کھاڑ	اترا بھادرپد	ریوتی	مرگشرا

دیکھنے کا طریقہ سورج نچھتر۔ دن نچھتر اور جنم یا نام نچھتر۔ مندرجہ بالا چکر میں ایک ہی ناڑی پر ہوں۔ تو لا علاج مریض کی موت ہوتی ہے۔ مرنے کو ہو تو روزانہ دیکھنے سے جس دن یہ یوگ ملے اس دن بلاشبہ بیمار کی موت کہیں۔ یہ یوگ سفر اور لڑائی کے موقعہ پر بھی بتلاتے ہیں۔ کال کا منہ و داڑھ دن نچھتر سے نام نچھتر ۵-۱۴ یا ۲۳ واں ہو۔ تو کال کا منہ ہوتا ہے اسی طرح دسواں اٹھارواں نچھتر داڑھ ہوتی ہے۔ کال کے منہ و داڑھ میں جس دن گوچر میں نچھتر آجاوے اس دن بیمار انسان کی تحویل موت جیسی حالت ہوتی ہے۔ روگ بیماری کاٹنے یا لڑائی وغیرہ میں جانے پر یہ یوگ برا ہوتا ہے۔

نچھتر کشٹاولی

نچھتر	چرن ۱	چرن ۲	چرن ۳	چرن ۴	نام بیماری	دان
اشونی	۹	۱۱	۱۰	۴۸	نصف اعضا میں درد۔ بخار۔ بے چینی ۔	سونا۔ گھی۔ پانی کا گھڑا۔ برہمن بھوجن۔
بھرنی	۰	۸۰	۴۰	۱۱	سخت بخار سے کئی قسم کی تکالیف۔	کھانڈ۔ گھی۔ بکری۔ برہمن بھوجن۔
کرتکا	۰	۱۰	۱۶	۲۷	چشم روگ۔ سخت بخار۔	سونا۔ گائے۔
روہنی	۷	۱۰	۱۸	۳۰	۔ شول۔ زکام۔ گھبراہٹ۔	کالی گائے۔ سونا۔ لڑکیوں کو بھوجن
مرگشرا	۱۶	۱۷	۲۲	۲۱	سر درد۔ مختلف اعضا میں سخت درد	دہی۔ چاول۔ تل گائے۔
آردرا	۰	۱۸	۰	۰	بخار۔ کل اعضا میں درد۔	
پنربسو	۷	۱۴	۱۰	۳۰	بخار۔ درد کمر۔ سر درد۔	سونا پیتل۔ ۵ کنواری لڑکیوں کو بھوجن
پکھ	۷	۷	۲۰	۳۱	بخار۔ سول۔ بڑا بھاری کشٹ۔	تیل اور اناج۔
اشلیکھا	۰	۰	۱۴	۰	کل اعضا میں درد۔ بھاری کشٹ۔	کالی چیز۔ گائے۔ دیوی کی پوجا۔
مگھا	۱۵	۱۷	۷	۳۰	نصف اعضا میں درد۔ سر درد۔	تل۔ ماش۔ کالا کپڑا۔
پوربا پھاگنی	۰	۱۵	۰	۳۰	نصف اعضا میں درد۔ سر درد۔	ماش۔ دہی۔ سونا پیتل۔ گائے۔ برہمن بھوجن
اترا پھاگنی	۷	۱۴	۷	۶۰	شول و کوکھ میں درد۔ سر درد۔ بخار	سونا۔ چاندی۔ کپڑا۔ اناج۔
ہست	۱۵	۱۷	۱۵	۷	کل اعضا میں درد شول۔ اپھارہ	سونا۔ کپڑا۔ دودھ۔
چترا	۱۱	۹	۸	۱۶	کئی قسم کے روگ۔ بھاری کشٹ	تل۔ گڑ۔ چھایا پاتر۔ دودھ
سواتی	۱۷	۲۵	۵	۵	کئی قسم کی بیماریاں۔	سونا۔ لال گائے۔ پکوان بھوجن۔
وشاکھا	۱۵	۴	۱۲	۱۱	کل جوڑوں میں درد۔	لال پیلا کپڑا۔ چھایا پاتر۔ لڑکی کو بھوجن
انورادھا	۶۰	۱۲	۲۶	۳۰	سخت بخار۔	اناج۔ سونا۔ چھایا پاتر۔ گائے کا گھی
جیشٹھا	۹	۵	۱۹	۶۴	جسم میں گرمی۔ جسم کانپے۔ گھبراہٹ	نیلا کپڑا۔ سونا۔ پیتل۔
مولا	۱	۱۹	۱۵	۱۱	من کی بیماری۔ دل میں بڑا خوف ہو	سونا۔ کپڑا۔ چاندی۔ لڑکی کو بھوجن
پوربا کھاڑ	۷	۱۵	۴۴	۱۰	کئی قسم کی بیماری۔ سر درد۔	کپڑا۔ چاول۔ تل۔ گائے۔ ۳ گھڑے
اترا کھاڑ	۳۰	۴۰	۳۰	۱۶	درد کمر۔ شول۔	سونا۔ برہمن بھوجن۔
شرون	۶۰	۴۴	۶	۹	گرمی۔ بلغم۔ بادی۔ جوڑوں میں درد اپھارہ	سونا۔ گائے۔ ناریل۔
دھنشٹھا	۱۵	۲	۴۰	۲۱	پیشاب۔ بخار۔ تشنج۔ جسم کانپے۔	
شت بھکا	۰	۴	۲	۳۲	پانی کی بیماری۔ جسم کو کشٹ۔	سونا۔ تل۔ چھایا پاتر۔ لڑکی کی پوجا۔
پوربا بھادرپد	۰	۱۲	۲۱	۹	جوڑوں میں درد۔ گھبراہٹ۔ قے	سونا۔ چاندی۔ کپڑا سفید۔ اناج۔
اترا بھادرپد	۵	۶	۹	۱۸	بخار۔ اسہال (عورت کو زخم کی بیماری)	سونا۔ چاندی۔ تل۔ کالا کپڑا۔ بھوجن
ریوتی	۸	۱۰	۹	۳۰	بادی۔ گرمی طاپ بخار۔ بھرم شول۔	پیتل۔ چاندی۔ کپڑا۔ چھایا پاتر۔

ناقص گرہوں (ستارگان) کا دان جپ وغیرہ

نام ستارہ	تفصیلی دان اشیاء											دان	وقت دان	منتر جو جپنا چاہیئے	تعداد منتر
سورج	مانک	سونا	تانبا	گندم	گڑ	گھی	سرخ کپڑا	سرخ پھول	کیسر	مونگا	لال گئو	سرخ چندن	بوقت طلوع آفتاب	اوم۔ ہرانگ۔ ہرینگ۔ ہرو۔ سواہا۔ سوریہ نمہ	سات ہزار
چندرما	موتی	〃	چاندی	چاول	مصری	دہی	سفید کپڑا	سفید پھول	سنکھ	مشک کافور	سفید بیل	سفید چندن	بوقت شام	اوم۔ شرانگ۔ شرینگ۔ شرو۔ سواہا۔ چندرماں نمہ	گیارہ ہزار
منگل	مونگا	〃	تانبا	مسور	گڑ	گھی	سرخ کپڑا	لال کنیر کے پھول	کیسر	کستوری	سرخ بیل	سرخ چندن	دو گھڑی سورج چڑھنے پر	اوم۔ کرانگ۔ کرینگ۔ کرو۔ سواہا۔ منگل نمہ	دس ہزار
بدھ	پنا	〃	کانسی	مونگی	کھانڈ	〃	ہرے کپڑے	ہر قسم کے پھول	ہاتھی دانت	مشک کافور	ہتھیار	موسمی میوہ	۵ گھڑی سورج غروب سے پہلے	اوم۔ برانگ۔ برینگ۔ برو۔ سواہا۔ بدھ نمہ	انیس ہزار
برہسپتی	پکھراج	〃	〃	دال چنا	〃	〃	زرد کپڑے	زرد پھول	ہلدی	دھرم کی کتاب	گھوڑا	زرد میوہ	بوقت شام	اوم۔ گرانگ۔ گرینگ۔ گرو۔ سواہا۔ برہسپت نمہ	انیس ہزار
شکر	ہیرا	〃	چاندی	چاول	مصری	دودھ	سفید کپڑا	سفید پھول	عطر	دہی	سفید 〃	سفید چندن	بوقت طلوع آفتاب	اوم۔ درانگ۔ درینگ۔ درو۔ سواہا۔ شکر نمہ	سولہ ہزار
سنیچر	نیلم	〃	لوہا	اڑد	کلتھی	تیل	کالا کپڑا	کالے پھول	کستوری	کالی گئو	بھینس	بکری جوڑا	ٹھیک دوپہر	اوم۔ پرانگ۔ پرینگ۔ پرو۔ سواہا۔ سنیچر نمہ	تئیس ہزار
راہو	گلمید	〃	سکہ سیسہ	تل	سرسوں	〃	نیلا کپڑا	سیاہ پھول	چاقو تیز	کمبل سیاہ	گھوڑا	بچھے	بوقت آدھی رات	اوم۔ بھرام۔ بھریم۔ بھروم۔ سواہا راہو نمہ	اٹھارہ ہزار
کیتو	〃	〃	لوہا	〃	〃	〃	دو رنگا کپڑا	دو رنگے پھول	ناریل	کمبل	بکرا	ہتھیار	بوقت آدھی رات	اوم۔ شرانگ۔ شرینگ۔ شرو۔ سواہا کیتو نمہ	سترا ہزار
مشترکہ	موتی	چاندی	کانسی	چاول	سونا	گھی	سفید کپڑا	سفید 〃	مشک کافور	مصری	سفید چندن	ہاتھی دانت	جس ستارہ کے گھر میں منتھا آوے۔ اسی کے مطابق اسی منتر کا اسی تعداد میں جپ کرنا چاہیئے۔ مثلاً سورج کے گھر میں تو سورج کا وغیرہ وغیرہ		

ارشاد۔ حسب حیثیت مفلس کو مندرجہ بالا دان میں سے جو چیز ملے اسی کے دان کرنے سے گرہ کا برا اثر جاتا رہے گا۔
کنڈلی کے خانہ جات (۶-۸-۱۲) میں بیٹھا گرہ عموماً ناقص گنا جاتا ہے۔

گرہ پیڑا میں بیمار اشنان کروانے لائق اشیاء

سورج	من شل۔ الائچی۔ دیودار۔ لال کیسر۔ خس خس۔ ملیٹھی۔ لال پھول	چاند	پنچ گویا۔ گج مد۔ سنکھ۔ سیپی۔ سفید چندن۔ پھٹکڑی۔
منگل	بلوچھال۔ لال چندن۔ دھنیا۔ لال پھول۔ شنگرف۔ مالکنگنی۔ مولسری	بدھ	گوبر۔ چاول۔ پھول۔ گوروچن۔ شہد۔ موتی۔ سونا۔
برہسپتی	مالتی پھول۔ سفید۔ سرسوں۔ ملیٹھی۔ شہد۔ موتی۔ سونا۔	شکر	الائچی۔ من شلا۔ سورکش جٹا۔ کیسر۔
سنیچر	کالے تل۔ سرمہ۔ لوبان۔ دھنیا۔ سونف۔ مترال۔ کھلاں۔	راہو۔ کیتو	لوبان۔ جل پتر۔ ستھران۔ گج دانت ان کے علاوہ راہو کی کستوری۔ کیتو کا چھاگ موتر۔

سب گرہوں کے دوش دور کرنے کے لئے ... اشنان کروانا چاہیئے۔
سات اناج ۱۔ اڑد ۲۔ مونگی ۳۔ گیہوں ۴۔ چنے (چھولے) ۵۔ جو ۶۔ چاول ۷۔ کنگنی۔

گھر کو خوشحال بنانے والے مویشی

مہرشی پراشر نے جوگیان اپنے چیلے برہدرتھ کو دیا تھا۔ وہ ہم مختصراً درج کرتے ہیں۔

۱۔ گائے

سبھی گائے شبھ لکشن ہوتی ہیں تو بھی شاستر میں اُن کے نیک و بد لکشن بتائے گئے ہیں۔ جیسے جن گائیوں کی آنکھیں آنسوؤں سے بھری ہوں گدلی ہوں دکھی ہوں چوہے جیسی ہوں۔ وہ اچھی نہیں ہوتی جنکے سینگ ہلتے ہوں چپٹے ہوں جنکا رنگ کالا لال ملا ہوا یا گدھے کیطرح ہو۔ جنکے منہ میں دس سات یا چار دانت ہوں جنکا منہ لمبا بغیر سینگ کا ہو۔ جنکی پیٹھ جھکی ہوئی ہو۔ جنکی گردن چھوٹی اور موٹی ہو۔ جنکا درمیانی حصہ جَو کی طرح درمیان سے بہت موٹا ہو۔ جنکے کھر بہت پھٹ رہے ہوں جنکی تا بھی کالے رنگ کی بہت لمبی ہو جنکے گلے بہت چھوٹے یا بہت بڑے ہوں۔ جنکا تھوہی (دہن)، بہت اُونچا ہو جو سدا کرز در رہے جنکا کوئی رنگ نہ ہو۔ وہ شبھ نہیں ہوتیں

۲۔ بیل

مندرجہ ذیل لکشنوں والا بیل بھی اچھا نہیں ہوتی۔ علاوہ ازیں جن کے تالو موٹے یا بہت لمبے ہوں۔ جنکی چھاتی اور گالوں پر موٹی نسیں اُبھری ہوں جنکی آنکھوں سے تو آنسو ٹپکیں اور ساتھ ہی پیشاب گرے جنکا نیلا لال رنگ ہو جنکے بلے سریکھے چشم ہوں وہ برہمن کو بھی رکھنے اچھے نہیں باقی ورنوں کی تو بات کیا۔ جنکے ہونٹ تالو زبان کالے ہوں۔ مگر آلہ تناسل کا اگلا حصہ اور سینگ موٹے ہوں۔ بینہ ننگا پیٹ اور باقی شریر کا سفید ہو ایسے بیل باقی ساتھیوں کا ناش کرتے ہیں۔ جنکے جسم پر کالے پھول پڑے ہوں اور بلی سریکھی آنکھیں ہوں اور بوجھ پیچھے جوڑا ہوا ایسے پاؤں ٹھاوے جیسے کیچڑ میں پھنسے ہوں جنکی گردن دُبلی ہو آنکھیں کنیری ہوں۔ پیٹھ چھوٹی یا دبی ہوئی کہو وہ بوجھ اُٹھا نہیں سکتے۔ موٹے خوبصورت تانبے رنگ کے ہوں۔ چھوٹی کوہان تانبے رنگے کی تان و تالو پتلے اُونچے کان مندر پیٹ تا بھی جنکا تانبے رنگ ملے ہوئے کھر سخت چھاتی بڑی کوہان جنکے ملائم بکے بال اور چمڑی۔ تانبے رنگ سینگ اور پتلی زمین تک پونچھ۔ آنکھوں کے کونے لال۔ گہرا سانس لیں مانند شیر کندھے پتلی رسی گلے میں سجا کر۔ سندر چال دائیں جانب بائیں طرف گھومی ہوئی بھوریاں ٹانگیں مینڈھے کی ٹانگوں سریکھی ہو۔ ایسے بیل شبھ ہوتے ہیں۔ یدوریہ منی سریکھے نواری پھول سریکھے چشم آنکھوں کے باہر چاروں طرف سفید لکیر۔ پانی کے بلبلے سریکھے موٹے چشم و جسم۔ کھر کا پچھلا حصہ چھوٹا نہ ہو۔ ناک میں بل پڑے سریکھا منہ داہنا حصہ سفید نیل کمل یا لاکھ سریکھی چمک۔ اچھی پونچھ۔ لمبے تالو۔ مینڈھے کا سا پیٹ چھاتی ور چوڑے تنگ سفید رنگ تانبے جیسے سینگ و آنکھیں۔ بڑا منہ بیل کو ہنس کہتے ہیں بڑا شُبھ ہے۔ پونچھ زمین کو چھوئے۔ تانبے رنگ سینگ سُرخ آنکھیں کوہان چاروں پاؤں سفید بیل رکھنے والے کو دولت مند بنا دیتا ہے۔

۳۔ کُتّا

جس کُتّے کے تین پاؤں میں پانچ پانچ ناخن ہوں اور آگے کے داہنے پاؤں میں چھ ناخن ہوں۔ ہونٹ اور نتھنے کا اگلا حصہ تانبے کی طرح سُرخ رنگا ہوا ہو۔ شیر کی طرح چال زمین کو سُونگھتا ہوا چلے۔ پونچھ بہت بالوں سے بہت گھری ہو۔ ریچھ کی سی آنکھیں دونوں کان لمبے اور ملائم ہوں ایسا کتا اپنے مالک کی گھر کی لکشمی بڑھاتا ہے۔

۴۔ کُتیا

جس کُتیا کے تینی پاؤں میں پانچ پانچ ناخن ہوں۔ اور اگلے بائیں پاؤں میں چھ ناخن ہوں جس کی آنکھوں کے باہر مالتی پھول کی طرح سفید ریکھا ہو پونچھ ٹیڑھی ہو۔ پنگل رنگ ہوں۔ لمبے کان ہوں۔ ایسی کُتیا اپنے مالک کے راج کی رکشا کرتی ہے۔

۵۔ گھوڑا

گردن آنکھیں لمبی۔ کمر چھاتی چوڑی۔ تالو ہونٹ زبان تانبے رنگی۔ چمڑی ساتھے اور دُم کے بال باریک۔ سُم۔ چال رنگ خنک مستدز۔ کان ہونٹ دُم چھوٹے۔ جانگھ گھٹنے والا گول۔ برابر سفید دانت والا گھوڑا دشمن کا ناش کرتا ہے۔ ٹھوڑی گال منہ نابھی۔ کنپٹی۔ کمر۔ پیٹ۔ گھٹنے پتالو کہن گدا۔ ذایئں کوکھ پاؤں میں بھوریاں خراب اور اوپر کے ہونٹ کان پیٹھ۔ آنکھ کے اوپر دسوں دھر وزن پر۔ پچھلا حصہ اگلے پا ہو۔ بائیں کوکھ اور ماتھے میں بھوریاں اچھی ہیں۔ انتوں کی قطاروں میں درمیان کے دو دانت سدنش۔ سدنش کے دونوں جانب ایک ایک دانت۔ مدھیوں کے دونوں طرف ایک ایک دانت انیتہ کہلاتا ہے۔ دونوں داہڑوں کے درمیان کے چھ ہی دانت سفید رنگے ہوں تو ایک برس کا۔ کالے لال رنگے ہوں تو دو برس کا۔ سدنش گرکر پھر جمتے ہوں تو تین برس کا۔ مدھیہ جمیں تو چار برس کا انیتہ جمیں تو پانچ برس کا۔ کالے داغ سدنشوں پر ہوں تو چھ برس۔ مدھیوں پر ہوں تو سات برس۔ انیتوں پر ہوں تو آٹھ برس کا۔ نیلے داغ ہوں تو ترتیب وار نو۔ دس۔ گیارہ۔ سفید داغ ہوں تو تو بارہ تیرہ۔ چودہ۔ کانچ رنگے ہوں تو پندرہ سولہ سترہ۔ شہد رنگے ہوں تو ۱۸ ۲۰۔ سنکھ رنگے ہوں تو ۲۱، ۲۲، ۲۳ برس کا۔ سدنش وغیرہ پر چھدرہ ہونے سے ۲۴، ۲۵، ۲۶ برس [illegible] ۳۰ برس کا گھوڑا جاننا۔

نقشہ تنخواہ یومیہ

کل یوم ماہ	۲۸ یوم			۳۰ یوم			۳۱ یوم		
مقدار تنخواہ	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی
1 روپیہ	0	0	0	0	0	6	0	0	6
2 //	0	1	2	0	1	1	0	1	0
3 //	0	1	9	0	1	7	0	1	7
4 //	0	2	3	0	2	2	0	2	1
5 //	0	2	10	0	2	8	0	2	7
6 //	0	3	5	0	3	2	0	3	1
7 //	0	4	0	0	3	9	0	3	7
8 //	0	4	7	0	4	3	0	4	2
9 //	0	5	2	0	4	10	0	4	8
10 //	0	5	9	0	5	4	0	5	2
11 //	0	6	3	0	5	10	0	5	8
12 //	0	6	10	0	6	5	0	6	2
13 //	0	7	5	0	6	11	0	6	9
14 //	0	8	0	0	7	6	0	7	3
15 //	0	8	7	0	8	0	0	7	9
16 //	0	9	2	0	8	6	0	8	3
17 //	0	9	9	0	9	1	0	8	9
18 //	0	10	3	0	9	7	0	9	3
19 //	0	10	10	0	10	2	0	9	10
20 //	0	11	5	0	10	8	0	10	5
21 //	0	12	0	0	11	2	0	10	10
22 //	0	12	7	0	11	8	0	11	4
23 //	0	13	2	0	12	3	0	11	10
24 //	0	13	9	0	12	9	0	12	5
25 //	0	14	3	0	13	4	0	12	11
26 //	0	14	8	0	13	10	0	13	5
27 //	0	15	0	0	14	5	0	13	11
28 //	1	0	0	0	14	11	0	14	5
29 //	1	0	7	0	15	5	0	15	0
30 //	1	1	2	1	0	0	0	15	6
31 //	1	1	9	1	0	6	1	0	0
32 //	1	2	3	1	1	1	1	0	6
33 //	1	2	10	1	1	7	1	1	0
34 //	1	3	5	1	2	2	1	1	7
35 //	1	4	0	1	2	8	1	2	1
36 //	1	4	7	1	3	2	1	2	7
37 //	1	5	2	1	3	9	1	3	1
38 //	1	5	9	1	4	3	1	3	7
39 //	1	6	3	1	4	1	1	4	2
40 //	1	6	10	1	5	4	1	4	8
45 //	1	9	9	1	8	0	1	7	3
[illegible]	1	12	7	1	10	8	1	9	10
55 //	1	15	5	1	13	4	1	12	3
65 //	2	10	10	2	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

پرسوتی لگن وچار

گرد ارض کے گرد و نواح بارہ برُج یعنی راشیاں گردش کرتی رہتی ہیں۔ اور جونسی راشی کا بوقت پیدائش مشرقی اُفق پر ظہور ہو۔ وہی راس لگن کہلاتی ہے۔ راشیوں کے جیسے عادات و خصائل اور رنگ و روپ ہوتے ہیں۔ ان کا ویسا ہی عکس انسان پر پڑتا ہے۔ لگن کی راشی بوقت پیدائش خصوصیت سے اپنا اثر ڈالتی ہے۔ نقشہ لگن سے لگن دریافت کریں۔ اگر بوجہ عدم موجودگی گھڑی وغیرہ لگن میں شک ہو تو مندرجہ ذیل راس وغیرہ کے اوصاف سے حسبِ حالات پیدائش و خط و خال بچہ کا مقابلہ کر کے لگن کی صحت کر لیں۔ بوجہ طاقت و کمزوری لگن اوصاف کم و بیش ہو جاتے ہیں۔ پھر بھی جس لگن کے زیادہ اوصاف ملیں وہی لگن سمجھنا۔

میکھ لگن زچہ خانہ پرانا دروازہ مکان و والدہ کا منہ مشرق کو۔ پارچات کا رنگ سرخ۔ زیورات طلائی ہوں۔ قبل از پیدائش مٹھائی کھائی ہو زیادہ تکلیف ہے پیدائش بچہ زمین پر۔ پہلے پاؤں باہر نکلیں بچہ بعد از پیدائش بکثرت روئے۔ نزد زچہ ایک یا تین مستورات ہوں۔ چراغ کو حرکت دی جاوے۔ بچے کا منہ قدرے سیاہی مائل آنکھیں بلی کی مانند۔ تاثیر بلغمی۔ پست قد جسم مضبوط۔ زبان تیز ہو۔ ۴-۱۱-۱۲-۴۴-۵۸ سال میں تکالیف کا سامنا ہو۔

برکھ لگن والدہ کا منہ جانب۔ زچہ خانہ۔ نیا دروازہ جانب جنوب ہو۔ پارچات والدہ سفید۔ زیورات نقرئی ہوں۔ والدہ نے خشک خوراک مثلاً ساگ وغیرہ کھایا ہو۔ پہلے پاؤں باہر نکلیں بچہ باآواز بلند روئے۔ نزد زچہ تین یا چار مستورات۔ چراغ جانب شمال رکھا ہو۔ بچہ کا رنگ گورا۔ خوبصورت ہو تاثیر گرم ہو۔ ۱-۲-۸-۳۰-۴۴-۶۱ سالوں میں تکالیف ہوں۔

متھن لگن والدہ کا منہ دروازہ مکان جانب غروب ہو۔ مکان نیا ہو۔ والدہ کے پارچات برنگ زرد۔ پرانے زیورات طلائی ہوں۔ قبل از پیدائش نمکین غذا کھائی ہو۔ والدہ کے دائیں جزو جسم پر کوئی داغ ہو۔ پیدائش بالائی چھت پر۔ پہلے سر باہر نکلے۔ بچہ باآواز بلند روئے۔ زچہ کے پاس تین یا پانچ مستورات ہوں۔ پستانوں میں دودھ کم ہو۔ چراغ کو حرکت دی جائے۔ بچہ کی آنکھوں میں تکلیف۔ تاثیر بلغمی۔ عادات پھرتیلا۔ قوتِ ہاضمہ کم۔ لاثانی عقل رکھنے والا ہو۔ والدہ کو قدرے بخار۔ سالہائے تکلیف ۴-۱-۱۴-۲۸-۵۸-

کرک لگن والدہ کا منہ و دروازہ مکان جانب شمال ہو۔ مکان نیا ہو۔ پارچات برنگ سفید یا سرخ اور پرانے زیورات نقرئی ہوں۔ والدہ مبتلائے مصیبت ہو۔ بوقت پیدائش والدہ کو تکلیف بکثرت ہو۔ والدہ نے لذیذ شیریں خوراک کھائی ہو پیدائش زمین پر ہو پہلے پاؤں باہر نکلیں۔ بچے کے رونے کی آواز بلند ہو۔ زچہ کے پاس چار یا پانچ مستورات۔ بچے کے بائیں جز جسم میں کوئی داغ ہو چراغ کو حرکت دی جائے۔ بچہ کا جسم فربہ۔ آنکھیں تیز۔ تاثیر بلغمی۔ رنگ گورا۔ قد لمبا۔ جسم ملائم۔ سالہائے تکلیف ۵-۲۵-۴۰-۴۸-۶۲-

سنگھ لگن والدہ کا منہ و دروازہ مکان جانب مشرق۔ مکان نیا ہو۔ پارچات والدہ برنگ سرخ یا مختلف رنگوں کے۔ زیورات طلائی ہوں۔ خوراک کے ساتھ کھٹائی کھائی ہو۔ پیدائش زمین پر۔ بچہ باآوازِ بلند روئے۔ نزد زچہ تین یا پانچ مستورات ہوں۔ چراغ اپنی جگہ موجود رہے۔ بچہ کی پُشت پر کوئی داغ ہو۔ سر کے بال گھنے۔ ناک لمبی۔ قد پست جسم ملائم رنگ گورا مستقل مزاج۔ پھرتیلا۔ سخت دل۔ تاثیر گرم بلغمی ہو۔ سالہائے تکلیف ۵-۱۳-۲۸-۳۶-۴۸ ہیں۔

کنیا لگن والدہ کا سر جانب شمال ہو۔ زچہ خانہ جانب جنوب ہو۔ والد گھر میں موجود نہ ہو۔ والدہ کے پارچات پرانے برنگ سرخ۔ شیریں بھوجن کیا ہو۔ بالائی چھت پر پیدائش ہو۔ بچہ کم روئے۔ نزد زچہ چار یا پانچ مستورات۔ والدہ کے زیورات معمولی۔ چراغ بار ہا اٹھایا جائے۔ بچہ کا رنگ گورا۔ گلے اور ٹانگ میں کوئی داغ ہو۔ سالہائے تکلیف ۴-۱۶-۳۶-۵۵-

تُلا لگن والد مصیبت میں مبتلا۔ والدہ کے زیورات معمولی۔ تکلیف زچگی زیادہ۔ پارچات والدہ معمولی اور سفید رنگ کے ہوں۔ والدہ کا منہ و زچہ خانہ جانب غروب ہو۔ مکان کا کچھ حصہ نیا ہو۔ زچہ کے پاس تین یا پانچ مستورات۔ چراغ اٹھایا جائے۔ بچہ کا معمولی۔ قبل از پیدائش والدہ نے کچھ کھا کر سرد پانی نوش کیا ہو۔ پیدائش زمین پر ہو۔ بچہ باآواز مدھم روئے۔ سالہائے تکلیف ۸-۱۵-۳۱-۳۵-۶۲-۶۴-

برسچک لگن رنگ زردی مائل۔ بدن پر پھوڑے پھنسی ہوں۔ مکان پرانا ہو۔ والدہ کا منہ دروازہ مکان جانب شمال ہو۔ پارچات کا رنگ سرخ۔ تکلیف بکثرت ہو۔ کھانا معمولی کھایا ہو۔ زیورات طلائی۔ زمین پر پیدائش۔ بچہ نیم آواز سے روئے۔ نزد زچہ چار یا پانچ مستورات ہوں۔ والد مصیبت میں مبتلا۔ بچے کے بال لمبے اور سنہری۔ پشت پر کوئی داغ۔ گلے میں درد۔ رنگ گورا۔ تاثیر گرم ہو۔ سالہائے تکلیف ۱۱-۲۸-۳۸-۵۲-۶۲-

دھن لگن والدہ کا منہ و دروازہ مکان جانب مشرق ہو۔ زچہ خانہ جانب جنوب۔ مکان نیا۔ والدہ کے پارچات برنگ سرخ یا زرد۔ زیورات طلائی یا نقرئی۔ پکوان کھا کر پانی پیا ہو۔ پیدائش بالائی چھت پر ہو۔ بچہ باآواز بلند روئے۔ نزد زچہ ایک یا پانچ مستورات۔ چراغ اٹھایا گیا۔ بچے کا رنگ گورا شکل خوبصورت۔ آنکھیں وسیع۔ سر اونچا سینہ پر داغ۔ سالہائے تکلیف ۲-۱۰-۱۸-۳۱-۳۷-۴۲-

مکر لگن والدہ کا منہ و دروازہ مکان جانب جنوب ہو۔ مکان پرانا۔ زچہ خانہ جانب غروب ہو۔ والدہ کے پارچات پرانے اور میلے۔ زیورات معمولی۔ خشک ساگ وغیرہ کھا کر سرد پانی پیا ہو۔ چراغ اٹھایا جائے۔ بچہ کی پیدائش زمین پر ہو۔ کچھ دیر بعد بچہ نیم آواز سے روئے۔ نزد زچہ دو یا پانچ مستورات۔ بچے کے بال گھنے۔ ناک موٹی۔ ماتھا اونچا۔ رنگ سیاہی مائل ہو۔ سالہائے تکلیف ۵-۱۳-۲۷-۳۶-۵۷-۶۲-۸۷-

کُنبھ لگن والدہ کا منہ و زچہ خانہ جانب غروب ہو۔ مکان پرانا۔ دروازہ جانب مشرق یا شمال ہو۔ والدہ کے پارچات کالے، پرانے و میلے ہوں۔ کمبل اوڑھا ہو۔ زیورات معمولی ہوں۔ قبل از پیدائش والدہ نے کسیلی اور چٹ پٹی چیز کھائی ہو۔ والد گھر میں موجود نہ ہو۔ چراغ جانب غرب۔ پیدائش زمین پر۔ بچہ دیر کے بعد روئے۔ زچہ کے پاس تین یا چار مستورات۔ بچے کے ہونٹ موٹے۔ ماتھا لمبا۔ قد پست۔ آنکھوں میں تکلیف۔ سالہائے تکلیف ۲-۲۸-۳۳-۴۸-۶۴-

مین لگن والدہ کا منہ و زچہ خانہ جانب شمال۔ مکان کا کچھ حصہ پرانا ہو۔ دروازہ جانب جنوب۔ والدہ کے پارچات میلے زرد رنگ کے۔ والد گھر پر۔ بچہ کی پیدائش بالائی چھت پر۔ بچہ کچھ دیر کے بعد روئے۔ والدہ نے سرد پانی پیا ہو۔ چراغ اٹھایا جائے۔ زچہ کے پاس پہلے دو بعد میں تین یا پانچ مستورات۔ پلنگ کا پایہ شکستہ۔ بچہ کا رنگ گورا۔ ناک چپٹی۔ آنکھیں مانند بلی کے۔ سر اونچا۔ بال سنہری۔ تاثیر بلغمی ہو۔ سالہائے تکلیف ۱-۸-۱۳-۱۶-۴۸-

زچہ خانہ کا دروازہ کوئی طاقتور گرہ کیندر میں ہو تو اس گرہ کی سمت کو گھر کا دروازہ ہوگا۔ مثلاً اگر سورج طاقتور ہو تو مشرق کی طرف شُکر ہو تو گوشہ جنوب مشرق میں۔ منگل ہو تو جنوب میں۔ راہو ہو تو گوشہ جنوب مغرب میں۔ چندرما ہو تو گوشہ شمال مغرب میں۔ سنیچر ہو تو مغرب میں۔ بُدھ ہو تو شمال کی طرف۔ برہسپت طاقتور ہو تو گوشہ شمال مشرق میں گھر کا دروازہ ہوگا۔ لیکن اگر کیندر میں کوئی گرہ نہ ہو۔ تو پھر لگن سے ہی گھر کا دروازہ خیال کرو۔

عورتوں کی تعداد جنم لگن اور چندرماں کے درمیان جتنے گرہ ہوں اتنی عورتیں بوقت پیدائش گھر میں ہوں گی۔ اگر چندرماں ساتویں سے بارھویں خانہ تک کہیں ہو تو لگن اور ... خانہ کے درمیان جتنے گرہ ہوں اتنی ہی عورتیں اس وقت موجود ہوں گی۔ اگر ان خانوں میں کوئی گرہ اپنے اوچ میں ہو یا وکری حالت میں ہو تو ... عورتیں شمار میں لاؤ ... ہو۔ اگر اپنی راس کا یا اپنے ورگشکان یا اپنے نوانش کا ہو تو دو چند جانو۔ اگر ... راس کا ...

جنم کنڈلی کے حالات اور گنڈ مول نچھتر وغیرہ

جنم کنڈلی کے کس خانہ سے کیا کچھ دیکھنا چاہیئے۔

اخراجات ۔ قید ۔ دھن ۔ دولت ۔ جواہرات ۔ والد ۔ استاد ۔ مالک ۔ روزگار ۔ عورت ۔ بھائی ۔ دوست ۔ فائدہ ۔ تیرتھ یاترا

خانہ جات ۱، ۴، ۷، ۱۰ کو اُپچے ۵، ۹ کو ترکون ۳، ۶، ۱۰، ۱۱ کو کنبد کہتے ہیں۔ خانہ جات ۲، ۵، ۸، ۱۱ کو پنپھر ۳، ۶، ۹، ۱۲ کو آپو کلم اور ۶، ۸، ۱۲ کو ترک کہتے ہیں پاپ گرہ۔ (سُورج رتھن چندر منگل سنیچر راہو، کیتو) خانوں میں عُمر بڑھاتے ہیں اور اچھے ہوتے ہیں۔ شبھ گرہ (جوان، چاند، بُدھ، برہسپتی اور شکر) خانوں کو چھوڑ کر باقیوں میں اپنا اثر نیک ظاہر کرتے ہیں۔

جنم کنڈلی میں چھٹے گھر کا مالک ہمراہ بُدھ سیارہ لگن یا آٹھویں گھر میں پڑا ہو تو جسم آلود میں یا سر پر زخم کا نشان ہوگا، سُورج چھٹے کا مالک ہو یا ہمراہ مالک خانہ ششم پڑا ہو تو سر میں چندرماں ہو تو مُنہ پر منگل ہو تو گلے میں بُدھ ہو تو چھاتی پر برہسپت ہو تو ناف میں شکر ہو تو آنکھ میں سنیچر ہو تو پاؤں میں اگر راہو کیتو ساتھ ہوں تو جسم کے زیریں حصہ میں پھوڑے کا نشان ۔

سیارگان کا ایک راشی قیام وقت اور پھل وغیرہ کا

نام سیارگان	ایک راشی کا قیام وقت	پھل کب دے گا آگے یا پیچھے	اگلی راشی میں قیام سے کتنے عرصہ پیشتر پھل
سُورج	ایک ماہ	راشی کے شروع میں	پانچ دن
چاند	سوا دو دن	آخر میں	تین گھڑی
منگل	۱½ ماہ	راشی کے شروع میں	آٹھ دن
بُدھ	ایک ماہ	ہمیشہ	سات دن
برہسپتی	بارہ ماہ	درمیان میں	۲ ماہ
شکر	ایک ماہ		سات دن
سنیچر	۳۰ ماہ یا ۲½ سال	آخر میں	۶ ماہ
راہو کیتو	۸ ماہ	”	تین تین ماہ

دو شخصوں میں دوستی رہیگی یا دشمنی

دونوں کی نام راشی اور ورگ دیکھیں۔ اگر نام راشیوں کے مالک سیارے اور ورگ آپس میں دوست ہوں تو دوستی۔ سادہ ہوں تو سادگی اور دشمن ہوں تو دشمنی رہے گی۔

نام کا پہلا حرف	نام ورگ	دوستی	دُشمنی
آ - ای - او - اے	گرڑ	کُتا	سانپ
ک - کھا - گا - گھا - انگاں	بلی	سانپ	چوُہا
چ - چھ - جا - جھاں - انجاں	شیر	چوُہا	ہرن
ٹا - ٹھا - ڈا - ڈھا - اناں	کُتا	ہرن	بینڈھا
تا - تھا - دا - دھا - اناں	سانپ	بینڈھا	گرڑ
پا - پھا - با - بھا - ماں	چوُہا	گرڑ	بلی
یا - را - لا - وا -	ہرن	بلی	شیر
شا - کھا - سا - ہا	بینڈھا	شیر	کُتا

گنڈ مول نچھتر

اشلیکھا - مگھا - جیشٹھا - مولا - ریوتی یہ چھ نچھتر گنڈ مُول ہیں۔ نچھتروں میں پیدا ہونیوالا لڑکا اپنے والدین، خاندان اور اپنے جسم کا ناش کرنیوالا ہوتا ہے۔ اگر لڑکا زندہ رہ جائے۔ تو بڑا امیر اور ہاتھی گھوڑوں کا مالک ہوتا ہے۔ والدین کو گنڈ مول پیدا ہوئے لڑکے کے چھ ماہ ۲۷ دن درشن نہ کرنے چاہئیں۔ اس کے بعد شانتی کرا کر مُنہ دیکھنا چاہیئے تاکہ گنڈ مُول کا بُرا ثمرہ نہ ہو۔

(۱) اشنی پکھا اور مولا نچھتر کی شروع کی چار گھڑی اور ریوتی۔ اشلیکھا اور جیشٹھا نچھتر کی آخری چار گھڑی بہت بُرا ثمرہ دکھانیوالی ہوتی ہیں۔ ان گھڑیوں میں پیدا ہونیوالے لڑکے کے والد ۸ سال تک مُنہ نہ دیکھیں۔ (۲) مولا نچھتر کا زیادہ بُرا ثمرہ۔ چیت۔ ساون۔ کارتک۔ پوہ۔ ان چار مہینوں میں ہوتا ہے (۳) ۱-۶-۱۱ تتھ کو اگر منگل۔ سنیچر وار ہوں۔ یا شکلا چتردشی کو مُولا میں جنم۔ خاندان کا ناش کرتا ہے اگر مولا نچھتر پر اُن دنوں کوئی بد سیارہ بھی بیٹھا ہو تو نحوست ۸ درجہ تک پہنچ جاتی ہے۔

جیشٹھا نچھتر کا ثمرہ جیشٹھا نچھتر کی کل گھڑیوں کو دس پر تقسیم کرو۔ پھر جس حصے میں پیدائش ہو۔ اُسکے مطابق ثمرہ بنالو۔ حصہ اوّل۔ والد مرے۔ حصہ دوم۔ بہن مرے۔ حصہ سوم ماموں مرے۔ حصہ چہارم۔ والد مرے۔ حصہ پنجم۔ خود مرے۔ حصہ ششم۔ اپنے گوت کو مارے۔ حصہ ہفتم۔ خاندان مرے۔ حصہ ہشتم۔ بیٹا۔ بھائی مرے۔ حصہ نہم۔ سُسر مرے۔ حصہ دہم۔ خاندان کا نقصان کرے۔

مگھا نچھتر کا ثمرہ چار حصے کرو، حصہ اوّل والد مرے۔ حصہ دوم والدہ مرے۔ حصہ سوم و چہارم سُکھ اور رُوپے کا لابھ ہو۔

ریوتی کا ثمرہ چار حصہ کرو۔ حصہ اول راجہ کے برابر ہو۔ حصہ دوم وزیر بنے۔ حصہ سوم بہت سُکھ۔ حصہ چہارم خوف اور کشٹ ہو۔

اشونی کا ثمرہ پہلے چوتھائی حصے میں والد کا خوف ہو باقی نچھتروں میں دن کو جنم ہو باپ کو رات کو جنمے تو ماں کو اور سندھیا گند میں جنم ہو تو اپنے آپ کو لے ڈوبتا ہے۔

نوٹ:- دو بھائیوں کا یا پتا پتر ماتا کا ایک نچھتر میں جنم ہو تو ان میں سے ایک کی موت ہو جاتی ہے سونا دان کرنے سے کلیان ہوتا ہے۔ (۲) تین لڑکے ہو کر اگر چوتھی لڑکی یا تین لڑکیاں ہو کر چوتھا لڑکا ہو تو ماں باپ و دھن دولت کو نقصان پہنچتا ہے۔ لہٰذا شانتی کرانی چاہیئے۔ (۳) جوڑے اگر دونوں لڑکیاں پیدا ہوں یا دونوں لڑکے تو والدین کو نقصان۔ (۴) ویتی پات وید دھرتی ان دونوں یوگوں میں مین کی سنکرانتی والے دن کا جنم غربت پیدا کرتا ہے۔ تتھی کشے۔ دیا گھات شول گنڈ۔ اتی گنڈ ہرک یوگ بھدرا۔ برہم انڈریم گھٹنگ اور مرید یوگ بھی پیدائش میں منحوس ہیں۔ شانتی کرانی چاہیئے۔ (۵) اماوس میں عورت و موشیی اگر بچہ جنے تو گھر پر مصیبت نازل ہوتی ہے (۶) اندھیرے پکش کی چودش کے چھ برابر حصے کرو۔ حصہ اوّل اچھا ہے۔ حصہ دوم والد مرے حصہ سوم والدہ مرے۔ حصہ چہارم ماموں مرے۔ حصہ پنجم خاندان کو مارے۔ حصہ ششم میں رُوپے کا نقصان ہو اور خود مر جائے۔ (۷) عورت کارتک میں گائے بھادوں میں بھیڑ مگھر میں گدھی۔ ساون میں بھینس ماگھ میں۔ بلی جیٹھ کے مہینہ بیساکھ کے مہینہ اور پوہ میں۔ کُتیا چیت میں اگر بچہ پیدا کرے تو چھ ماہ کے اندر اندر گھر والے کو بیحد خوف و تکلیف ہوتی ہے۔ ماہ ماگھ میں بدھوار کو بھینس اور ساون کو بوقت دن گھوڑی بچہ جنے تو فوراً خوف اثر ظاہر ہو جائے۔

لڑکی کی پیدائش پر نچھتروں کا ثمرہ اگر مُولا نچھتر ہو تو سُسر مرے۔ اشلیکھا نچھتر ہو تو ساس مرے۔ بشاکھا کے پہلے تین اور نچھتر کے چوتھے حصے میں اور اشلیکھا کے پہلے چوتھائی میں پیدائش ہو تو نقصان نہیں۔ جیشٹھا ہو تو جیٹھ مرے۔ اشلیکھا ہو تو دیور مرے۔ لیکن

بچہ کے دانت نکلنے کا ثمرہ اگر پہلے ماہ میں بچے کے دانت نکلیں تو مَر جائے۔ دو ماہ میں چھوٹے کو ضرر دے۔ تیسرے ماہ میں ہمشیرہ کو ناقص۔ ۴ ماہ میں والدہ کی محبت غالب ہو۔ ۵ ماہ میں برادران کلاں کو ناقص۔ ۶ ماہ میں عمر بھر خوش گذران رہے۔ ۷ ماہ اور ۸ ماہ میں والدین کو آرام ملے۔ ۹ ماہ میں بہادر اور دس ماہ دولت مند ہو۔

نوٹ

یہ ثمرہ نیچے کے دانت نکلنے کا ہے۔ اگر ان دس مہینوں میں پہلے اُوپر کے دانت نکلیں۔ تو ماموں کو ناقص ہے۔ اگر اُوپر کے دانت ... مالک کا جنم ہو تو والدین کو خطرناک ہے۔ شانتی کرانی چاہیئے

ہر زن و مرد کی جنم کنڈلی کی تاثیر و چند چمتکار یوگ

مرد کی جنم کنڈلی کے سیارگان کی تاثیر

نام گھر	سورج	چاند	منگل	بدھ	برہسپتی	شکر	سنیچر	راہو	کیتو
١	بہادر	سکھی	زخمی	سکھی	وِدوان	سکھی	دُکھی	بیمار	عیاش
٢	مفلس	دولتمند	مقروض	قاضی اور عالم	دولتمند	دولتمند	غریب	غریب	پاپی
٣	تندرست	قابل تعریف	حوصلہ والا	دشمن پر غالب	پاپی	پاپی	حوصلہ والا	حوصلہ والا	بہادر
٤	دُکھی	آنند لینے والا	دُکھی	سکھی	سکھی	سکھی	دُکھی	ماتا کیلئے بُرا	دُکھی
٥	بے اولاد	صاحب اولاد	بے اولاد	نکمی اولاد والا	پرتاپی	عقلمند	اولاد سے تکلیف	کھوئی ہوئی بدھی والا	بیوقوف
٦	دشمن پر غالب	کم عمر	دشمن پر غالب	بیمار	عیاش	بیمار	دشمن پر غالب	بہادر	بلوان
٧	بد عورت والا	نیک عورت والا	عورت سے تکلیف	دھرماتما	نیک عورت والا	عیاش	بدمعاش عورت والا	روگی عورت والا	عورت سے تکلیف
٨	کم عمر	بیمار	بڑا شریر	ماہر فن	کم عمر	بدکار	چشم روگی	روگی	کلیش والا
٩	بد عادات	دھرماتما	بدکار	سکھی	دھرماتما	تپسوی	بدمزاج	نہایت غریب	پاپی
١٠	بہادر	بارعب	بارعب	خوش قسمت	خوش قسمت	ہمتی	ذی عزت	ذی عزت	پتا کو تکلیف دینے والا
١١	دولتمند	دولتمند	دولتمند	دھنی	دولتمند	عاقل	دولتمند	مشہور	دولتمند
١٢	بدمزاج	کامی	عورت سے تکلیف و مجرم	غریب	مکار	بیمار	دُکھی	ذات سے نکالا ہوا	بدمزاج آدمی

عورت کی جنم کنڈلی کے سیارگان کی تاثیر

نام گھر	سورج	چاند	منگل	بدھ	برہسپتی	شکر	سنیچر	راہو	کیتو
١	غصہ والی	کم عمر	بیوہ	خوش قسمت	پتی برتا	سکھی	بانجھ	بے اولاد	دُکھی
٢	غریب	دولتمند	اولاد نہ ہو	دولتمند	دولتمند	خوش قسمت	دُکھی	غریبی	فکرمند
٣	اچھی اولاد والی	[illegible]	بھائیوں سے محروم	اولاد والی	اچھے بھائیوں والی	دولتمند	ہوشیار	دولتمند	بیمار
٤	مریضہ	بدقسمت	دُکھی	اچھے گھر والی	سکھی	سکھی	درد دل والی	بیمار	والدہ کو تکلیف
٥	لڑکے کی طرف سے دکھی	اچھی اولاد والی	محروم اولاد	باشعور	ماہر فن	صاحب اولاد	بے اولاد	بے اولاد	اولاد سے دُکھی
٦	سکھی	بیمار	تندرست	غصہ والی	مصیبت والی	غریب	ہنرمند	دولتمند	دولتمند
٧	دُکھی	خاوند کی پیاری	بیوہ	پتی برتا	ذی عزت	خاوند کی پیاری	بیوہ	دُکھی	پتی سے دُکھی
٨	بیوہ	دُکھی	بدکار	ناشکر گزار	مریضہ	دُکھی	دُکھی	پتی بیٹے سے دُکھی	دُکھی
٩	دھرم والی	سکھی	دُکھی	عیش و عشرت والی	صاحب اولاد	برے کام کرنیوالی	بانجھ	بانجھ	متفکر
١٠	بھاوان والی	دھرم والی	بد اولاد والی	نیک کام کرنیوالی	نیک مزاج	دولتمند	بدکار	برے فعل کرنیوالی	بدچلن
١١	دولتمند	ماہر فن	دولتمند	پتی برتا	نیک اولاد والی	زیادہ آمدنی والی	نیک اولاد والی	تندرست	خوش قسمت
١٢	غصہ والی	کوئی اعضا خراب	پاپن	تارک	نیک کاموں میں خرچ کرنیوالی	نیک کام کرنیوالی	بیوقوف	مکار	بیمار

چند چمتکارک یوگ

بھراتری یوگ سورج تیسرے گھر کے اندر پاپ و درشٹ پڑا ہو تو بڑے بھائی کیلئے خطرناک ہوتا ہے۔ منگل ہو یا سنیچر پڑا ہو تو چھوٹے بھائی کو نقصان پہنچاتا ہے۔ راہو بڑے اور چھوٹے دونوں بھائیوں کیلئے ناقص ہوتا ہے۔ کیت پڑا ہو تو بھائی بہن کوئی زندہ نہیں رہتے۔ تیسرے گھر کا مالک شبھ گرہ کے ساتھ تیسرے ہو تو بڑے بھائی کا سکھ پائے۔ لگن میں برہسپت دوسرے گھر میں سنیچر تیسرے گھر میں راہو ہو تو برادر مولود مر جائے گا۔ تیسرے گھر کا مالک اپنے گھر میں یا جنم لگن میں یا دوسرے گھر میں پڑا ہو تو اس کا چھوٹا بھائی زندہ نہیں رہے گا۔ دوسرے گھر کی راشی کا مالک سنیچر تیسرے گھر میں پڑا ہو تو اسکا بڑا بھائی مر جائے۔ ایسے سورج ہو تو عداوت رکھے۔ منگل ہو تو چور اور ڈاکو بنے۔ منگل تیسرے گھر میں دشمن کے گھر کا ہو یا نیچ راشی کا ہو تو پسِ پیش کے بھائیوں کو نقصان پہنچاتا رہے ؎

ماتا سے جدائی (١) جنم کنڈلی میں منگل اور سنیچر ایک راس میں ہوں اور ان سے ٥-٧-٩ خانہ میں چندرماں ہو تو ایسے یوگ میں والدہ اولاد کو علیحدہ کر دیتی ہے۔ اگر ایسے یوگ میں چندرماں کو برہسپت دیکھتا ہو تو والدہ سے علیحدہ ہوئے مولود کی بھی عمر بڑی ہوتی ہے۔ ٢- چندرماں لگن میں ہو اور کوئی پاپی گرہ دیکھی اور ساتویں گھر میں منگل ہو۔ تو والدہ سے علیحدہ شدہ لڑکا مر جاتا ہے۔ ٣- لگن میں بیٹھے ہوئے چندرماں کو پاپی گرہ دیکھی اور گیارھویں گھر میں منگل سنیچر ہو تو علیحدہ شدہ مولود مر جاتا ہے۔ ٤- اگر لگن میں بیٹھے ہوئے چندرماں کو پاپی اور شبھ دونوں قسم کے گرہ دیکھتے ہوں تو شبھ گرہ کے متعلقہ ذات کے آدمی کے ہاتھ آ کر مولود زندہ رہے گا ؎

والدہ کو کشٹ ١- اگر لگن سے چوتھے گھر میں چندرماں کسی پاپی گرہ کے ساتھ بیٹھا ہو تو بوقت پیدائش والدہ کشٹ اٹھائے۔ ٢- رات کی پیدائش ہو اور چندرماں سے ٥-٩ سنیچر ہو تو والدہ مر جاتی ہے۔ ٣- لگن سے ٤ یا ٧ گھر میں پاپی گرہوں کیساتھ چندرماں بیٹھا ہو تو والدہ کی موت ہو جاتی ہے اگر چندرماں نہ ہو صرف پاپی گرہ ہی ہوں تو والدہ مریض ہوتی ہے۔ اگر چوتھے گھر کا مالک ٦-٨-١٢ گھر میں بیٹھا ہو تو والدہ مر جاتی ہے۔ ٤- ساتویں گھر میں سورج منگل اور سنیچر ہوں لیکن ان کو کوئی شبھ گرہ نہ دیکھے تو والدہ مریض ہوتی ہے۔ ٥- ساتویں گھر میں چندرماں اور ٨-٩ گھر میں پاپی گرہ ہوں تو والد اور والدہ دونوں مر جاتے ہیں۔ ٦-٨-١٢ گھر میں پاپی گرہ ہوں اور لگن کا مالک کمزور حالت میں ہو تو والدہ مر جاتی ہے۔ ٧- جنم کنڈلی ١-٦-٧-٨-١٢ گھر میں صرف پاپی گرہ ہوں اور کوئی شبھ گرہ نہ ہو تو مولود اور اس کی والدہ دونوں مر جاتے ہیں ؎

والد کو کشٹ ١- جنم کنڈلی میں سورج اور شکر کو منگل دیکھتا ہو تو جلد باپ مر جاتا ہے۔ مگر چر راس میں ہو تو پردیس میں والد فوت ہوتا ہے۔ اگر رات کا جنم ہو اور منگل سنیچر چر راس میں ہو تو بھی پردیس میں والد مر جاتا ہے۔ جنم لگن سے ٨-١٢ گھر میں پاپی گرہ ہوں لگن کا مالک طاقتور ہو کر ٤-٩ گھر میں ہو۔ تو بوقت پیدائش والد مریض ہوتا ہے۔ ٢- لگن میں سورج طاقتور ہو اور سنیچر یا منگل دیکھتا ہو تو بھی والد مریض ہوتا ہے۔ ٣- جنم کنڈلی میں سورج منگل سنیچر ہوں تو پیدائش سے پہلے والد مر جاتا ہے۔ ٤- دن کی پیدائش ہو اور چندرماں سے ٥-٩ خانہ میں پاپی گرہوں کیساتھ شکر اور منگل بیٹھے ہوں تو والد مر جاتا ہے ؎

اولاد جنم لگن و برہسپت و چندرماں سے پانچویں گھر اولاد کے دینے والا ہے اس سے نویں گھر کے مالک کی دشا اور انتر دشا میں اولاد جنم لیتی ہے۔ پانچویں گھر جس قدر مذکر گرہ دیکھتے ہوں اس قدر مرد اور جسقدر مونث گرہ دیکھتے ہوں اسی قدر لڑکیاں پیدا ہونے کا اتفاق ہوتا ہے۔ لگن کا مالک اور پانچویں گھر کا مالک مذکر راشیوں میں پڑے ہوں تو لڑکے اور اگر مونث میں پڑے ہوں تو لڑکیوں کی پیدائش زیادہ پائی جاتی ہے پانچویں گھر کا مالک اور لگن کا مالک دوست ہوں۔ تو اولاد تابعدار۔ سم ہو تو مساوی۔ شترو ہوں تو تندخو بدمزاج اور نافرمان بردار ہوتی ہے ؎

اولاد ہانی یوگ (١) پانچویں گھر کا مالک ٦-٨-١٢ گھر میں ہو (٢) پانچویں گھر کا مالک سورج کے ہمراہ اور غروب ہو (٣) پانچویں خانہ میں پاپی گرہ ہوں۔ (٤) خانہ ٥ کا مالک مونث گرہ ہو پاپی گرہ کے ساتھ ١-٤-٧-١٠ گھر میں پڑا ہو تو اس کی اولاد نہ ہو۔ اگر ہو۔ تو مر جاتی ہے (٥) چوتھے گھر میں راہو ہو اور پانچویں گھر کا مالک سنیچر کے ہمراہ ہو تو اول دو یا تین لڑکیاں پیدا ہوں بعد میں لڑکا پیدا ہو کر مر جائے۔ (٦) سنگھ راس میں برہسپت ہو اور دھن یا مین راس میں سورج اور بدھ ہوں اور پانچویں گھر میں شکر اور منگل ہوں تو اس آدمی کے اولاد نہیں ہوتی۔

اپائے اگر سورج سنتان پیدا کرنے کی روکاوٹ کرتا ہو۔ تو ہری ونس کتھا سننی چاہیئے۔ چندرما کرتا ہو تو شو پوجن کرنا چاہیئے۔ منگل کرتا ہو تو رودرا بھیشیک یا درگا کی پوجا کرانا چاہیئے۔ بدھ کرتا ہو تو سمپٹ کانسی کا برتن و سونے کا دان کرے۔ برہسپتی کرتا ہو تو کید یا ترا و پتری تھی شرادھ کرنا چاہیئے۔ شکر کرتا ہو تو گؤ پالن کرنا چاہیئے۔ شنی کرتا ہو تو مرتنجیہ کا جاپ کرانا چاہیئے۔ راہو کرتا ہو تو سونے کا سرپ دان کرنا چاہیئے ایسا کرنے سے پوتر پراپتی ہوتی ہے۔ یہ رشی مت ہے ؎

لکشمی نرائن یوگ ٥-٩ ویں ستھان کو لکشمی کا ستھان کہتے ہیں۔ کیندر کو بشنو ستھان کہتے ہیں۔ اگر ترکون اور کیندر کے سوامی گرہوں کا سمبندھ ہو تو راج یوگ ہوتا ہے۔ جسے لکشمی نرائن یوگ کہتے ہیں۔ نویں گھر کا مالک پرم اوچ راشی میں پراپت ہو کر کیندر و ترکون میں ہو تو لکشمی یوگ کہنا۔ اگر لگن سوامی بلوان ہو تو بھی لکشمی یوگ ہوتا ہے اور ایسے یوگ میں پیدا ہوا انسان بہت سکھی گن مان اور زمین و جاگیر کا مالک۔ استری اور پوتر دھن سے بہت آنند پراپت کرنے والا ہوگا۔

قسمت جنم لگن پر جو راشی ہو اور مالک اس کا پاپی گرہ ہو۔ یا پاپی گرہ اسکو دیکھتا ہو تو پردیس میں قسمت کا ستارہ ترقی پاتا ہے۔ جنم لگن دو سبھاؤ راشی ہو لگن کا مالک اس میں ہو یا اسکو دیکھتا ہو یا کسی شبھ گرہ کی درشٹی سے یکت ہو یا نانویں بھاؤ کا مالک اپنے بھاؤ کو دیکھتا ہو۔ یا نانویں گھر کسی شبھ گرہ سے درشٹ ہو تو وطن اور باہر دونوں مقام پر عروج و اقبال پاتا ہے۔ جنم لگن استھر راشی ہو مالک اس کا شبھ گرہ ہو یا شبھ گرہ اسکو دیکھتا ہو تو اپنے وطن میں ہی قسمت کا خانہ ترقی دیتا ہے ؎

عمر۔ لگنیش و اشٹمیش ١- دونوں چر راشی میں ہوں یا ایک ستھر اور دوسرا دو سوبھاؤ راشی میں ہو تو دیرگھ آیو ٩٦ سال ٢- دونوں دو سوبھاؤ راشی میں ہوں یا ایک چر میں دوسرا استھر میں ہو تو مدھیا یو ٦٤ سال (٣) دونوں ستھر راشی میں ہوں یا ایک چر میں دوسرا دو سوبھاؤ میں ہو تو الپایو ٣٢ سال کے لگ بھگ ہوتی ہے۔ اسی طرح لگن چندرماں و لگن۔ ہورا لگن سے ملانا جو دوبارہ ملے وہی ٹھیک سمجھنا۔ سنیچر لگن یا آٹھویں گھر کا مالک ہو تو عمر کم کر دیتا ہے۔ عمر دراز یعنی دیرگھ آیو کے دلائل یوگ ہوں تو اس کو متوسط یعنی درمیانہ کر دیتا ہے اگر متوسط یعنی مدھم آیو ہو تو اس الپ آیو کر دیتا ہے۔ اگر الپ آیو ہو تو اس کو زائل کر دیتا ہے بشرطیکہ تلا یا کنبھ راشی میں ہو۔ کیونکہ ان میں سنیچر ممتاز ہوتا ہے لگن کا سوامی سورج کا ہو دشمن تو الپ آیو مدھم ہو مدھم ہو تو اگر متر ہو تو دیرگھ آیو دیتا ہے ؎

عدالت پرَوردگار یا حکوُمت سیّارگان دَوران زندگی

سیارگان کی طاقت:۔ سیارگان کی طاقت (ورشں پھل میں) چار قسم کی ہوتی ہے۔ ۱۔ مقامی۔ ۲۔ راشی واُوچ کی طاقت۔ ۳۔ نر مادہ کی طاقت۔ ۴۔ دن رات کی طاقت۔ ہر ایک طاقت پانچ بسوے کی ہوتی ہے۔ ۱۔ سُورج لگن سے نویں خانہ میں چندرماں تیسرے منگل چھٹے۔ بُدھ لگن میں برہسپت گیارہویں شکر پانچویں اور سینیچر بارہویں خانہ میں طاقت ور ہوتا ہے۔ ۲۔ راشی اوچ نیچ کی طاقت نقشہ متعلقہ سے دیکھیں۔ ۳۔ اگر کوئی مادہ سیارہ (چندرماں۔ بُدھ۔ شکر۔ سینیچر) ۱۔۲۔۳۔۷۔۸۔۹ خانوں میں سے کسی ایک میں واقع ہو۔ یا نر سیارہ (سورج۔ منگل۔ برہسپتی) ۴۔۵۔۶۔۱۰۔۱۱۔۱۲۔ خانہ جات میں سے کسی ایک خانہ میں ہو۔ تو طاقتور ہوتا ہے۔

دوست و دشمن:۔ سیارہ سے سیارہ ۳۔۵۔۹۔۱۱ خانہ میں ہو۔ تو دوست۔ اگر ۲۔۶۔۸۔۱۲ میں ہو۔ تو نہ دوست نہ دشمن۔ اگر ۱۔۴۔۷۔۱۰ خانہ میں ہو۔ تو دشمن ہوتا ہے۔

سیارگان کی نظر:۔ ہر ایک سیارہ کی گیارہویں خانہ میں دس کلا۔ چوتھے۔ دسویں خانہ میں ۱۵ کلا تیسرے خانہ میں ۴ کلا۔ پانچویں اور نویں خانہ پر ۴۵ کلا اور پہلے اور ساتویں خانہ پر ۶۰ کلا یعنی مکمل نگاہ ہوتی ہے۔

سال کا بادشاہ معلوم کرنے کا طریقہ:۔ ۱۔ جنم لگن کا مالک۔ ۲۔ برس لگن کا مالک۔ ۳۔ منتھا کا مالک۔ ۴۔ تری راشی کا مالک۔ ۵۔ مالک وقت (دن میں سالِ نو شروع ہو تو سُورج کی راس کا مالک اور رات میں ہو۔ تو چندرماں کی راس کا مالک۔ ان پانچوں میں سے جو زیادہ طاقتور ہو۔ اور جس کی لگن پر زیادہ نگاہ ہو تو ان میں وہ سال کا بادشاہ ہوتا ہے۔ اگر ان میں سے ہر ایک کی لگن پر نگاہ ہو۔ تو ان میں سے جو زیادہ طاقتور ہوگا۔ وہی اس سال کا بادشاہ ہوگا۔ اگر کئی سیاروں کی طاقت برابر ہو تو جس لگن پر زیادہ نگاہ ہو اور اگر طاقت نگاہ اور حق یہ تینوں برابر ہوں۔ تو منتھا کا بادشاہ ہی سال کا مالک ہوگا۔

نقشہ مدّعا دشا

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
نام سیارہ	سُورج	چندرماں	منگل	راہو	برہسپتی	سینیچر	بُدھ	کیتو	شکر
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲۴	۱۸	۲۷	[illegible]	[illegible]	[illegible]

دشا معلوم کرنیکا طریقہ:۔ تعداد سالہائے گذشتہ میں پیدائش کے نچھتر کی تعداد جمع کرکے ۲ منہا کریں باقی کو ۹ پر تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی بچے تو سُورج کی دشا شروع میں ۱۸ دن تک رہے گی اور اگر دو میں تو چندرماں کی دشا ایک ماہ وغیرہ ہوگی [illegible]

سال کے بادشاہ کا پھل اگر سال کا بادشاہ ٦-۸-۱۲ خانہ میں ہو یا غروب ہو یا ادنیٰ طاقت رکھتا ہو تو اس سال کا نتیجہ خراب ہوگا۔ اگر وہ مکمل طاقت رکھ کر کسی شبھ خانہ میں شبھ سیاروں کے ساتھ بیٹھا ہو تو اُس سال کا نتیجہ بہت اچھا رہے گا۔

منتھا کا پھل جنم لگن سے پہلے نویں۔ دسویں اور گیارہویں خانہ میں پڑے تو اعلیٰ مرتبہ ملے۔ دُوسرے تیسرے۔ پانچویں خانہ میں پڑے تو زر و مال دستیاب ہوتا ہے۔ چوتھے۔ چھٹے۔ ساتویں۔ آٹھویں۔ بارہویں خانہ میں آجائے تو نتیجہ سال ناقص ہوگا۔ اسی طرح روشن لگن سے دیکھیں۔ اگر ہر دو طریق سے اچھی منتھا نکلے تو سال کا نتیجہ اچھا۔ اگر منحوس خانہ میں آجائے تو نتیجہ خراب ہوتا ہے۔ اگر منتھا پر اس کے مالک یا کسی نیک سیارہ کی نگاہ ہو تو نتیجہ اچھا ورنہ برعکس ہوتا ہے۔

ورش میں گرہوں و منتھا کا بارہ گھروں میں پھل

	خانہ معات / سیارے	سُورج	چندرماں	منگل	بُدھ	برہسپتی	شکر	سنیچر، راہو، کیتو	منتھا
۱-	تن	بدن میں بیماری	خون کا بگاڑ	کسی ہتھیار سے چوٹ	چوپایوں کو فائدہ	اِنسان سُکھی رہے	کاروبار میں ترقی	مُنہ میں درد ہو	زر کا فائدہ
۲-	دھن	دھن کا نقصان	دھن کا فائدہ	بھائیوں کی طرف سے فکر	گیا ہوا زر ملنے کی اُمید	کاروبار میں ترقی	چوپایوں کو فائدہ	دشمنوں سے تکلیف	بیوپار میں فائدہ ہو
۳-	بھراتا	آرام ملے	روزگار میں ترقی	بہت لمبا سفر کرے	سُکھی رہے	جو کام کرے کامیابی ہو	عورت کا سُکھ ملے	دشمنوں پر غالب ہو	بھائیوں کا سکھ ہو
۴-	سکھ	ماں کو تکلیف	کاروبار میں ترقی	ماں کو سُکھ	سواری وغیرہ سے فائدہ	ماں کی طرف سے سُکھ ملے	ماں باپ کی خدمت کرنیوالا	ماں باپ کو تکلیف	ماں کو تکلیف ہو
۵-	ست	زر کا نقصان	لڑکی پیدا ہو	اولاد کی طرف سے تکلیف ہو	پُتر سُکھ ہو	عِلم میں خوب ترقی ہو	بچے سُکھی رہیں	جو کام کرے ناکام رہے	عِلم میں ترقی ہو
٦-	شترو	تندرست رہے	جسم میں ہر جگہ درد ہو	دشمنوں پر غالب رہے	مقدمہ بازی میں روپیہ صرف ہو	دشمن پر غالب ہو	دوستوں سے لڑائی ہو	دشمنوں کا ناش کرے	مقدمہ بازی میں زر کا نقصان
۷-	استری	عورت سے لڑائی جھگڑا	عورت کا سُکھ ملے	عورت بیمار ہو جائے	عورت بڑی خوبصورت ملے	دل خوش رہے	عیش سے زندگی بسر ہو	عورت کو موت کے برابر تکلیف ہو	استری کو دُکھ ہو
۸-	موت	جسم کو تکلیف ہو	اپنا گھر چھوڑنا پڑے	زر کا بے فائدہ نقصان ہو	بیمار رہے	صحت اچھی رہے	روزگار میں ترقی ہو	موت سے بڑا صدمہ ہو	بہت روگ ہو
۹-	دھرم	دھرم کا ناش کرے	اچھے کاموں کو کرنے والا	پاپ کرم میں خواہش رکھنے والا	دان کرنے والا ہو	سب کا پیارا ہوتا ہے	چالاک بڑی عقل والا	چوری کرنیوالا ہوتا ہے	تیرتھوں کا سفر کرے
۱۰-	کرم	راجہ کے سمان مجبوری	بڑا اچھا بولنے والا	باپ کو تکلیف	راج دربار میں عزت	بڑے نوکروں والا	سواری کرنیوالا سُکھی ہوتا ہے	ماں باپ بیمار ہو جائیں	راج دربار میں عزت
۱۱-	آمدن	آمدنی آگے سے زیادہ ہو	کہیں سے زر ملے	بیوپار سے دولت حاصل ہو	دوستوں سے دھن ملے	سواری سے فائدہ ہو	عورت سے زر کا فائدہ ہو	آمدن سے زیادہ خرچ	کہیں سے زر ملے
۱۲-	خرچ	آنکھوں میں بیماری ہو	ایک آنکھ کو بڑی تکلیف ہو	قید ہونے کا خطرہ ہو	زر کا بے فائدہ نقصان ہو	اچھے کاموں میں زر خرچ کرے	پرائی عورت کے پاس جائے	جسم کو بڑی تکلیف ہو	رُوپیہ چوری ہو جائے

ترتپا کی چکر تین خط طول اور تین عرض میں کھینچ کر ان کے گوشے آپس میں ملا دینے چاہئیں۔ درمیانی خط کو ورش لگن قرار دے کر بعد ازاں بالترتیب بارہ راشی کے ہندسے بھر دینے چاہئیں۔ گذشتہ برسوں میں ایک عدد جمع کر کے چار پر تقسیم کرو۔ جو باقی رہے راس کو جنم کنڈلی میں چندرماں کے گھر سے گن کر چندرماں کو ترتپا چکر میں لگا دو۔ پھر گذشتہ برسوں میں ایک جمع کر کے چار پر تقسیم کرو۔ جنم کنڈلی میں جس جس راشی پر باقی گرہ ہوں۔ ان راشیوں سے شمار کر کے بقیہ عدد کے بموجب ان گرہوں کو ترتپا چکر میں لگا دو۔ کیتو کو اُلٹا لگانا چاہئے۔ ثمرہ کا ۱۔ اگر چندرماں کا پاپی گرہوں سے ورُدھ ہو تو ثمرہ ناقص۔ اگر شُبھ گرہوں سے ورُدھ ہو تو ثمرہ نیک ہوگا۔

۱- **اقبال یوگ:** اگر کیندر اور پنپھر خانہ جات میں سبھی سیارگان ہوں تو یہ اقبال یوگ سال بھر راج سُکھ دیتا ہے۔
۲- **اندووار یوگ:**- اگر آپوکلم " " " " " اندووار " " خرابی دیتا ہے۔
۳- **اتصال یوگ**- دو سیارے آپس میں دیکھتے ہوں تیز رفتار سیارہ کم رفتار سیارہ سے چند انش پیچھے ہو تو یہ اتصال یوگ ان سیارگان کے متعلقہ کام میں کامیابی دیتا ہے۔
۴- **اصراف یوگ**- دو سیارے آپس میں دیکھتے ہوں تیز رفتار سیارہ کم رفتار سیارہ سے اگر ایک انش بھی آگے نکل جائے تو ان سیارگان کے متعلقہ کام میں نقصان پہنچاتا ہے۔
۵- **نگت یوگ** ہر دو سیارے آپس میں نہ دیکھتے ہوں لیکن ان کے درمیان کوئی تیسرا ان سے تیز رفتار سیارہ دونوں کو دیکھ کر اتصال کرے تو تیسرے شخص کے ذریعے کامیابی ہوتی ہے۔
٦- **یمیا یوگ** " " " " " " کم رفتار " " " " "
۷- **منواد** " :- اتصال یوگ ہونے پر اگر منگل یا سنیچر تیز رفتار سیارہ کو پُوری نظر بد سے دیکھے تو اس سیارہ کی طاقت کو چُرا کر کام ہونے میں رکاوٹ ڈال دیتا ہے۔ " " ہے۔
۸- **کمبول** " :- اتصال یوگ ہونے پر اگر چندرماں ہر دو سیارگان سے اتصال کرے تو پُوری کامیابی حاصل ہوتی ہے بصورت دیگر کم۔

ونیتپانش:- سُورج کے ۱۵- چندرماں کے ۱۲- منگل کے ۸- بُدھ کے ۷- برہسپتی کے ۹- شکر کے ۷- سنیچر کے ۹- اور راہو کیتو کے بھی ۹ ہیں- اپنے اپنے ونیتپانشوں کے اندر اندر اگر سیارے اتصال کریں تو جلد کامیابی (یعنی عین قرآن کے وقت) دکھاتے ہیں ورنہ دیر میں۔

چند چمتکارک یوگ: (۱) جنم میں سُورج لگن کا اور برس میں دھن ستھان میں آجائے تو دھن کا سکھ دیتا ہے۔ (۲) ایسا سنیچر دھن میں نقصان کرتا اور کام بگاڑتا ہے۔ (۳) سنیچر خانہ کے مالک سے درمیں یا ورش لگنیش ساتویں ہو تو بھائیوں سے لڑائی ہوتی ہے۔ (۴) جنم کے برہسپتی بُدھ و شکر کی راشیاں اگر ورش یا پانچویں آجائیں تو اولاد کا سُکھ دیتی ہے لیکن منگل و سنیچر کی جنم راشیاں ان خانوں میں اولاد کا کشٹ دکھاتی ہیں۔ (۵) چندرماں۔ برہسپتی یا شکر اپنے اُوچ (شرف) میں ہو کر لگن یا پنچم خانہ میں آجائے تو فرزند ہوتا ہے لیکن ایسا ورکی منگل فرزند ناش کرتا ہے (٦) جو خانہ اپنے مالک سیارہ و نیک سیارگان سے [illegible]

علم رمل

قرعہ تیار کرنے کا طریقہ عمل کی یکم (یعنی مارچ کی ۲۱ تاریخ) کو جب شب و روز یکساں ہوں اس روز آٹھ دھاتوں کو ملا کر آٹھ ٹکڑے برابر چورس تیار کر کے ان کے اوپر کے حصہ میں چار نقطے نیچے دو نقطے اور بغلوں میں تین تین نقطے کھدوالیں۔ چار چار ٹکڑوں کو دو آہنی سلاخوں میں پرو دیا جائے جو حرکت تو کر سکیں لیکن سلاخوں سے باہر نہ آ سکیں۔

قرعہ پھینکنے کا وقت ماہ چاند کی ۳-۵-۱۳-۲۱-۲۴-۲۵ تاریخ منگل شکروار اور سنیچر و گرہن کے روز اور بوقت دوپہر و آدھی رات قرعہ پھینکنا منع ہے دیگر وقت اچھا ہے ہاتھ میں پہلے لحیان شکل تیار کر و پاک و صاف ہو کر پروردگار کا خیال کر کے پانسہ یعنی قرعہ کو کسی صاف و چورس تختی پر پھینکیں۔ قرعہ پھینکنے کے بعد جو نشانات پڑیں ان میں ایک نقطہ کو نقطہ اور دو نقطوں کو خط خیال کریں۔ نقطہ (٠) کو فرد اور خط (—) کو زوج کہتے ہیں۔ آپس میں ضرب دیتے وقت فرد کے بالمقابل اگر فرد آئے تو اسے زوج اگر زوج کے بالمقابل زوج ہی آئے تو بھی زوج ہی لکھنا چاہیئے اور فرد اور زوج کے ضرب دینے سے فرد لکھیں۔

زائچہ تیار کرنا

فرض کیا کہ پانسہ کو تختی پر ڈالا۔ تو یہ شکل ظاہر ہوئی

(۴)	(۳)	(۲)	(۱)
٠	٠	٠	٠ ٠
٠	٠ ٠	٠ ٠	٠ ٠
	٠ ٠	٠ ٠	٠ ٠
٠	٠ ٠	٠	٠

یہاں پر نمبر ۱ کے نیچے خانہ اول کی پہلی سطر میں دو فرد ہیں۔ اس لئے ان کو ایک خط کی شکل میں لے لیا اسی خانہ کے نیچے دوسری سطر میں دو فرد ہیں اس کو بھی زوج یعنی (—) کی شکل میں لکھ لیں اور بعد اس خانہ کے دوسری سطر میں ایک فرد ہے۔ اس کو نقطہ کی شکل میں لکھ لیں اسی طرح سے ان کا مجموعہ پہلی شکل تیار ہو گئی۔ (☷) اسی طرح سے دوسری اور تیسری اور چوتھی بھی تیار کرنے سے مندرجہ ذیل شکل بن جائے گی۔ اب ان چاروں شکلوں کے اوپر والے نشانات سے چھٹی اور اس سے بھی نیچے کے نشانات سے ساتویں اور آخری نشانات سے آٹھویں شکل تیار کریں۔ نمبر ۵ [illegible] نمبر ۶ [illegible] نمبر ۷ [illegible] نمبر ۸ [illegible] اس کے بعد پہلی دوسری کی ضرب سے نمبر ۹ [illegible] اور تیسری و چوتھی کی ضرب سے نمبر ۱۰ [illegible] تیار ہوئی۔ اسی طرح پانچویں چھٹی کی ضرب سے نمبر ۱۱ [illegible] اور ساتویں آٹھویں کی ضرب سے نمبر ۱۲ [illegible] اور نویں و دسویں کی ضرب سے نمبر ۱۳ [illegible] اور گیارہویں و بارہویں کی ضرب سے نمبر ۱۴ [illegible] اور تیرھویں اور چودھویں کی ضرب سے نمبر ۱۵ [illegible] اور پندرھویں اور پہلی کی ضرب سے نمبر ۱۶ [illegible] تیار ہو گئی اس طریقہ کو عمل میں لانے سے زائچہ تیار ہو جائے گا۔

زائچہ رمل

-۴ [illegible]	-۳ [illegible]	-۲ [illegible]	-۱ [illegible]
-۸ [illegible]	-۷ [illegible]	-۶ [illegible]	-۵ [illegible]
-۱۲ [illegible]	-۱۱ [illegible]	-۱۰ [illegible]	-۹ [illegible]
-۱۶ [illegible]	-۱۵ [illegible]	-۱۴ [illegible]	-۱۳ [illegible]

زائچہ کے ان سولہ خانہ جات میں بارہ خانہ جات (۱) بیت النفس (۲) بیت المال (۳) بیت الاقارب (۴) بیت الارض (۵) بیت الاولاد (۶) بیت المرض (۷) بیت النساء (۸) بیت الخوف (۹) بیت السفر (۱۰) بیت الرزق (۱۱) بیت البناء (۱۲) بیت الصدر ہے۔ وہی حالات دیکھے جاتے ہیں جو جنم کنڈلی و پرشن کنڈلی وغیرہ کے بارہ خانہ جات سے منسوب ہوں تیرھویں خانہ بیت السعی سے تکلیف۔ فکر۔ تدبیر۔ قیام روزگار۔ دشمن۔ سفر وغیرہ کا وچار ہوتا ہے یہ خانہ جات نمبر ۱-۵-۹ کا گواہ ہے۔ چودھویں خانہ بیت المطلوب سے سچ اور جھوٹ کا فیصلہ تمام منسوبات جو خانہ چہارم سے دیکھے جاتے ہیں۔ پندرھویں خانہ (قاضی الرمل) سے سچی و جھوٹی گواہی و تمام منسوبات جو خانہ ہفتم سے دیکھے جاتے ہیں خانہ جات نمبر ۳-۷-۱۱ کا گواہ ہے گر اس خانہ میں شکل طاق آئے تو زائچہ غلط۔ جفت آئے تو درست سمجھنا سولھویں خانہ (آئینۃ الرمل) سے کام کا انجام و تمام منسوبات خانہ دہم دیکھے جاتے ہیں خانہ جات نمبر ۴-۸-۱۲ کا گواہ ہے۔

نقشہ دوست و دشمن

نام	آتش	باد	آب	خاک
مساوی	خاک	آب	باد	آتش
دشمن	آب	خاک	آتش	باد
دوست	باد	آتش	خاک	آب

نام شکل	۱ لحیان	۲ قبض الداخل	۳ قبض الخارج	۴ جماعت	۵ فرج	۶ عقلہ	۷ انکیس	۸ حمرہ	۹ بیاضہ	۱۰ نصرۃ الخارج	۱۱ نصرۃ الداخل	۱۲ عتبہ خارج	۱۳ لقی	۱۴ عتبہ داخل	۱۵ اجتماع	۱۶ طریق
قسم شکل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
تتو	آتش	خاک	آتش	خاک	باد	خاک	خاک	باد	آب	آتش	آب	آتش	آب	باد	باد	آب
نام مہینہ	رمضان	جمادی الاول	شعبان	ربیع الاول	ربیع الثانی	رجب	شوال	محرم	صفر	ذیقعد	رجب	جمادی الآخر	ربیع الاول	ذوالحجہ	ذوالحجہ	محرم
نیک و بد	نیک	نیک	بد	نیک و بد	نیک	بد	بد	بد	نیک	نیک	نیک	بد	بد	نیک	نیک و بد	نیک
خانہ شہادت	۸ ۱۳	۷ ۱۴	۵ ۶	۱۶	۸	۱۰	۱۱	۱۲	۱۵	۶	۷	۸	۱	۲	۹	۴
خارج وغیرہ	خارج	داخل	خارج	ثابت	[illegible]	[illegible]	داخل	ثابت	ثابت	خارج	داخل	خارج	[illegible]	داخل	ثابت	[illegible]
چر وغیرہ	دوسبھاؤ	دوسبھاؤ	دوسبھاؤ	ستھر	چر	چر	دوسبھاؤ	ستھر	ستھر	دوسبھاؤ	دوسبھاؤ	چر	دوسبھاؤ	ستھر	چر	چر
نر مادہ وغیرہ	نر	مادہ	نر	ہیجڑہ	ہیجڑہ	ہیجڑہ	مادہ	ہیجڑہ	ہیجڑہ	نر	مادہ	نر	ہیجڑہ	مادہ	ہیجڑہ	ہیجڑہ
رس	کڑوا	کڑوا ترش	کڑوا	[illegible]	میٹھا	[illegible]	[illegible]	میٹھا	کڑوا	کڑوا	[illegible]	کڑوا	[illegible]	میٹھا	میٹھا	[illegible]
شکل قد	لمبا	گول	لمبا	چورس	گول	گول	چورس	گول	چورس	لمبا	لمبا	[illegible]	گول	گول	[illegible]	گول
ملائم و سخت	ملائم	سخت	ملائم سخت	سخت	ملائم	ملائم	ملائم سخت	سخت	ملائم	سخت	ملائم	سخت	سخت	ملائم	ملائم	ملائم سخت
عمر	بچہ	بوڑھا	بچہ	بوڑھا	لڑکا	بوڑھا	بوڑھا	لڑکا	جوان	بچہ	جوان	بچہ	جوان	لڑکا	لڑکا	جوان
رہائش مقام	شہر جنگل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ناچ گھر	[illegible]	دوکان	قصائی خانہ	باغ	شہر جنگل	مدرسہ باغیچہ	شہر جنگل	گاؤں	[illegible]	دوکان	کھیتی
دھات سونا وغیرہ	طلا	چاندی	سیسہ	دھات	طلا	لوہا	لوہا	سیسہ	نقرہ	کانسی	طلا	سیسہ	پیتل	طلا	[illegible]	نقرہ
اندھا وغیرہ	اندھا	چپٹا	تیز آنکھ	کانا	اندھا	چپٹا	تیز نظر	کانا	چپٹا	اندھا	تیز نظر	چپٹا	کانا	چپٹا	کانا	اندھا
دھات وغیرہ	دھات	مول	دھات	مول	جیو	مول	مول	جیو	مول	دھات	[illegible]	دھات	مول	جیو	جیو	مول
بوقت	حال	اچانک	حال	اچانک	مستقبل	اچانک	اچانک	مستقبل	ماضی	حال	ماضی	حال	ماضی	مستقبل	مستقبل	ماضی
دن رات کی طاقت	دن	رات	دن	دن رات	دن رات	دن رات	دن رات	دن رات	دن رات	دن رات	دن	رات	دن	رات	دن رات	دن رات
نام مالک	برہسپت	سورج	کیتو	بدھ	شکر	سنیچر	سنیچر	منگل	چندرما	سورج	برہسپت	راہو	منگل	شکر	بدھ	چندرما
نام راس	متھن	سنگھ	کنبھ	کنیا	تلا	مکر	میکھ	برسچک	کرک	سنگھ	مین	مکر	میکھ	برکھ	متھن	کرک
جانب	مشرق	جنوب	مشرق	جنوب	مغرب	مغرب	جنوب	مغرب	شمال	مشرق	شمال	مشرق	شمال	مغرب	جنوب	شمال
رنگت	زرد	بھوسلہ	سیاہ	زرد	[illegible]	[illegible]	سیاہ	رنگا رنگ	[illegible]	سفید	سیاہ	سرخ	سفید	سفید	سفید	سیاہ و سبز
تاثیر	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

شکلوں میں اوپر والا نشان آتشی۔ دوسرا بادی۔ تیسرا آبی۔ چوتھا خاکی ہوتا ہے۔

پوشیدہ سوالات

۱- زائچہ کے فرد (نقطہ جات) کا میزان کر کے ۱۶ پر تقسیم کرو۔ باقی بچے ہندسہ کی شکل ۱-۴-۱۳-۱۴-۱۵-۱۶ شکلوں میں سے کوئی ایک ملے تو اس شکل کے گواہ کو اس میں ملانے سے جو شکل پیدا ہو، اس کے متعلق سوال ہوگا۔

طریقہ نمبر ۲- الحیان و زائچہ میں تیرھویں شکل کی ایک شکل بنائیے۔ پہلی اور پانچویں سے دُوسری بنائیے۔ پھر ان دونوں سے ایک شکل نکال کر وہ شکل قدرتی طور پر جس خانہ سے متعلقہ ہو، اس خانہ کے منسوبات میں سے دل کی بات جانیں۔ (۲) اسی طرح جماعت و چودھویں اور چوتھی آٹھویں سے ایک شکل تیار کر کے سوال کی وجہ مانیں۔ (۳) انکیس و پندرھویں و ساتویں گیارھویں اشکال سے ایک شکل نکال کر سوال کا بھید جانیں۔ (۴) نصرۃ الخارج و سولھویں اور دسویں و چودھویں اشکال سے ایک شکل تیار کر و سوال پُورا ہوگا یا نہیں۔ ایسا جواب تلاش کریں۔

میری مٹھی میں کیا ہے؟ زائچہ میں حمرہ اور نقی میں سے ایک بھی شکل ہو تو مٹھی میں چیز ہے بصورت دیگر مٹھی خالی ہے۔ اگر یہ دونوں شکلیں زائچہ میں دو تین بار آئیں تو مٹھی میں بہت چیزیں ہیں۔ ۲- چوتھی اور چھٹی شکلیں اگر داخل ہو۔ تو بھی مٹھی میں کوئی چیز ہے۔ پانچویں چھٹی اور نویں شکلیں داخل ثابت ہوں تو داہنی ہیں۔ خارج ہوں تو بائیں مٹھی میں چیز ہے۔ پہلی شکل سے ملائم سخت، دُوسری سے رنگ تیسری سے رُوپ، چوتھی سے قد گول و لمبی وغیرہ۔ نویں سے ٹوٹی ہوئی وغیرہ۔ دسویں سے ذائقہ۔ بارھویں سے دھات وغیرہ قسم۔ ساتویں سے تعداد طاق و جفت کا وچار مطابق نقشہ معلوم کرنا چاہئے۔

روزگار: دُوسرے خانہ میں داخل شکل آئے تو روزگار جلد ملے۔ خارج شکل آئے تو روزگار ہونے کی کوئی صُورت نہیں۔ ثابت شکل ملے تو روزگار ہوگا مگر دیر بعد۔ اگر منقلب شکل پیدا ہو تو عرصہ بعد معمولی روزگار ہو۔

اولاد: اول و دسویں شکل کو آپس میں ضرب دو۔ جو شکل پیدا ہو۔ اس کو پھر چھٹی شکل سے ضرب دو۔ اب جو شکل تیار ہو اور وہ ان شکلوں سے مشابہت کھائے (…) تو لڑکا پیدا ہوگا۔ اگر حسب ذیل شکلوں میں سے کوئی شکل پیدا ہو تو لڑکی (…) دُوسرا طریقہ یہ ہے کہ ۱×۵ اور ۶×۷ کو ضرب دینے سے جو دو شکلیں آئیں۔ ان دونوں کو آپس میں ضرب دینے سے اگر آتش یا باد شکل پیدا ہو تو لڑکا پیدا ہوگا۔ اگر آب یا خاک شکل بنے تو لڑکی پیدا ہوگی۔

حمل: اگر چھٹے خانہ میں داخل یا ثابت کی شکل ہو تو حمل ضرور ہے۔ اگر خارج ہے تو حمل نہیں ہے۔ اگر منقلب کی شکل آئے تو حمل ہے لیکن خارج ہونے یا اولاد ہو کر نہ رہنے کا شک ہے۔ ایسی ہی شکل ۱۳ اور ۷، کو چار سے یا دونوں کو ضرب دیں اور وہ شکلیں داخل یا ثابت ہوں تو حمل ضرور ہے اگر خارج یا منقلب ہو تو نہیں ہے۔

چوری: ساتویں خانہ میں داخل شکل آئے تو اشیاء مل جائیں گی خارج شکل آئے تو نہیں ملیں گی۔ اگر منقلب شکل آئے تو کچھ پتہ چلے مگر اشیاء ملنے کی اُمید نہیں۔ ثابت شکل نکلنے پر مل جائیگی مگر ذرا دیر بعد۔ اگر بارھویں خانہ میں شبہ داخل، نصرۃ الداخل، عتبہ داخل انکیس شکل ہو تو چیز گھر میں ہی گم ہوئی ہے۔ اگر جماعت، جامع آئے تو وہ چیز کہیں گڑھے میں ہے اور نقی عتبہ خارج، نصرۃ الخارج۔ لحیان۔ فرح قبض الخارج طریق اور عقلہ شکل آئے تو راستہ میں گم ہوئی ہے۔

بیماری: خانہ اول اور چھٹے کو آپس میں ضرب دو۔ اگر اس شکل کا مالک سنیچر یا بدھ ہو تو بیمار کے تندرست ہونے کی کوئی اُمید نہیں۔ انکے علاوہ اگر کوئی اور شکل آئے جسکے مالک دُوسرے گرہ ہوں تو بیمار تندرست ہوگا۔

پردیسی: پہلے اور نویں خانہ میں باد اور آتش کے نقطہ ہوں تو پردیسی زندہ ہے۔ اگر آب و خاک کے نقطہ ہوں تو وہ زندہ نہیں ہے۔

مقدمہ: پہلی ساتویں اور دسویں شکل لے لو۔ پہلی اور دسویں شکل کو جمع کرنے سے داخل یا ثابت شکل پیدا ہو تو دریافت کرنے والا فتحیاب ہوگا۔ داخل یا ثابت شکل آئے تو شکست کھائے۔ اگر دونوں جگہ خراب و نیک دونوں شکلیں آئیں تو صلحنامہ ہوگا۔

دلی مُراد بر آئے گی؟ ۱×۱۱ اور ۱×۱۴ کو ضرب کرنے سے جو دو شکلیں نمودار ہوں ان کو پھر آپس میں ضرب دیں۔ اگر یہ شکل اس خانہ سے ملتی ہے جس کے متعلق مراد کا سوال ہے تو مراد پوری ہوگی ورنہ نہیں۔

قیدی: بارھویں خانہ میں خارج شکل ہو تو قیدی رہائی پائے گا۔ داخل شکل ہوگی تو رہائی نہ پائے گا۔ اگر منقلب شکل نکلے تو چھوٹ کر پھر قید ہوگا۔

دولت؟ پہلی دُوسری اور گیارھویں شکل نیک آئے تو دولت ضرور ملے گی۔ اگر بد شکلیں آئیں تو نہیں۔ اگر ملی جلی آئیں تو تھوڑی بہت مل جائے گی۔

قسمت کے روزانہ حالات، سوالات اور اُن کے جوابات

بغیر قرعہ جب کسی سوال کا جواب دریافت کرنا چاہو تو پروردگار کا دھیان دل میں لا کر سانس بند کر کے کاغذ یا سلیٹ وغیرہ پر چار سطروں پر جس قدر چاہیں نقطہ جات ڈالیں۔ ہر ایک سطر کے نقطوں کو شمار کریں۔ اگر نقطہ ۹ سے زیادہ ہوں تو ۹ پر تقسیم کر کے اگر جفت ہوں تو خط کا نشان لکیر (–) طاق ہوں تو (۰) دیا جائے۔

. . . . (۹)

. . . . (۱۱)

. . . . (۱۴)

. . . . (۱۷)

پہلی سطر میں ۹ نقطے ہیں یہ طاق ہے۔ اس کا نشان (۰) ہے۔ دوسری میں گیارہ نقطے ہیں ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی ۲ رہے۔ اس کا نشان (–) تیسری سطر میں ۱۴ نقطے ہیں۔ ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی ۵ بچے یہ طاق ہے اس کا نشان (۰) ہے۔ چوتھی سطر میں ۱۷ نقطے ہیں ۹ پر تقسیم کرنے سے ۸ بچے جس کا نشان (–) ہے اس کا مجموعہ شکل ہے۔ مندرجہ ذیل نقشہ میں اس شکل کے نیچے اور اپنے سوال کے مقابل جو حرف ملے۔ دوسرے صفحہ کے نقشہ میں اس حرف کے نیچے اور اس شکل کے مقابل جو جواب ملے گا وہی سوال کا جواب ہوگا۔

سوالات

نمبر	سوالات	۱ طریق	۲ قبض الداخل	۳ نقی	۴ اجتماع	۵ انکیس	۶ بیاض	۷ عتبہ داخل	۸ نصرۃ داخل	۹ نصرۃ خارج	۱۰ عتبہ خارج	۱۱ حمرہ	۱۲ عقلہ	۱۳ لحیان	۱۴ فرح	۱۵ قبض الخارج	۱۶ جماعت
۱	میری دلی مُراد پوری ہو جائے گی؟	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل
۲	میرا فلاں کام سرانجام ہو جائے گا؟	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف
۳	مجھے فلاں مقدمہ میں شکست ہوگی یا فتح؟	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب
۴	کیا میری پردیس میں ہمیشہ کے لئے رہائش ہوگی یا نہیں؟	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج
۵	مسافر گھر میں آجائے گا یا نہیں؟	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د
۶	میری گمشدہ چیز ملے گی یا نہیں؟	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر
۷	فلاں شخص میرا دوست سچا ہے یا نہیں؟	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر	س
۸	مجھے سفر کرنا پڑے گا یا نہیں؟	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر	س	ش
۹	فلاں شخص ہم سے محبت رکھتا ہے یا نہیں؟	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص
۱۰	شادی میرے لئے مبارک ہوگی یا نہیں؟	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض
۱۱	فلاں شخص اور عورت کے درمیان کیا سلوک ہے؟	ظ	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط
۱۲	فلاں عورت کے حمل میں لڑکا ہے یا لڑکی؟	ع	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ
۱۳	فلاں بیمار صحت یاب ہوگا یا نہیں؟	ف	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع
۱۴	فلاں شخص قید سے چھوٹ جائے گا یا نہیں؟	ق	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف
۱۵	آج کا دن ہمارے لئے کس طرح گذرے گا؟	ک	ل	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق
۱۶	میرے خواب کا نتیجہ کیا ہے؟	ل	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک

۰	·	الف	ب	ج	د	ر	س	ش	ص	ض	ط	ظ	ع	ف	ق	ک	ل
۱	....	دلی مراد چند یوم تک پوری ہوگی	لوگ قسمت کا عروج دیکھ کر جل جائیں گے	فائدہ ہوگا	دوسرے ملک سے اچھی دولت ملے گی	مسافر جلد واپس نہ آئے گا	کوشش کرو چیز مل جائے گی	یہ دوست نیک ہے	سفر کیلئے تیار رہو	اس محبت کا انجام درست نہ ہوگا	تکلیف کے بعد آرام و آسائش	تمہاری شادی خوبصورت شخص سے ہوگی	اسے لڑکا پیدا ہوگا اور خطاب ملے گا	بیمار کو صحت	قیدی خوشی کے ساتھ رہا ہوگا	آج کا روز تمہارے لئے خراب ہے	دوستوں کے ذریعہ بڑی خوشی ہوگی
۲	|.|.	تکلیف اور افسوس ہوگا	اگر تم اپنے ارادہ کو تبدیل کردو	یقیناً بدقسمت ہو	بےخوف چلے جاؤ فائدہ ہوگا	دوستوں سے فائدہ ہوگا	وہ واپس آنیکی ہمت نہیں رکھتا	نقصان ہوگا	تمہارا دوست کینہ ور ہے	سفر فائدہ مند ہے	صادق دل کی پاک محبت ہوگی	اس شادی میں کئی آفتوں کا سامنا ہوگا	لگاتار کوشش سے کامیابی ہوگی	اس کے لڑکی پیدا ہوگی	بیمار کی صحت میں شک ہے	اپنے دوستوں کی مدد سے قیدی بچے گا	آج کا دن خراب ہے
۳	.|.|	جو کام آج کے دن کرو ہوش سے کرو	کسی شخص کی ہمدردی ظاہر ہوتی ہے	قسمت پر شاکر رہو	تمہارے اب نیک دن آنیوالے ہیں	جس کی تلاش ہے مل جائے گا	سفر میں فائدہ ہوگا	مسافر واپس آجائے گا	دولت کی امید مت رکھو	حسب الحال دولت ہوگی	تمہارا مقصد کامیاب ہوگا	یہ محبت تبدیل ہونے والی ہے	یہ شادی کامیاب ہوگی	تمہاری شادی اچھے خاندان میں ہوگی	اس کے لڑکا پیدا ہوگا عمر دراز ہوگی	بیمار کو صحت ہوگی اور دیر تک جیتا رہیگا	باوجود تکلیف کے عزت حاصل ہوگی
۴	|..|	قیدی مرتا ہے اور اس کے دوستوں کو رنج ہوگا	ایسے دشمن ہیں جو تم کو دغا دینگے پریشانی ہوگی	ان کے درمیان دوستی ہوگی	ارادہ تبدیل کردو ورنہ تکلیف پاؤ گے	تمہاری قسمت اچھی نہیں ہے	تیری قسمت میں دولت ہے	گھر میں رہنے سے فائدہ ہوگا	مسافر جلد واپس نہ آئے گا	چوری شدہ مال دوست کے ذریعہ ملے گا	اس شخص کی دوستی پر بھروسہ نہ ہوگا	تم کو سفر مفید نہ ہوگا	وہ بھی تمہارا ہونا چاہتا ہے	اس شادی سے تمہیں آرام نہ ملے گا	تمہیں اچھا خاوند ملے گا	اس کے دو لڑکے پیدا ہوں گے	صحت نہ ہوگی
۵	.|||	اب بیماری رفع ہوگی مگر عمر کم ہے۔	بڑی مشکل سے اسے معافی ملیگی اور چھوٹیگا	تکلیف اٹھانے کے لئے تیار رہو	مراد دیر سے بر آئے گی	دوست کے ذریعہ مراد بر آئے گی	اس کام میں دیری ہے	اس کام میں فائدہ نہ ہوگا	پردیس میں دولت پاؤ گے	مسافر صحیح سلامت ہوگا	مال مسروقہ دستیاب نہ ہوگا۔ چور سزا پائیگا	اس شخص کی محبت سچی ہے	سفر میں فائدہ ہوگا	وقت کا انتظار کرو محبت بڑھے گی	اس شادی میں دیر نہ کرو	ایک دولتمند نوجوان تمہارا خاوند ہوگا	لڑکا پیدا ہوگا
۶	|.||	نیک اچھی خوبصورت عورت دولت کی بہتری کی ہے	بیمار مرجائے گا	قیدی مشکل سے چھوٹے گا	آج اس کا خیال ترک کردو	دشمن تکلیف پہنچانے کی کوشش کریں گے	اس وقت امید نہ رکھو	تمہاری ترقی ہوگی	اس کوشش کو ترک کردو	سفر میں فائدہ نہ ہوگا	مسافر دیر سے آئے گا	تمہارا نقصان ہوگا چور کو بڑی تکلیف پہنچیگی	اس شخص پر زیادہ اعتقاد نہ رکھو	گھر کے خطرے میں مت پڑو	اس دنیا میں تمہیں کوئی اچھی محبت نہیں کرتا	شادی جلد کرو تمہیں آرام ہوگا	دولتمند خاوند یا عورت ملیگی۔ مرد بد مزاج ہوگا
۷	|...	تم کو نیک روح عورت یا مرد ملے گا	اس کے ایک صاحب علم لڑکا پیدا ہوگا	بیمار کو آرام ہوگا	قیدی چھوٹ جائے گا	خبردار ہو تمہارا دشمن تم کو نقصان پہنچانیکو	تکلیف آنیوالی ہے	کام بن جائے گا	تمہارا ارادہ فضول ہے	پرماتما پر بھروسہ رکھو	تمہیں پردیس میں آرام ملے گا	مسافر جلد مع مال کے واپس ہوگا	کسی وقت تمہاری جائیداد مل جائیگی	یہ سچا احباب ہے	سفر کرنا مفید ہو	یہ صادق احباب ہے	اس سے شادی کرنا مبارک ہو
۸	..||	اگر تم اس سے شادی کرو تو اسکے ذریعہ فائدہ ہوگا	ایک دولتمند آدمی تمہارے لئے مقرر کیا ہے	لڑکی پیدا ہوگی	بیمار کی صحت میں شک ہے	قیدی مصیبت میں ہے آزادی مشکل ہے	آج کا دن اچھا ہے	دشمن کے ہاتھوں تنگ ہوگا	مراد بر آئے گی	بھلائی برائی سے تبدیل ہوگی	تمہیں کوئی کامیابی نہ ہوگی	تمہیں گھر میں رہنا فائدہ مند ہوگا	مسافر کے واپس ہونے میں شک ہے	تمہیں مال مسروقہ نہیں ملے گا	دوست نہیں بلکہ پوشیدہ دشمن ہے	گھر سے تم کامیاب ہوگے	اس کی تم سے محبت ہے
۹	||..	بہتر ہے تم اس محبت کو توڑ دو	اس شادی سے آرام ہوگا	یہ متوسط الحال ہے	خوبصورت لڑکا پیدا ہوگا	بیمار صحتیاب ہوگا	قیدی آزاد ہوگا	دن خراب آنے والے ہیں	خوش قسمتی نزدیک ہے	مراد بر آئے گی	جس کام میں تم لگے ہو کامیاب ہوگے	تمہیں کم فائدہ ہوگا	پردیس میں حسب خواہش کامیابی ہوگی	مسافر کچھ عرصہ کے بعد واپس ہوگا	مال مسروقہ تمہیں جلد دستیاب ہوگا	یہ دوست بڑا نیک ہے	اپنے گھر میں فائدہ ہوگا
۱۰	|...	سفری ارادہ توڑ دو فائدہ کیصورت نہیں	یہ سچی محبت ہے	اس شادی سے بیکاری ہوجائیگی اور نقصان ہوگا	وہ دل کا امان ہے لیکن غریب	لڑکا پیدا ہوگا اور خوش نصیب ہوگا	بیمار کی صحت میں شک ہے	قیدی مر جائے گا	آج کا دن اچھا ہے	دن اچھے آئیں گے	اپنے ارادہ کو تبدیل کرو تمہیں فائدہ نہ ہوگا	تمہیں رنج و تکلیف ہوگی	تمہیں کچھ فائدہ نہ ہوگا	پردیس میں غیر عورت سے نقصان کا اندیشہ ہے	مسافر واپس نہ ہوگا	تم کو مال کبھی نہیں ملے گا	وہ دغاباز ہے بھروسہ نہ کرو
۱۱	||.|	تمہارے ساتھ سچی دوستی ہے	پرماتما تمہیں نیک مشورہ دے گا	اس محبت کو چھوڑ دو	اس شادی سے آرام ملے گا	تمہارا دوست پاگل ہو کر نقصان پہنچائے گا	اچھا لڑکا پیدا ہوگا	بیمار آرام پائے گا	قیدی کوئی دن کے بعد رہا ہوگا	دشمن سے خبردار ہو جاؤ	نہیں گھبرائیے	تم خاطر خواہ کامیاب ہوگے	توقع سے زیادہ فائدہ ہوگا	جیسی تم امید کرتے ہو جلدی مل جائے گا	کوئی غیر ملک کی عورت دولت بڑھائیگی	وہ شخص بیمار ہے ابھی واپس نہیں آسکتا	تمہاری جائداد تم کو ملے گی
۱۲	.||.	تم کو چوری کا مال نہیں ملے گا	تم کو چوری کا مال نہیں ملے گا	تمہارا سفر کرنا فضول ہے	تم ایسے آدمی سے پریم مت کرو وہ تمہارا بدخواہ ہے	اس شادی سے تکلیف ہوگی	ایک لائق شخص اور دولت ملے گی	کمزور لڑکی پیدا ہوگی	صحت ہوگی	قیدی آزاد ہوگا	صبر کرو چند روز میں تمہاری حالت درست ہو جائے گی	تمہیں روپے ملیں گے	مراد جلد بر آئیگی	بڑی کامیابی ہوگی	فائدہ میں دغا ہوگا	اپنی محنت پر بھروسہ رکھو گھر میں رہو	مسافر جلد واپس آجائے گا
۱۳	|||.	مسافر بخوشی جلد واپس آئے گا	اچانک تمہاری جائداد تمہیں مل جائیگی	سچی اور پاک محبت ہے یقین رکھیں	ہوشیار رہو سفر میں فائدہ ہوگا	یہ محبت تم پر جھوٹی ہے	تمہارے کاموں کو ناش کرے گا	تمہیں اچھا نیک دوست ملے گا	لڑکا پیدا ہوگا	بیمار صحتیاب ہوگا	قیدی رہا ہوگا	باوجود دشمنی کے تم اچھا کرو گے	شادی میں مدعو کئے جاؤ گے	اتنے پر بھی صبر کرو	مصیبتیں رفع ہوں گی	خوش ہو تمہارے اچھے دن آنیوالے ہیں	پردیس میں تم خوش رہو گے
۱۴	||..	تم اپنی جگہ قائم رہوگے	اس وقت وہ مہلت کے سبب کچھ نہیں	نہیں وہ نہیں ملے گا	وہ جھوٹ کہتا ہے	اس وقت کا سفر نقصان دہ ہے	یہ محبت سچی ہے اور قائم ہی رہے گی	اس شادی سے تکلیف ہوگی	شادی جلد ہوگی	خوبصورت لڑکی ہوگی	بیمار مر جائے گا	قیدی دیر تک جیل کی ہوا کھائے گا	بدبختی کی شکایت کا موقعہ نہیں ملیگا	رنج رفع ہوگا اور خوش نصیبی ہوگی	امید سے فائدہ ہے	اپنی نیک بختی پر بھروسہ نہ کرو	کامیابی کی امید ہے
۱۵	|.|.	حکم اس مقدمہ میں حاکم کی ضرور امداد ملیگی	تمہیں دوسری جگہ جانا پڑے گا	بیماری کی وجہ سے تمہیں کچھ نہیں مل سکتا	کوشش سے تمہاری دولت ملے گی	اس وقت حساب عزت کا خراب ہے	سفر میں نقصان نہ ہوگا	اس محبت کو چھوڑ دو	اس شادی کو ترک کرو	اس شادی سے آرام ملے گا	اس کے لڑکا پیدا ہوگا	بیمار کو صحت ہوگی	قیدی رہا ہوگا	قسمت کا ستارہ چمکنے والا ہے	جلدی خوشخبری سنوگے	تمہاری خواہش پوری ہوگی	تم اب بھی شان شوکت کیساتھ رہو گے
۱۶	||||	تمہاری قسمت اچھی ہے پرماتما سے دعا کرو	کچھ فائدہ نہ ہوگا	تمہاری قسمت میں بھٹکنا ہے	تمہیں پردیس جانا ہوگا	چوری گیا مال نہیں ملے گا	اس دولت پر بھروسہ مت رکھو	تمہیں سفر کرنا پڑے گا	یہ محبت تا زیست رہے گی	اس شادی سے فائدہ نہ ہوگا	بمشکل سے تمہارا شریک ملیگا	اس کے لڑکی پیدا ہوگی	بیماری سے صحت کی کم امید ہے	قیدی مرجائیگا	تم پر مصیبت آنے والی ہے	آج کا دن تمہارے لئے اچھا ہے	جو کچھ تمہارے پاس ہے اس پر صبر کرو

پرشن یعنی سوالوں کے جوابات دینے کا طریقہ!

۱۔ لگن میں ذات جسم کا حلیہ کلیش وغیرہ۔ عادت وخصلت۔ ۲۔ دُوسرے گھر سے دھات علم متعلقہ راستہ رُوپیہ نفع یا نقصان۔ ۳۔ گھر میں بھائی۔ بہن۔ نوکر۔ بیوپار۔ کوشش عزیز دوست۔ ۴۔ زراعت۔ دوائی۔ دفینہ جائداد۔ غار۔ سُرنگ کا حال۔ والدہ۔ دوست۔ رنج وراحت۔ گھر پہنچنا۔ ۵۔ حمل منتر کے علم کا حاصل کرنا عقل۔ ۶۔ دشمن۔ ماموں۔ روگ۔ مویشی۔ چور کا خوف۔ ۷۔ تجارت جھگڑا۔ عورت۔ پردیسی کی واپسی۔ بیمار کی موت۔ مُصیبت سے رہائی۔ سفر بیوپار۔ حالات چور۔ ۸۔ قلعہ۔ جائداد۔ عمر۔ مقابلہ دشمن۔ بیماری۔ ۹۔ باؤلی۔ کنواں۔ مندر۔ سفر۔ دھرم کا کام۔ بلندی قسمت۔ ۱۰۔ پُن جائے رہائش۔ والد۔ گورو۔ بارش۔ نوکری۔ روزگار پردیس جانا۔ عزت۔ بلندی مراتب۔ ۱۱۔ ہاتھی۔ گھوڑا۔ پالکی وغیرہ کی سواری۔ رُوپیہ کا لابھ۔ عمر۔ اولاد۔ ۱۲۔ تیاگ۔ بھوگ۔ جھگڑا۔ بُری چیز۔ خرچ۔ قرضہ۔ کھیتی کا کام دیکھا جاتا ہے۔

مُٹھی پرشن!

۱۔ مُٹھی میں کوئی چیز رکھ کر اگر کوئی پُوچھے تو لگن کے مطابق اس کا جواب دو۔ میکھ لگن ہو۔ تو لال رنگ کی چیز ہو۔ برکھ لگن ہو تو سفید رنگ کی۔ متھن ہو تو سبز رنگ کی۔ کرک ہو تو سفید رنگ کی۔ سنگھ ہو تو دھوئیں رنگ کی۔ برسچک ہو تو تانبے رنگ کی۔ دھن لگن ہو تو زرد۔ مکر اور کنبھ ہو تو کالی۔ اور مین لگن ہو تو زرد رنگ کی چیز مُٹھی میں کہہ دینا۔

۲۔ عام طور پر پرشن کی تین قسمیں ہیں۔ اوّل دھاتو۔ سونا۔ چاندی۔ پیتل۔ تانبہ وغیرہ۔ بلکہ مٹی کو بھی دھاتو کہتے ہیں۔ دوئم مول۔ جس کی جڑ زمین میں ہو۔ مثلاً درخت۔ جھاڑی۔ بیل۔ بُوٹے۔ سوئم جیو۔ جاندار کو کہتے ہیں جو چل پھر اور سانس لے سکتا ہو۔

۳۔ پرشن لگن میکھ۔ سنگھ۔ برسچک میں سُورج و منگل ہوں یا لگن کو دیکھتے ہوں۔ تو دھات کا سوال ہوگا۔ اگر متھن۔ کنیا۔ مکر۔ کنبھ لگن ہو۔ بُدھ و شنیچر پڑے ہوں یا دیکھتے ہوں تو مول کا سوال۔ اور کرک۔ برکھ۔ تُلا۔ دھن۔ مین لگن میں چندرماں۔ برہسپتی و شکر پڑے ہوں یا دیکھتے ہوں تو جیو کا سوال سمجھیں۔

۴۔ کیندر یعنی ۱-۴-۷-۱۰ میں سُورج منگل طاقتور ہو کر بیٹھے ہوں تو دھات کا سوال ہوگا۔ بُدھ و شنیچر ہوں تو مول کا سوال ہوگا۔ چندرماں۔ برہسپت۔ شکر ہوں تو جیو کا سوال جانو۔ کونسا جیو۔ مثلاً انسان یا حیوان درندہ یا پرند اس کی ذات و رنگ معلوم کرنے کے لئے نقشہ کو مُلاحظہ فرمائیں۔ کونسی دھاتو ہے۔ یہ معلوم کرنے کیلئے گرہ یا لگن کی راشی کی جو مقررہ دھاتو ہے۔ جو کہ نقشہ میں خلاصہ طور پر درج ہے۔ دیکھ لی جائے۔ ایسے ہی اگلے صفحہ میں درج نقشہ کی مدد و دماغی قابلیت سے تنکے سے لیکر پہاڑ تک کی مول اشیا کو جانچ کر بتا سکتے ہیں

۵۔ لگن کا مالک اور گیارھویں خانہ کے مالک میں سے جو زیادہ طاقتور ہو۔ اس سے جتنے گھر میں چندرماں بیٹھا ہو۔ اس گھر کا سوال خیال کرو۔ نیز جہاں چندرماں بلوان ہو۔ اِس سے لگن کا سوامی جہاں بیٹھا ہو۔ اس گھر کا سوال خیال کرو۔ نیز جہاں چندرما بلوان ہو۔ اس سے لگن کا سوامی جہاں بیٹھا ہو۔ اسی بھاؤ کو سمجھ کر سوال کرنے والے کے خیالات سمجھنے چاہئیں۔

سوالات و جوابات

جس خانہ میں مالک خانہ یا شبھ گرہ بیٹھے ہوں۔ یا دیکھتے ہوں۔ اس خانہ کی ترقی ہوتی ہے۔ اگر پاپی گرہ بیٹھے دیکھتے ہوں تو اس گھر کا نقصان کرتے ہیں۔ جس گھر کا مالک ۶-۸-۱۲ خانہ میں بیٹھا ہو یا ۶-۸-۱۲ خانہ کا مالک جس گھر میں بیٹھا ہو۔ اس گھر کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ جنم کنڈلی پرشن کنڈلی و برس کنڈلی میں سب جگہ اس کا وچار کرنا چاہئیے۔

کارج سِدّھی

۱۔ پرشن لگن کا مالک پرشن لگن کو اور خانہ سوال کا مالک خانہ سوال کو دیکھے یا لگن کا مالک اور خانہ سوال کا مالک ایک دُوسرے کو دیکھتے ہوں یا لگن کا مالک خانہ سوال کو دیکھے اور خانہ سوال کا مالک لگن کو دیکھے۔ یا ان گھروں میں بیٹھے ہوں۔ چندرماں کی پُوری نظر بھی ہو۔ تو کام میں پوری پوری کامیابی ہوگی۔ ۲۔ متھن۔ سنگھ۔ کنیا۔ تلا۔ برسچک اور کنبھ میں سے کوئی لگن ہو۔ نیک سیارہ اس میں بیٹھا ہو۔ یا دیکھے تو کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ برعکس ہونے سے ناکامیابی

سفر و پردیسی سوال ۱۔ میں سفر کروں گا یا نہیں۔ ۲۔ پردیسی راضی خوشی ہے یا بیمار ہے۔ (جواب) اگر دستھر لگن برکھ۔ سنگھ۔ برسچک کنبھ ہوں تو کہو۔ ۱۔ تم سفر نہیں کرو گے۔ گھر ہی رہو گے۔ ۲۔ پردیسی وہیں ہے اور راضی خوشی ہے۔ فکر نہ کریں۔ اگر اس وقت (چر لگن) میکھ۔ کرک۔ تلا یا مکر لگن ہو تو کہو کہ تم سفر ضرور کرو گے۔ ۲۔ پردیسی شخص بیمار ہے۔ اور ضرور مر جائے گا۔ ۳۔ گم شدہ چیز نہیں ملے گی۔ اگر اس وقت مین متھن۔ کنیا۔ دھن لگن ہو۔ تو اوسط درجہ کا یعنی درمیانہ پھل ملتا ہے اگر ان لگنوں کا پہلا نصف حصّہ ہو تو چر لگنوں کا پھل ہوگا۔ اور اگر پچھلا یا نصف حصّہ ہو۔ تو ستھر لگنوں کا پھل ہوتا ہے۔

اگر چوتھے یا دسویں خانہ میں نیک سیارگان ہوں۔ تو سفر نہیں ہوگا۔ بدسیارے ہوں۔ تو ضرور ہوگا۔ پرشن کے وقت اگر پنچم استھانوں میں کوئی گرہ پڑا ہو۔ تو مسافر جلد واپس آئے گا۔ اگر کیندر استھان میں گرہ ہوں اور وہ جلد تبدیل ہونے والے ہوں۔ یعنی جتنے دنوں میں تبدیل ہوں گے۔ اُتنے ہی دنوں میں مسافر واپس آئیگا۔ اگر ۲-۵-۱۱ میں چندرما ہو تو مسافر ضرور واپس آئے گا۔ اگر نویں بھاؤ کا سوامی کسی بھی راشی کے پندرہ انشوں کو بھوگ چکا ہو۔ اور چندرماں پرشن لگن سے ساتویں ستھان پر ہو تو مسافر راستہ میں آرہا ہے۔ پرشن کے وقت لگن چر ہو نوانشا بھی چر ہو اور لگن سے چوتھے استھان پر چندرماں ہو تو مسافر گھر یعنی منزل مقصود پر پہنچ گیا۔

شادی؟ اگر پرشن لگن سے ۲-۳-۶-۷-۱۰-۱۱ خانہ میں چندرماں ہو اور برہسپت دیکھے تو عورت ملے۔ اگر چندرماں پاپی گرہوں کے ساتھ ہو۔ یا پاپی گرہ دیکھتے ہوں تو بیاہ نہ ہو۔ اگر لگن سے ۳-۵-۶-۱۱ خانہ میں چندرماں ہو اور اس کو سُورج۔ بُدھ۔ برہسپت دیکھے تو بیاہ ہو۔ اگر کیندر اور ترکون میں شبھ گرہ ہوں پاپی نہ ہوں تو بیاہ ہوگا۔ اگر لگنیش ساتویں گھر میں اور ساتویں گھر کا مالک لگن میں ہو یا ہر دو آپس میں دیکھیں تو بیاہ ہوگا۔

حمل و اَولاد؟ لگنیش اور چندرماں کیندر یعنی ۱-۴-۷-۱۰ گھروں میں آپس میں اتصال کریں تو عورت کو حمل ہے۔ اگر ۳-۶-۹-۱۲ گھروں میں اتصال کریں یا لگنیش اور مالک خانہ پنجم آپس میں نہ دیکھیں تو عورت کو حمل نہیں ہے۔ اگر سوال کنندہ پُوچھے کہ عورت کو کتنے مہینے کا حمل ہے۔ تو لگن سے جتنے گھر میں شکر بیٹھا ہو۔ اُتنے مہینوں کا حمل ہوگا۔ اگر شکر نویں گھر کے اُوپر ۱۰-۱۱-۱۲ خانہ میں ہو تو پھر پانچویں گھر سے شکر کا شمار کر کے حمل کے مہینے جانو۔

حمل میں کیا ہے؟ اگر لگنیش اور پنچمیش یعنی مالک خانہ پنجم ۱-۳-۵-۷-۹-۱۱ اس میں بیٹھے تو حمل میں لڑکا ہوگا۔ اور ۲-۴-۶-۸-۱۰-۱۲ راس میں ہوں تو حمل میں لڑکی ہوگی۔ اگر لگنیش سُورج منگل۔ برہسپت میں سے کوئی ہو۔ اور وہ ۱-۳-۵-۷-۹-۱۱ راس ہو یا پانچویں گھر میں سُورج منگل۔ برہسپت ہوں۔ تو لڑکا ہوگا۔ اگر پانچویں گھر چندرماں۔ بدھ۔ شکر ہوں تو لڑکی پیدا ہوگی بوقت سوال تتھ۔ نچھتر۔ یوم اور نام کے ہندی حروف ان سب کو جمع کر کے ۷ پر تقسیم کرو۔ اگر باقی ۱-۳-۵ بچیں تو لڑکا پیدا ہو۔ اگر صفر ۲-۴-۶ بچیں تو لڑکی پیدا ہوگی۔

بیماری؟ لگن حکیم۔ خانہ ہفتم بیماری۔ چہارم دوائی اور دہم بیمار سمجھیں۔ اگر لگن میں شبھ گرہ ہوں۔ تو حکیم مریض کو تندرست کر دیگا۔ اگر باقی گرہ ہوں۔ تو حکیم سے بیماری زیادہ ہوگی۔ اس لئے حکیم تبدیل کرلو۔ اگر چندرما ۴-۸ خانہ میں ہو۔ اور پاپی گرہوں کے درمیان میں ہو۔ تو مریض مرجائے گا۔ اگر چندرما کو طاقتور شبھ گرہ دیکھتے ہوں تو جلد آرام آجاوے گا۔ اگر لگن میں چندرماں اور ساتویں گھر میں سُورج ہو تو مریض مرجاوے گا۔ اگر چھٹے گھر کا مالک پاپی گرہ ہو کر لگن میں بیٹھے اور جنم راس کو دیکھے تو مرجائے۔ اگر لگن اور دسویں گھر کے مالک ۴-۷ گھر کے مالک آپس میں دوست یعنی ایک دُوسرے سے ۳-۱۱-۵-۹ گھر میں ہوں تو مریض تندرست ہوجاوے۔ مگر ان گھروں کے مالک ایک دُوسرے سے ۱-۴-۷-۱۰ گھر میں واقع ہوں۔ تو بیماری بڑھیگی۔ اگر لگنیش طاقتور ہو اور کیندر میں کوئی شبھ گرہ اوچ راس کا ہو کر بیٹھا ہو یا ترکون یعنی ۵-۹ خانہ میں شبھ گرہ اُوچ کا ہو تو مریض کو جلد آرام ہوگا۔ اگر لگن چر ہو۔ تو بیماری کبھی ہٹ جاتی ہے۔ کبھی پھر ہو جاتی ہے۔ ستھر ہو تو بیماری متواتر ایک ہی لگی رہتی ہے۔ دسبھاؤ ہو۔ تو ایک بیماری چھوڑ دُوسری ہوتی ہے۔ ایسے سمجھو۔


بلندیٔ مراتب؟ اگر گیارھویں گھر کے مالک سے لگنیش ۳-۵-۹-۱۱ گھر میں ہو اور آپس میں اتصال کریں۔ تو جلد مرتبہ ملے گا۔ اگر ۱-۴-۷-۱۰ گھر میں اتصال ہو۔ تو دیر سے ملیگا۔ اگر ہر دو گرہ کیندر میں ہو کر اتصال کریں اور گیارھویں گھر میں کرک یا برکھ راس کا چندرماں ہو تو اُمید پوری ہوگی۔ اگر گیارھویں گھر کا مالک غروب و پاپی گرہ کے ساتھ ہو۔ تو اُمید پوری ہو کر پھر نااُمیدی ہوجاوے۔ اگر گیارھویں گھر کا مالک شبھ گرہ کے ساتھ ہو یا شبھ گرہ دیکھے تو مرتبہ ملے۔

خرید و فروخت؟ خرید کرنے والا لگنیش یعنی لگن کا مالک اور فروخت کرنے والا لابھیش یعنی گیارھویں گھر کا مالک ہوتا ہے۔ ان دونوں کی طاقت دیکھ کر سوال کا جواب دینا چاہئیے اگر لگنیش طاقتور ہو تو چیز خرید کرنے سے فائدہ ہوگا۔ اگر لابھیش طاقتور ہو تو چیز فروخت کر دینا چاہیئے کیونکہ آئندہ ارزاں نرخ ہوجاوے گا۔ اگر کمزور ہو۔ فروخت کرنے سے نقصان ہوگا۔

زمین؟ لگنیش اور چندرماں اور مالک خانہ چہارم آپس میں اتصال کریں۔ یا ایک ہی گھر میں تینوں ہوں تو زمین ضرور ملیگی اگر ساتھ ہی پاپی گرہ بھی بیٹھے ہوں یا دیکھتے ہوں تو زمین نہیں ملیگی

زراعت؟ اگر پرشن لگن میں پاپی گرہ ہوں تو زراعت کو چوروں کا خطرہ ہو۔ اگر یہ پاپی گرہ وکری یا زیادہ تیز رفتار ہوں تو تھوڑا سا نفع ہو۔ اگر لگن میں شبھ گرہ ہوں تو زراعت سے اچھا نفع ہو۔ اگر چوتھے گھر میں پاپی گرہ ہوں۔ تو کسان زراعت کو چھوڑ کر بھاگ جاویگا۔ اگر ساتویں گھر میں شبھ گرہ ہوں تو زراعت اچھی ہوگی۔ اگر پاپی گرہ ہوں زراعت کم ہو گر دسویں گھر کا مالک دسویں خانہ میں ہو اور ساتھ ہی شبھ گرہ ہی بیٹھے یا دیکھتے ہوں تو فصل بہت اچھی ہو۔

علم قیافہ ——— یعنی ——— علم سامدرک



کون	ترنجھ	گنگ	جال
داغ	چھتر	ٹاپو	

ہاتھ میں کچھ دیگر نشان

ہاتھ کے دونوں نقشے اُوپر دیئے گئے ہیں لیکن ہاتھ میں کئی قسم کے اور دُوسرے نشان بھی دیکھے جاتے ہیں۔ اِن میں سے آٹھ مشہور نشان یہ ہیں۔
(۱) داغ (۲) چھتر (۳) ٹاپو (۴) سم کون (۵) کون (۶) ترنجھ (۷) گنگ (۸) جال۔ اِن نشانوں کی تصویریں نقشہ میں دی ہوئی ہیں۔ اِس کی مدد سے عالم لوگ اِن نشانوں کی شکلیں سمجھ سکتے ہیں۔ اِن نشانوں میں سے چھتر۔ ٹاپو۔ سم کون۔ کون اور ترنجھ یہ پانچ شُبھ ہیں۔ داغ، گنگ، اور جال یہ تین اشُبھ ہیں۔ جو نشان جس ریکھا کے نزدیک ہو، یا درمیان ہو، وہ اُسی ریکھا کے پھل کو نیک و بد بنائے گا۔ اشُبھ نشان جس ریکھا کے نزدیک ہوں گے۔ اسی پھل میں بُرائی پیدا کریں گے۔ اسی طرح شُبھ نشان بھی اپنا پھل دکھائیں گے۔ اگر مندرجہ بالا نشانوں میں سے کوئی نشان کسی گرہ کے مقام پر ہو، تو اُس گرہ کے پھل پر بھی اس نشان کا اثر پڑے گا۔ مثلاً بد نشان اُس گرہ کے پھل اپنی بُرائی کو ظاہر کرے گا۔ اِسی طرح شُبھ نشان اس گرہ کے اشُبھ پھل میں سُدھار اور شُبھ پھل میں ترقی کرے گا۔
پرماتمانے جو کچھ نصیبوں میں لکھا ہے، وہی عملی طور پر انسان کی زندگی میں واقع ہوتا ہے اس کے بَرخلاف کچھ نہیں ہوسکتا۔ پرماتمانے انسان کے جسم کی شکل وشباہت اور اس کی ساخت و بناوٹ کے ایسے نشانات ڈھالے ہیں جس سے اس کی خاصیت اور ماہیئت بخُوبی معلوم ہوسکتی ہے۔ یہ قدرتی نقش ونگار جن کو پرماتمانے ہر ایک انسان کے جسم پر اس کی تقدیر کے موافق کھینچے ہیں تاکہ عقلمند ان کی خاصیت اس کے نقش ونگار سے واقف ہو جاوے۔ ہاتھ اور انگلیوں کی سیدھی وٹیڑھی لکیریں ہتھیلی کی بناوٹ، ناخنوں کے رنگ اور بناوٹ کے دیکھنے سے تقدیر معلوم ہوسکتی ہے۔
کلائی کی بناوٹ:۔ کلائی پر لائن یعنی ریکھا کا ہونا خوش قسمتی کی علامت ہے۔ اگر تعداد میں فقط ایک ہی ریکھا ہو تو وہ اُس انسان کی عمر صرف ۳۰ سال ظاہر کرتی ہے۔ اور اگر دو لائن ہو جاویں تو اُس سے دوگنی عمر ظاہر ہوگی۔ اسی طرح سے جتنی ریکھائیں کلا پر ہو جاویں اُسے دوگنا کرتے جاویں۔ یعنی اگر چار ریکھائیں پڑ جائیں تو وہ ایکسو بیس (۱۲۰) سال کی عمر ظاہر کریں گی۔
ہاتھ سے پہچان:۔ سخت ہاتھ والا حکومت کرنے میں یاور ہوگا۔ نرم ہاتھ والا آرام طلب ہوگا۔ نرم اور پھیلے ہوئے ہاتھ سُست طبیعت اور مند بھاگ ہونے کی علامت ہے۔ سخت اور مضبوط ہاتھ والا صبر اور پھُرتی والا ہوگا۔ چھوٹا ہاتھ زندگی غلامی میں گذارنے کی علامت ہے۔ لمبے ہاتھ والا بچپن ہی کی لیاقت سے زندگی عمدہ بنانے والا ہوگا۔ لمبا۔ بدنُما اور سخت ہاتھ جلّاد۔ بے رحم اور بُری قسمت والا ہوگا۔ ہاتھ پاؤں چھوٹے مطلب پرست اور منحُوس مانا گیا ہے۔ صاف اور عُمدہ ہاتھ عقل شرافت کو ظاہر کرتا ہے۔
ہاتھ کے چھ درجے:۔ رُوحانی ہاتھ۔ سپاٹ ہاتھ۔ متفرقہ ہاتھ۔ مثلثی ہاتھ۔ مربع ہاتھ۔ منطقی ہاتھ۔
رُوحانی ہاتھ:۔ جس کی انگلیوں کے جوڑ معلوم ہی نہ ہوں۔ اور ناخن کی پوری نوکیلی ہو۔ تو ایسا انسان جو قسمت کرے گی دیکھا جائے گا کے قول کا عادی ہوگا۔ سپاٹ ہاتھ:۔ جس کی انگلیوں کے درمیانی جوڑ موٹے اور سرے اُن کے گول ہوں تو ایسا انسان محنتی ارادہ کا پکا۔ جس بات پر اَڑے پیچھے نہ ہٹے۔ متفرقہ ہاتھ:۔ جس کا انگوٹھا چھوٹا

انگلیاں تراشی ہوئی سی ہوں ایسا شخص قدرتی عقل والا۔ سترمناک اور ڈرپوک ہوگا۔ مثلثی ہاتھ :جس کی انگلیوں نوکیدار اور جوڑ اُن کے ہوئے ٹھوں جسن پرستی پر مرمٹنے والا ہوگا۔ مُربع ہاتھ ، جس کی انگلیوں کے سرے چوڑے ہوں۔ حکومت کا خواہش مند ارادے کا پکا۔ منطقی ہاتھ، جس کا انگوٹھا لمبا انگلیوں کے جوڑ باہر کو یا موٹے ہوں، تو ایسا شخص معاملات کی جڑ تک پہنچنے والا ہوگا۔

ہاتھ دیکھنے کا طریقہ اور وقت :- مرد کا دایاں اور عورت کا بایاں ہاتھ دیکھنے کے علاوہ دونوں ہاتھوں کا بغور مطالعہ کرنا چاہیئے۔ غذا کھانے کے بعد رات کے وقت نیز کم روشنی میں ہاتھ دیکھنا اور نہ ہی دکھانا چاہیئے۔ بعد ورزش یا کسی بوجھ اُٹھانے کے اور نہ ہی کسی منشی اشیاء استعمال کے بعد ہاتھ دکھانا چاہیئے۔ ہاتھ دیکھنے کے وقت سب سے پہلے عمر ریکھا کو دونوں ہاتھوں میں غور سے دیکھنا چاہیئے۔ ہاتھ کو غور سے دیکھو اور خیال رکھو کہ بعض لوگوں کے ہاتھوں میں بباعث محنت و مشقت زائد ریکھا بھی بڑھ جاتی ہے۔ ایسے لوگوں کے ہاتھ دیکھنے میں زیادہ احتیاط رکھی جاوے۔

پشت ہاتھ دیکھنے کا طریقہ :- جس مرد کے ہاتھ کی پشت پر بال معلوم نہ ہوں، کوئی بھی نس اُبھری ہوئی نظر نہ آوے۔ اور پشت کی اونچائی زیادہ ہو، تو وہ انسان خوش قسمت ہوتا ہے۔ اور اگر کسی عورت کے ہاتھ کی پشت پر بال ہوں اور نسیں بھی نظر نہ آویں اور اونچائی نہ ہو تو وہ بدنصیب عورت ہے۔ یا جلدی بیوہ ہوگی۔ زیادہ بالوں اور نسیں اُبھری ہوئی والا ہاتھ غریبی کی علامت ہے۔ پشت پر زیادہ بال دھوکہ باز اور چالاک ہونے کی نشانی ہے۔ بالکل بال نہ ہونے سے بے وقوف ہونے کی علامت ہے۔ چھوٹے چھوٹے بال یا نہ معلوم بال ہونے سے عقلمندی اور ریاست کی نہ تک پہونچنے اور آرام پسند ہونے کی علامت ہے۔ عورت کے ہاتھ کی پشت پر بالوں کا ہونا اس کی بے رحمی کو ظاہر کرتا ہے۔ انگوٹھے پر بالوں کا ہونا عقل مندی کا نشان ہے۔ انگلیوں کی گانٹھ یعنی جوڑوں پر بالوں کا ہونا دل کی سختی کی علامت ہے۔ انگلیوں کی پشت پر بالوں کا ہونا ظالم اور بدکار ہونے کا نشان ہے۔

ہتھیلی کی پہچان

جس کی ہتھیلی بھاری یا موٹی ہو۔ لالچی و معمولی درجہ کی زندگی کی نشانی ہے۔ لاغر یا کمزور ہتھیلی غریبانہ حالت و غریبانہ روزگار ہونے کی علامت ہے لمبی ہتھیلی فقط ظاہر کرنے کی طاقت ہی ظاہر کرتی ہے دیگر لمبی یا گول ہتھیلی حکمران و خوش گذران ہونے کی دلیل ہے۔ کوئی آدمی ایسا نہ ہوگا جس کے ہاتھ میں سیدھے یا ٹیڑھے خط نہ ہوں اگر بر تقدیر کوئی ایسا آدمی جس کے ہاتھ میں بالکل کوئی ریکھا نہ ہو، تو اول اس کی زندگی محال ہوتی ہے۔ اگر کسی اور علامت سے وہ زندہ رہ ہی جاوے تو بڑا فراق اور سفاک ظالم ہو۔ اور اگر کسی کے ہاتھ میں قدر شمار ریکھا بکثرت ہوں تو وہ شخص مفلس اور تنگ دست ہو، اور اگر ریکھا گہری اور چکنی اور دراز ہوں تو ہر ایک کام میں کامیابی حاصل ہو۔ پس ہاتھ کو غور سے دیکھو۔

ہاتھ کی ہتھیلی کی رنگت سے پہچان :- سفید رنگ کی ہتھیلی والا سوار یعنی خود غرض و خود پسند ہو، دوسروں کے کام نہ آئے۔ سُرخ رنگ کی ہتھیلی والا دولت مند اور صاحب جائداد ہو۔ زرد رنگ طبیعت میں گرم مزاجی۔ غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات پیدا کرے۔ سیاہ رنگ طبیعت کا کف بلغمی۔ بزدل و دکھی رہے۔ منشی اشیا کا استعمال کرے۔ بھوسلا رنگ غریبی کی علامت ہے۔ سست دکائر ہو گلابی تنگ قسمت آور ہے۔ اقبال مند انصاف پسند دانا و عاقل ہو۔

ناخنوں سے پہچان :- ناخون ۹ مہینے میں پورا ہو جاتا ہے۔ اس لئے پھٹے ہوئے ناخنوں سے بیماری کے وقت کا پتہ لگ جاتا ہے۔ ناخون گول ہونا علم و ہنر والا اور شرمسار ہونے کی علامت ہے۔ چوڑے ناخون پٹھوں کی بیماری کو ظاہر کرتے ہیں۔ چھوٹے ناخون تنگ دل لالچی اور جلد باز ہونے کی نشانی ہے اور بہت ہی چھوٹے ناخون کم عقلی کو ظاہر کرتے ہیں۔ لمبے ناخنوں سے پھیپھڑے کی بیماری یعنی تپ دق۔ دمہ چھاتی کی بیماری کا پتہ چلتا ہے۔ اگر لمبے ناخنوں میں نیلے پن کی جھلک دکھائی دے، تو جسم میں خون کی کمی و دل کی کمزوری ظاہر کرتے ہیں۔ پتلے جھکے ہوئے اور ٹیڑھے ناخنوں سے نازک حالت خراب معنوں میں ہونے کی نشانی ہے۔

ناخنوں کی رنگت سے پہچان :- سبز رنگ سے شریر فسادی۔ نیلا یا سفید رنگ سے خون کی کمی۔ بیمار۔ زرد رنگ سے دل کی بیماری۔ سیاہ رنگ سے عمر بھر کم دولت اور غرضیکہ سونے یا سکہ کا رنگ سے پریشانی کی علامت ہے۔

انگلیوں کی پوریوں سے پہچان

انگوٹھے کی دو اور باقی کی تین تین پوریاں ہوتی ہیں۔ انگلیوں کی پوریوں پر سیدھی اور کھڑی باریک لکیریں اوپر کی طرف اٹھی ہوئی خوش قسمتی کی علامت ہے۔ اور اسی سے انسان کا بچپن، جوانی اور بڑھاپا کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ مالی حالت کیا ہوگی۔

انگلیوں کی پوریوں سے تین باتوں سے حالات معلوم کر سکتے ہیں ،پہلی پوری ناخون والی سے عقل اور فہم اور علم روحانی یعنی بدھی و عادات۔ دوسری پوری سے دماغی اور جسمانی حالات تیسری سے بیوپار روزانہ یعنی بیوپار تجارت اور روزگار کی پہچان کی جاسکتی ہے۔ پوری اول لمبی مضبوط اور موٹی ہو تو اس کا دماغ اعلیٰ پایہ کا ہوگا۔ اور قانون قدرت کا قائل ہوگا۔ پوری نمبر ۲ لمبی اور مضبوط اور موٹی ہو تو اس کی خواہشات وسیع ہوں گی۔ ہر ایک کام سوچ سمجھ کر کریگا۔ پوری نمبر ۳ مذکورہ بالا پوریوں کی نسبت لمبی زیادہ اور موٹی ہوں تو دنیاوی آرام کا خواہشمند اور عیش پسند ہوگا۔

انگلیوں کی راشیاں :- انگلی نمبر اول جو کہ انگوٹھے کے ساتھ والی ہے۔ اس انگلی کی پہلی پوری کی راس میکھ۔ پوری نمبر ۲ پر برکھ۔ پوری نمبر ۳ متھن دوسری کنبھ اور تیسری پوری کی مین راس ہے۔ انگلی نمبر ۳ کی پہلی پوری کی کرک اور دوسری کی سنگھ تیسری کی کنیا راس ہے۔ انگلی نمبر ۲ کی پہلی پوری کی راس کر انگلی نمبر ۴ کی پہلی پوری کی تلا دوسری کی برسچک اور تیسری کی دھن راس ہے ٭

ہاتھ کے انگوٹھے سے علامات دریافت کرنے کا طریقہ

انگوٹھے کے ناخن والا حصہ اگر بڑا ہو تو بہادری اور جوانمردی کی علامت ہے مگر ایسا شخص متکبر و خود غرض ہوتا ہے۔ تجربہ بتلاتا ہے کہ اگر اس حصہ کے جوڑ میں عرض رو نشان مثل دانہ جَو کے ہو تو

بتلادو کہ آپ کی پیدائش چاندنی حصہ کی ہے اگر یہ جو پورا خوبصورت ہو تو وہ دولت مند خوش گذران ہو۔ اور اگر جو کسی جگہ سے ٹوٹا پھوٹا ہو تو ہمیشہ سفر میں رنج و تکلیف اٹھائے۔ دیگر اگر اس پورے میں ایک خط مانند (ا) کے سیدھا ہو تو وہ بڑا پرہیزگار، عابد، راست گو اور صاحب کمال ہو۔ انگوٹھے کا درمیانی پورے کا حصہ متعلق دانائی اور عقل مندی کے ہے۔ اور اگر نسبت دوسرے حصوں کے یہ حصہ بڑا ہو تو جان لو کہ یہ شخص بڑا دانا عقل مند بلکہ عالم فاضل اور لکچرار ہے۔ انگوٹھے کا سب سے نیچے کا حصہ نفس سے متعلق ہے۔ اگر یہ حصہ نسبت اوپر کے حصوں کے بڑا ہو تو جان لو کہ یہ شخص عورتوں سے زیادہ الفت رکھے

ہاتھ کی انگلیوں سے پہچان :- عموماً ہاتھ کی پانچ انگلیاں ہوتی ہیں۔ اور اگر تعداد میں چھ ہو جائیں تو کم عمر اور مند بھاگ ہوگا ورنہ لمبی عمر اور خوشحال ہوگا۔ اول انگلی کا نام ترجنی دوسری کا نام مدھما تیسری کا نام انامکا اور چوتھی انگلی کا نام کنشٹکا ہے۔ ہاتھ کی انگلیاں بالکل صاف اور بالکل ہی سیدھی ہوں تو خوش قسمتی کی علامت ہے۔ ترجنی حکومت کی انگلی ہے۔ اس سے ارادہ کی پختگی کا پتہ چلتا ہے۔ مدھما سنیاس علیحدگی گوشہ پسندی ظاہر کرتی ہے۔ انامکا خود دوستی۔ محنت کی عادت۔ ہنر مندی کی نشانی ہے۔ اور کنشٹکا بولنے کی طاقت۔ دماغی قابلیت ہونے کی علامت ہے۔ بشرطیکہ یہ سب بالکل سیدھی ہوں۔

ہاتھ کی ریکھاؤں کے بناوٹ کے حالات

ہاتھ کی ریکھائیں یوں تو بہت سی ہیں مگر اس وقت صرف آٹھ ریکھاؤں کے متعلق ذکر کرتے ہیں۔

(۱) آیو (۲) مستک (۳) انیتہ کرن (۴) ابھاگیہ (۵) اودیا (۶) اروگیہ یعنی تندرستی (۷) چندر رما (۸) معاون ریکھا۔ آیو ریکھا انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان سے نکل کر کلائی کی طرف انگوٹھے کے نچلے حصے کی اونچائی کو گھیر کر کلائی تک آگئی ہے۔ اس سے آئندہ لاحق ہونے والی بیماریوں کی پہچان ہوتی ہے۔ یہ ریکھا لمبی اور مکمل کلائی تک ہو نہ گہری اور نہ ہی زیادہ فراخ ہو۔ دیکھنے میں خوبصورت رنگت میں گلابی ہو کہیں بھی کسی قسم کا داغ نہ ہو۔ اور دوسری ریکھاؤں سے جگہ بجگہ کٹی ہوئی نہ ہو۔ ایسی ریکھا رکھنے والے کی عمر دراز۔ تندرست سکھی۔ مضبوط ہونے کی علامت ہے بشرطیکہ بائیں ہاتھ میں بھی یہ ریکھا ایسی ہی ہو۔ اگر کم و بیش ہو جاوے تو اسے ناپ لینا چاہیئے۔ ایک ہاتھ میں اس ریکھا کا راستہ میں ہی ٹوٹ جانا طبیعت کے پریشان یعنی علیل رہنے کی علامت ہے۔ اور دونوں ہاتھوں میں اس ریکھا کا ٹوٹ جانا لازمی اور یقینی موت کی دلیل ہے۔ (۲) مستک ریکھا کا تعلق دماغی قوتوں عقل وغیرہ سے ہے۔ اس سے آدمی کی سمجھ بوجھ اور ذہانت کا حال معلوم ہوگا۔ یہ ریکھا انگوٹھا اور ساتھ والی انگلی کے درمیان اور آیو ریکھا سے اوپر کی ریکھا ہے۔ عمدہ خط دماغ سیدھا بے عیب نہ زیادہ لمبا اور نہ چھوٹا جو خط زندگی کے آغاز سے شروع ہو کر ہتھیلی کے دوسرے سرے سے ذرا دور ہی ختم ہو جاوے صحیح الدماغ۔ کامیاب اور ہمہ صفت موصوف ہوتا ہے اور ہتھیلی کے دوسرے کنارے تک پہنچا ہوا خط خود غرض ہونے کی دلیل ہے (۳) انیتہ کرن ریکھا اس ریکھا کا تعلق کیفیت نفس اور طبعی رجحان کے ساتھ ہے۔ اس سے انسان کے جذبات معلوم ہوتے ہیں۔ یہ چوتھی یعنی چھوٹی انگلی جس کا نام کنشٹکا ہے جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔ کی جڑ کے پاس بدھ کے استھان کے نیچے سے شروع ہو کر برہسپت کے استھان یعنی ترجنی کے نیچے پہنچتی ہے۔ اس ریکھا کے ذریعہ دل کی محبت کا پتہ چلتا ہے۔ یہ ریکھا لمبی اور صاف و باریک ہوتی اچھی ہے۔ شاخوں والی ہونے سے دل کی کمزوری ظاہر کرتی ہے۔ دل کی ریکھا کے خاتمہ پر دو شاخی ہونا بینائی میں فرق آنے کی دلیل ہے۔ نمبر۴ بھاگیہ ریکھا۔ یہ ریکھا بڑی اہم ہے۔ یہ ریکھا چار مقاموں سے شروع ہوتی ہے۔ اول کلائی سے شروع ہو کر ہتھیلی کے درمیان سے گذر کر سیدھی درمیانی انگلی کی جڑ کے پاس یعنی سینچر کے استھان پر ختم ہوتی ہے۔ دوئم آیو ریکھا کے پاس سے بھی شروع ہوتی ہے۔ سوئم چندرما کے استھان سے بھی نکلتی ہے چہارم منگل کے میدان سے بھی شروع ہوتی ہے۔ بعض ہاتھوں میں یہ ریکھا بالکل نہیں ہوتی۔ اس سے یہ مطلب نہیں سمجھنا چاہیئے کہ ایسے آدمی کا بھاگیہ ہی خراب ہے۔ اس کے لئے سورج کی لائین کا اچھی طرح سے ملاحظہ فرما دیں۔ نمبر۵ سورج ریکھا جسے ودیا ریکھا اور بھاگیہ ریکھا کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ یہ ریکھا بھاگیہ کے اودے ہونے میں مدد دیتا ہے۔ اور انامکا کے نیچے ہوتی ہے۔ یہ ریکھا باریک سیدھی اور صاف ہونی چاہیئے۔ ٹوٹی ہوئی لکیر یا مدھم لکیر بھاگیہ اور ودیا کی کمی ہونے کی نشانی ہے۔ صاف ریکھا سے پورا ودوان عالم فاضل و مشہور و معروف ہوتا ہے۔ نمبر۶ اروگیہ ریکھا۔ اس ریکھا سے جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے انسان کی جسمانی صحت کا پتہ بتلاتی ہے۔ یہ ریکھا کلائی سے نکل کر سب سے چھوٹی انگلی کے نیچے بدھ کے استھان تک پہنچتی ہے۔ اس سے تندرستی ظاہر ہوتی ہے۔ اور اگر آدمی تندرست رہے گا، تو وہ کبھی بے کار نہیں رہے گا۔ بلکہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں لگا رہے گا۔ اس لئے شاستروں میں آیا ہے کہ ایسا انسان ہر وقت خوش و خرم ہی نظر آئے۔ نمبر۷ چندرماں کی ریکھا۔ نمبر۶ کے پاس مشرق کی جانب انگلی نمبر۴ کے نیچے ریکھا نمبر۳ سے نکل کر منگل اور چندرماں کے استھان کو گھیر کر نصف چاند کی مانند ریکھا والا جوتشی۔ وئید باکمال۔ انجنیر۔ ڈاکٹر۔ یوگی۔ راج ہونے کی دلیل پیش کرتا ہے۔ نمبر۸ معاون ریکھا عمر۔ یہ ریکھا جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے۔ عمر ریکھا کی مددگار ہے۔ عمر ریکھا کی ہی مددگار نہیں، بلکہ انسان کی تمام عمر یا زندگی کی مدد ظاہر کرتی ہے۔ یہ ریکھا آیو ریکھا کے ساتھ ساتھ ہی چکر کاٹتی ہوئی کلا کے پاس جا کر ختم ہو جاتی ہے۔ غرضیکہ ایسا آدمی ہر طرح سے سکھ پاتا ہے۔

ہاتھ کی چھوٹی چھوٹی ریکھاؤں کی پہچان

بدھ کے استھان پر کنشٹکا یعنی سب سے چھوٹی انگلی کے نیچے کے کنارے پر شادیوں کے متعلق ریکھاؤں کی پہچان ہے۔ اس کے کنارے پر جس قدر بڑی اور صاف ریکھائیں ہوں گی اتنی ہی شادیاں ہوں گی۔ دو لکیروں سے زیادہ تعداد کی حالت میں عورتوں کی تعداد شادی کی تعداد لکیروں کی کل تعداد سے ایک کم یعنی تین لکیروں سے دو دفعہ شادی اور چار کے لئے تین دفعہ شادی ہونے کی دلیل ہے۔ شادی کی ریکھا کے اوپر نہایت باریک باریک ریکھا کے خطوط کے اوپر شاخی لکیریں لڑکیاں اول نر زیادہ اولاد دیکھنے کے لئے ہوگا۔ صاف و درست اور صحیح خط قائم اولاد۔ مدھم اور کٹے ہوئے خط مر جانے والی اولاد ظاہر کرتے ہیں۔ برہسپت کے سیدھے کھڑے بدھ کے استھان پر شادی ریکھا کے اوپر اولاد کی کل تعداد ظاہر کرتے ہیں۔ یہی خط دائیں ہاتھ کی انگوٹھے کی جڑ میں مرد کے تعلق سے اولاد اور بائیں ہاتھ سے عورت کی اولاد۔ منگل بدھ کے برج کے کنارہ پر مددگار اولاد چندر کے برج کے کنارہ پر عمر والی اولاد جو دیر پا زندہ رہے ظاہر کرتی ہے۔ بھائیوں کی ریکھا۔ ہاتھ کی کلائی سے اوپر اور انگوٹھے کے درمیان ہتھیلی کے کنارہ پر یہ ریکھا ہوتی ہیں۔ جو ریکھا موٹی اور گہری ہوں۔ اس قدر بھائی ہوں جس قدر باریک اور مدھم ہوں گی اس قدر ہمشیرہ ہوں گی۔ ٹوٹی پھوٹی ریکھاؤں سے بیماری لمبی اور نمایاں ہوں، تو بھائی بہن زندہ رہیں۔ اگر شکستہ ہوں تو اس قدر مرے ہوئے جاننے چاہیں۔ اور اگر ٹیڑھے ہوں، تو بھائیوں سے موافقت نہ رہے۔

ہاتھ کی انگلیوں پر کے نشانات کے حالات

یوں تو ہاتھ کے کسی حصے پر ستارہ کا نشان ہونے سے نحوست اور پریشانی کی علامت ہوتی ہے۔ مگر انگوٹھے کے زیرین ستارہ کا نشان ہو تو زن منکوحہ سے رنج۔ اور اگر ترجنی انگلی یعنی بسپت کے استھان پر ستارہ ہو تو عورتوں کی طرف رغبت رکھے۔ اور اگر مدھما انگلی یعنی سنیچر کے استھان پر ستارہ ہو تو نحوست و پریشانی سے بسر اوقات کے علاوہ تنگ دست ہو۔ آنامکا یعنی سورج کے استھان پر ستارہ ہو، تو دولت مندی ظاہر کرتا ہے۔ کنشٹکا یعنی بدھ کے استھان پر ستارہ ہو تو جنگ و جدل میں مارا جاوے۔ اس کے علاوہ بھی انگلیوں پر طرح طرح کے نشانات مثلاً سنکھ چکر۔ سیپ۔ جو وغیرہ کے نشانات ملتے ہیں۔

ریکھاؤں کے ذریعہ سے حالات۔ معلوم کرنے کا طریقہ

جو ریکھا مکمل طور پر مطابق نقشہ کے ہوں۔ شاستر کے فرمان سے اُن کا سَو سال کی عمر کا اندازہ لگا کر اُن کے ناپ سے، یا ہم حصے بنا لیں۔ مگر خیال رہے کہ اس زمانہ میں سَو سال کی عمر تو کوئی ہی گزارتا ہے۔ اِس لیے اندازہ کے لیے تقریباً ۷۵ سال کی عمر کا اندازہ لگائیں۔ ان حصوں میں ریکھا پر کوئی حصہ ٹوٹا ہوا یا زنجیر وغیرہ یا کراس کا نشان پایا جاوے، تو اُس حصۂ عمر میں ضرور جسمانی اور مالی تکلیف ہوگی۔ اسی طریقے سے ہر ایک لائین کو ناپ کر بُرے اور اچھے وقت کا پتہ آپ دریافت کر سکتے ہیں۔

اچھا یا بُرا سال دریافت کرنے کا طریقہ

اپنے جنم کے سال اپنے داہنے ہاتھ کی اُونگلی نمبر ۵ یعنی کنشٹکا کی پُوری اوّل یعنی ناخن والی پوری سے شمار کریں۔ انگلی کی تین پُوریاں ہوتیں ہیں۔ پانچوں اُنگلیوں کی پندرہ کی انگلی سے شمار کر کے جب پندرہ ہو جائیں، تو بائیں ہاتھ سے اسی طریقہ سے شمار کریں۔ جب وہاں سے بھی ختم ہو جاویں، تو پھر داہنے ہاتھ پر آ جاویں جس سال کا حال دریافت کرنا ہو تو وہ سال جس انگلی کی پوری پر ختم ہو اسی پوری پر جو تین کونا اور چکر کا نشان ہو تو وہ سال اچھا گزرے گا۔ اگر وہاں کوئی ٹوٹی ہوئی ریکھا ہو یا خراب نشان ہو، تو سال کا نتیجہ منحوس ہوگا۔ مثلاً آپ کا جنم سنہ ۱۸۹۲ء کا ہے۔ آپ داہنے ہاتھ کی پوریوں سے شمار کریں۔ آپ نے یہ سنہ ۱۹۳۱ء کا پھل دیکھنا ہے۔ تو یہ سال داہنے ہاتھ کی انگلی نمبر ۱ کی دوسری پوری پر آئے گا۔ اس پوری کے نشان کو دیکھ کر اچھے اور بُرے پھل کو دیکھ سکتے ہیں۔


ہتھیلی پر خاص نشان جو مَرد کی صرف دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر نیک اثر دینگے

۱۔ اگر ہاتھ میں مچھلی کا نشان ہو تو دولت مند چراغ خاندان ہوتا ہے۔
۲۔ شیر کا نشان ہو تو بہادر۔ بے دھڑک۔ بے رحم کی علامت ہے۔
۳۔ سانپ کا نشان ہونے سے خزانہ کا مالک بنتا ہے۔
۴۔ ہاتھی کا نشان ہونے سے راجہ کی مانند ہوتا ہے۔
۵۔ کوا کا نشان ہونے سے فریبی ہوتا ہے۔
۶۔ گائے، بیل کا نشان ہونے سے زراعت میں فائدہ اٹھاتا ہے۔
۷۔ چولھا کا نشان ہونے سے چور۔ تنگ دست ہوتا ہے۔
۸۔ کمان کا نشان ہونے سے بہادر۔ دلاور ہوتا ہے۔
۹۔ پھول کا نشان ہو جانے سے دولت مند۔ عمدہ زندگی والا ہوتا ہے۔
10 جھنڈا کا نشان ہونے سے مذہبی علم میں مشہور یعنی کتھا واچک ہوتا ہے۔
۱۱۔ چھتر ہونے سے دولت مند ہوتا ہے۔
۱۲۔ پہاڑ کا نشان ہونے سے مانند وزیر ہوتا ہے۔
۱۳۔ گاؤں کا نشان ہونے سے رئیس ہوتا ہے۔
۱۴۔ پالکی کا نشان ہونے سے بہت ہی آرام کی زندگی بسر کرتا ہے۔
۱۵۔ آنکھ کا نشان ہونے سے دولت مند مگر فریب سے دھن کماتا ہے۔
۱۶۔ ناک کا نشان ہونے سے معمولی بیوپاری ہوتا ہے۔
۱۷۔ ترسول کا نشان ہونے سے زندگی اچھی عمدہ گزارتا ہے۔
۱۸۔ ڈھال کا نشان ہونے سے بزدل ہوتا ہے۔
۱۹۔ تلوار کا نشان ہونے سے دشمن پر غالب ہوگا۔
۲۰۔ گھوڑا کا نشان ہونے سے دولت مند اور صاحب جائداد ہوگا۔
۲۱۔ مندر ہونے سے پرہیزگار ہوتا ہے۔
۲۲۔ چوپٹ کا نشان ہونے سے صاحب اقبال ہوتا ہے۔
۲۳۔ قلم کا نشان ہونے سے میر منشی ہوتا ہے۔
۲۴۔ دائرہ کا نشان یا کنڈل کا نشان ہونے سے بہت امیر ہوگا۔
۲۵ موسل کا نشان ہونے سے کنجوس ہوتا ہے۔
۲۶۔ اُکھل کا نشان ہونے سے روٹی سے بھی تنگ ہوتا ہے۔
۲۷۔ درخت کا نشان ہونے سے جائداد کا مالک ہوتا ہے۔
۲۸۔ چوکی کا نشان ہونے سے تخت کا مالک ہوتا ہے۔
۲۹۔ رتھ گاڑی کا نشان ہونے سے راجہ مہاراجہ ہوتا ہے۔
۳۰۔ ترازو کا نشان ہونے سے بیوپاری یا آڑھتی ہوتا ہے۔

گریہ وِچار

ہاتھ میں سات گرہوں کے مقام قائم ہیں۔ ان میں سے چھ گرہوں کے مقام تو متواتر ایک ہی ایک ہیں لیکن منگل کے دو مقام ہیں۔ ان مقررہ مقاموں میں سے جو مقام اونچا اُٹھا ہوا ہو۔ کچھ بڑھا ہوا۔ اور سخت سا معلوم ہو۔ تو سمجھنا چاہیئے کہ وہ اسی گریہ کی پردھانتا کی طاقت ہے۔ اس اٹھے ہوئے مقام کا پھل اس گریہ کے سبھاؤ کے انکول ہی ہوتا ہے۔

ہاتھ کی ریکھاؤں کا نقشہ



(۱) چاند (۵) شکر
(۲) منگل (۶) سنیچر
(۳) بدھ (۷) سورج

[illegible]ہ میں جو گرہوں کے مقام بتائے گئے ہیں، اُن کا کچھ بیان نیچے لکھا جاتا ہے۔

سُورج — انامکا انگلی کی جڑ میں نیچے کی طرف کا مقام ہوتا ہے۔ اس کے اُونچا ہونے سے مندرجۂ ذیل باتیں مانی جا سکتی ہیں۔ ترقی بڑھنے کی خواہش۔ ڈرائینگ کا کام۔ شاعری۔ خُوب صورتی کی محبت، پرتاپ، تیرتھ یاترا۔ دھرم۔ رچی۔ علم۔ عزت۔ طاقت۔ خوب صُورتی۔ دولت۔ والدین کا سکھ۔ رُوح کا مقام [illegible] سُورج کے مقام کو ہی دیکھ کر کیا جاتا ہے۔

چاند — کلائی کے نزدیک چندرماں کا مقام ہے۔ اِسے دیکھ کر ماتا کا سکھ۔ دِلی خیالات۔ عورت کا سکھ۔ دولت۔ قدرت سے پریم۔ شُبھ وِچار میں لگا رہنا اور راجہ کی خوشی کا وِچار کیا جاتا ہے

منگل — منگل کے دو مقام نقشہ میں دیئے گئے ہیں۔ اِن مقاموں کو دیکھ کر۔ بل۔ پراکرم۔ پیٹ کے روگ۔ خون خرابی۔ تندرستی۔ ماتا کا سکھ۔ زمین۔ فرزند اور کنبہ کی بابت دیکھا جاتا ہے۔

بُدھ — کنشٹکا انگلی کی جڑ میں بُدھ کا مقام ہے۔ اس مقام سے علم۔ عقل۔ بیوپار۔ سبھاؤ۔ شاعری۔ مسافری۔ وچاروں کی اُوتھل پتھل۔ زبان سے بولے ہوئے الفاظ کی طاقت۔ بدھی اور دوستوں کی بابت بھی وچار [illegible] کیا جاتا ہے۔

برہسپتی — ترجنی انگلی کی جڑ میں برہسپتی کا مقام ہے۔ اسے دیکھ کر۔ عزت۔ دھرم۔ مالک کی عزت۔ حوصلہ۔ انصاف کا درد جماع کی بابت دیکھنا۔ بڑا آدمی بننے کی خواہش۔ عقل۔ علم۔ وِچار گیان اور شانتی وغیرہ کی بابت [illegible]دیکھا جاتا ہے۔

شکر — شکر کا مقام انگوٹھے کی جڑ سے لے کر کلائی تک ہے۔ اس سے عورت کا سکھ۔ شادی۔ محبت۔ دل خوش رکھنا۔ سواری۔ کام باشنا۔ اور گہنے کی بابت دیکھا جاتا ہے۔

سنیچر — مدھما انگلی کی جڑ میں سنیچر کا مقام ہے۔ اسے دیکھ کر کلیش۔ دکھ۔ درد۔ عیب۔ جوآ۔ ناکامیابی۔ چُپ چاپ۔ تنہائی میں رہنا۔ اُوداسی۔ نراشپن اور برُے وچاروں کو ظاہر کرتا ہے۔ بیراگ سنیاس۔ کیا کروں کیا نہ کروں۔ اسس مقام کو دیکھ کر یہ بھی پتہ لگایا جا سکتا ہے۔ جب مقررہ مقام اچھی طرح ابھرے ہوئے ہوئے ہوں۔ تو گرہ کا مقررہ پھل ٹھیک اپنی شکل میں سمجھنا چاہیئے۔ اگر کسی گرہ کا کوئی اُٹھاؤ نہ ہو، تو پھل کا پرشن ہی نہیں اٹھتا۔ اگر اسس مقام پر گڑھا۔ بہت اونچا اُٹھاؤ ٹیڑھاپن گانٹھ یا اسی طرح کی کوئی بیڈول نشان مقررہ قائم مقام پر ہو، تو جو باتیں گرہ سے جانی جاتی ہیں۔ وہ تمام باتیں الٹا اور برا اثر دکھانے والی ہوتی ہیں۔ ایسا سمجھنا چاہیئے۔

—— ○ ——

سنکھ چکر

ہاتھ کی اُنگلیوں کے آخری سِرے میں ناخنوں سے نیچے حصہ میں سنکھ اور چکر کی نشانیاں دیکھی جاتی ہیں۔ اگر دونوں ہاتھوں کی درمیانی انگلی میں سنکھ اور دوسری اُونگلی اور انگوٹھے میں چکر ہو، تو نہایت ہی شُبھ ہے۔ ایسے نشانات والے راج گدّی حاصل کرتے ہیں۔ اس کے پیچھے سنکھ جتنے زیادہ ہوں اور چکر جتنے کم ہوں، تو اُس شخص کو قسمت میں کمزور سمجھنا چاہیئے۔ اِن کے علاوہ ہتھیلی کے دوسرے حصوں میں اور اُنگلیوں کی دوسری پوریوں میں بھی سنکھ۔ چکر پائے جاتے ہیں۔ اُن کی تعداد کے مطابق پھل کا حساب لگایا جاتا ہے۔

سنکھ کی تعداد کا پھل :- اگر ایک ہو، تو عالم و فاضل۔ دو ہوں تو دارِدرّی۔ تین ہوں تو بذریعہ عورت دُکھی۔ چار ہوں تو راجہ کے برابر سُکھی۔ پانچ ہوں تو غیر ممالک میں فائدہ حاصل کرے چھ ہوں تو عالم فاضل۔ سات ہوں تو دارِدرّی۔ آٹھ ہوں تو جیون سُکھی ہو۔ نو ہوں تو بیچڑا۔ اگر دس ہوں تو راجہ یا یوگی ہووے۔

چکر کی تعداد کا پھل :- اگر ایک ہو تو چتر، دو ہوں، تو خوب صورت۔ تین ہوں، تو بلاسی۔ چار، دارِدرّی۔ پانچ، گیانی۔ چھ، چتر۔ سات، باغ باغیچوں میں شوق رکھنے والا۔ آٹھ، دارِدری۔ نو حکمران۔ اگر دس ہوں، تو خدمتگار۔

تِل

—— ○ ——

سیاہ و سُرخ دو قسم کے تل انسانوں کے جسم میں دیکھے جاتے ہیں۔ لال (سُرخ) تلوں کا ہونا نہایت فائدہ مند اور بھاگوان ہونے کا نشان سمجھا جاتا ہے۔ لیکن سیاہ رنگ کے تل میں یہ خاصیت نہیں ہے۔ سیاہ رنگ کے تل مقام بھید سے شبھ اور اشبھ دونوں قسم کے ہو سکتے ہیں۔ یہ بھی دیکھا جاتا ہے، کہ تل جوڑا سے ہوتا ہے۔ اس کی تعداد ایسی ہوتی ہے، کہ جسے دو پر تقسیم کیا جا سکے۔ اگر کسی ایک مقام پر تل ہوگا تو اس کے جوڑ کا دوسرا تل بھی کسی عضو پر ضرور دکھائی دے گا۔ خاص کر جوڑے کا مقام مقررہ بھی ہوتا ہے۔ مثلاً، اگر ایک تل ماتھے پر دائیں طرف ہو تو اس کا جوڑا پیٹ یا بازو پر ہوگا۔ یہ زن و مرد دونوں کے لئے خوشحال رہنے کے نشان ہیں۔ اگر ماتھے پر بائیں طرف ہو، تو بھی دوسرا تل پیٹ یا بازو پر ہوگا۔ یہ زن و مرد دونوں کے لئے آپس میں ان بن کے نشان ہیں۔ جن کی بائیں آنکھ کی بھوں پر تل ہوگا تو ان کی چھاتی پر بھی بائیں طرف تل دیکھا جائے گا۔ ایسے انسان کو بہت سے سفر کرنے پڑتے ہیں۔ اگر دونوں بھوؤں کے درمیان میں تل ہو تو اس کا جوڑا پیٹ کے درمیان ملے گا۔ ایسے انسان بکباد ی اور گھمنڈی دیکھے جاتے ہیں۔ ناک کے تل کا جوڑا ناف کے نزدیک ہوتا ہے۔ یہ نشان محبت و خوش مزاجی اور یار باش

ہونے کا سبب ہے۔ کنپٹی کے تل کا جوڑا پستان پر ملتا ہے۔ اگر یہ نشان دائیں طرف ہو تو شبھ۔ اگر بائیں طرف ہو تو اشبھ مانا جاتا ہے۔ کان کی جڑ کے آس پاس کے تل کا جوڑا پیٹ پر ہوتا ہے۔ یہ جگر اور انتڑیوں کی خرابی ظاہر کرتا ہے۔ ناک کی نوک کا جوڑا مقعد (گدا) پر ہوگا۔ یہ عمر کی کمی ظاہر کرتا ہے۔ گال یعنی رخسار کا جوڑا کلیجے پر ملتا ہے۔ یہ نشان دائیں اور بائیں دونوں طرف شبھ ہے۔ اوپر کے ہونٹ کے تل کا جوڑا جنگھاؤں میں دیکھا جاتا ہے۔ یہ نشان کنجوسی کا سائن بورڈ مانا گیا ہے۔ اگر نیچے کے ہونٹ پر تل ہو، تو اس کا جوڑا گھٹنے پر ہوگا۔ ایسے آدمیوں کو بیاہ شادیوں کے معاملہ میں نہایت دل چسپی ہوتی ہے۔ ترجنی اونگلی کا تل دھنوان ہونے کا۔ دشمن کی زیادتی اور جھگڑا فساد رہنے کا سبب ہوتا ہے۔ مدھما کا تل سکھ شانتی دینے والا ہوتا ہے۔ جن کی انامکا میں ہوگا وہ عزت والے۔ پراکرمی۔ دھنوان اور گیان وان بنیں گے۔ کنشٹکا کا تل اس بات کا ثبوت ظاہر کرتا ہے کہ وہ شخص دولت اور مکانات ہوتے ہوئے بھی سکھی نہ رہ سکے گا۔ انگوٹھے کا تل چترائی اور لوک بیوہار میں سمجھداری ظاہر کرتا ہے۔ دائیں آنکھ میں تل ہونا تیز عقلی کا نشان ہے۔ یہ جتنی بھی زیادہ گنتی میں ہوں، اتنے ہی اچھے ہیں۔ بائیں آنکھ میں تل ہونا یہ بتلاتا ہے کہ اس آدمی کو اپنا جیون مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے گذارنا پڑے گا۔ اگرچہ کسی چیز کی کمی نہ رہے گی، تو بھی سکھ آرام سے زندگی بسر نہ کر سکے گا۔ گردن کا تل۔ شردھالو۔ ایشور بھگت اور پریم سے بولنے والا ظاہر ہوتا ہے۔ ٹھوڑی کا تل۔ کمزوری۔ ڈرپوک اور زنانہ پن کا نشان ہے۔ پاؤں کے تل انسان کو ایک جگہ بیٹھنے نہیں دیتے۔ اس شخص کو یہاں سے وہاں، وہاں سے یہاں دوڑنا پڑتا ہے۔ عورتوں کی ناک پر تل ہونا۔ ان کے سبھاگیہ کا نشان ہوتا ہے ایسی عورتیں پتی کی طرف سے خوش۔ جن کی دائیں طرف تل زیادہ ہوں، تو فرزند کی تعداد اور جن کی بائیں طرف تل زیادہ ہوں، تو دختر کی تعداد زیادہ پیدا ہوتی ہے۔ گال پر تل ہونے سے عورت کی خواہش اور پریم سکھ کی ابھلاشا خاص طور سے پائی جاتی ہے۔ بازوؤں پر تل والے بہادر۔ پیٹ پر تل والے چٹورے۔ چھاتی پر تل والے اکرمی۔ پیٹھ پر تل والے پر شرمی۔ ترقی حاصل کردہ۔ چوتڑ پر تل والے بغیر حوصلہ دوسروں کا سہارا تکنے والے ہوتے ہیں۔ خفیہ مقاموں پر تل ہونا کام چیشٹا کی زیادتی ظاہر کرتے ہیں۔ بارہ سے کم تعداد میں تل ہونا شبھ ہے۔ اگر اس تعداد سے زیادہ ہوں تو جسمانی اور روحانی مرض کے نشان سمجھنے چاہئیں۔ عام طور پر دائیں طرف کے تل بہ نسبت بائیں طرف کے زیادہ شبھ اور لابھ دینے ہوتے ہیں۔

پاؤں اور اس کی ریکھاؤں سے پھل وچار

شکر
برہسپتی
شنیچر
سورج
بدھ
عمر کی ریکھا
انتہ کرن ریکھا
منگل
دھن ریکھا

(۱) سیر پر کو دیکھتے ہوئے اگر پاؤں کا آکار موٹا اور لمبا ہو، تو وہ شخص مزدوری جیسا کام کرے بدھی مانی کا کام نہیں کر سکتا۔ (۲) پاؤں کا آکار اگر چھوٹا ہو، تو اس شخص کو چور یا لچا سمجھو۔ اگر کوئی اس پر بھروسہ رکھ کر کام کرے تو وہ پھنس جاتا ہے۔ اور اس کا سبھاؤ بھی گرم ہوتا ہے۔ (۳) پاؤں کا آکار اگر درمیانہ درجہ کا لمبا ہو، تو وہ شخص ہوشیار، چالاک اور بھاگوان ہوتا ہے۔ اور اچھے مزاج والا ہوتا ہے۔ (۴) اگر پاؤں کا آکار مدھم ہو۔ اور جسم کو دیکھتے ہوئے رنگ کچھ سیاہ ہو، تو وہ شخص والدین کا ناش کرتا ہے۔ (۵) اگر پاؤں چھوٹا ہو، اور رنگ بھی سیاہ ہو، تو چور یا ڈاکو ہووے۔ (۶) اگر پاؤں کا آکار درمیانہ لمبا ہو اور رنگ سرخی پر ہو، تو وہ شخص دھنوان ہوتا ہے (۷) اگر پاؤں کے نیچے ایک طرف گہری چیرے جیسی باریک ریکھائیں پڑی ہوئی ہوں، تو وہ شخص تکلیف حاصل کرنے والا ہوتا ہے (۸) اگر پاؤں میں چھ انگلیاں ہوں، تو وہ شخص چالیس برس کی عمر تک اچھی حالت میں رہتا ہے۔ اس کے بعد غریبی اپنا سایہ ڈالتی ہے۔ ایسا سمجھنا چاہیئے۔

پاؤں کے انگوٹھے کے پھل

اگر پاؤں کا انگوٹھا لمبا ہووے، تو وہ شخص بیوپاری بنے۔ (۲) اگر یہ انگوٹھا گول ہووے تو وہ شخص بدھی مان یا وکیل ہوتا ہے۔ (۳) اگر انگوٹھا کا آکار چھوٹا ہووے، تو وہ شخص وشواش گھاتی ہوتا ہے۔ (۴) اگر انگوٹھا مدھم درجہ کا ہووے، تو وہ شخص دھرماتما، اور دیالو ہوتا ہے۔ (۵) انگوٹھے کے ناخون کی طرف اگر دو عدد ریکھائیں ٹیڑھی ہوں، تو وہ شخص دھنوان ہوتا ہے۔ اور غریبوں سے محبت بھی رکھتا ہے۔ (۶) اگر انگوٹھے کے ناخون کی طرف ایک عدد ٹیڑھی ریکھا ہووے، تو وہ شخص مدھم حالت میں رہتا ہے۔ اور تنگدستی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ (۷) اگر پاؤں کے انگوٹھے کے عین ناخن کے نزدیک ٹیڑھی ریکھا ہو، تو وہ شخص لیش والا، اپنی زبان کا سچا، اور ماتا پتا پر ششٹ ہوتا ہے۔ (۸) اگر انگوٹھے کے نزدیک کی اونگلی خاص موٹی ہووے، تو وہ شخص عرصہ بیس برس کے بعد دھنوان ہوتا ہے۔ (۹) اگر انگوٹھے کے نزدیک کی اونگلی چھوٹی ہو، تو سمجھو کہ وہ شخص کسی کارخانہ میں کام کرتا ہے۔ اور اس کے گھر پیسہ دھیلا کی حالات مدھم رہتی ہے۔ (۱۰) اگر انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی پر چکر کا نشان ہو، تو وہ شخص ہوشیار ہوتا ہے۔ (۱۱) اگر یہاں دھنش جیسا نشان ہووے تو بڑا حکمران ہوتا ہے۔ (۱۲) اگر یہاں دھجا کا نشان ہووے، تو سادھو مہاتما پرش بنتا ہے۔

پاؤں کے اوپر اچھے و برے نشان :۔ اگر پاؤں کے نیچے دھجا۔ بان۔ تلوار۔ سوستھک۔ کمل کا پھول۔ پربت مچھ۔ پھل۔ پالکی۔ یا دھنش کا نشان ہو، تو وہ شخص بھاگوان بن جاتا ہے۔ اگر پاؤں کے نیچے ریکھاؤں کے نشانات ٹوٹے پھوٹے ہوئے ہوں۔ تو یہ برے ہوتے ہیں۔

پاؤں کے نیچے گرہوں کے پربتوں کا گیان :۔ انگوٹھا اور اس کی جڑ میں پربت کا پربت ہے۔ انگوٹھے کی ساتھ والی اونگلی، اور اس کی جڑ میں برہسپتی کا پربت ہے۔ اسی طرح اور گرہوں کے پربتوں کا بیان مندرجہ بالا نقشہ کی مدد سے جان لیویں۔ اس میں خاص بات یہ ہے۔ کہ منگل کا پربت دو جگہ ہے۔ ایک تو شکر کے پربت نیچے۔ دوسرا انیتا کرن کی ریکھا کے نیچے۔ بدھ کے پربت کی سیدھ میں نیچے کی طرف ہے۔ اس لئے پاؤں میں منگل کے دو پربت ہیں۔ جس گرہ کا پربت اٹھا ہوا اور اونچا ہوتا ہے۔ اس گرہ کا پھل اچھا ملتا ہے۔ جو کہ ہاتھ میں گرہوں کے مقام کا پھل لکھا ہوا ہے۔ پامشٹ کو چاہیئے۔ کہ ہاتھ کا ڈھانچہ انگلی۔ انگوٹھا۔ ناخون۔ بناوٹ۔ ہتھیلی۔ مقام گرہ ہاتھ کی ریکھائیں۔ بو تل۔ سنکھ۔ چکر۔ اور کلائی وغیرہ نشانات پر غور سے وچار کریں۔ اسی طرح وچار کرنے کے بعد جو پھلادیش کیا جائے گا۔ وہ بالکل ٹھیک ہوگا۔

علم ہیئت و نجوم

سورجگت (شمسی دُنیا)

ہمارے سورج کی روشنی برہم لوک تک ہی پہنچ سکتی ہے۔ برہم لوک سے نیچے۔ استیہ لوک اس سے نیچے۔ ۲۔ تپ لوک۔ اس سے نیچے۔ ۳۔ جن لوک اس سے نیچے۔ ۴۔ راشی لوک یا مہرلوک ہے۔ راشی لوک (مہرلوک) سے نیچے نچھتر گکشا ہے جو ہماری زمین سے چار عرب تیرہ کروڑ باسٹھ لاکھ باسٹھ ہزار چھ صد اٹھاون یوجن پر ہے۔ اس نچھتر گکشا سے نیچے سیارگان ہیں۔ سورجگت میں سورج وغیرہ۔ ستارے اور دھوم کیتو یعنی پونچھ والے ستارے شامل ہیں۔ جن کا مرکز سورج ہے۔ سیارگان اسکی گردگردش کرتے اور باہمی کشش کی وجہ سے اپنی اپنی جگہوں پر قائم آسمان میں نکلتے دکھائی دیتے ہیں۔ برہمانڈ ایک سنکھ ۸۷ پدم ۱۲ نیل ۸ کھرب ۴۴ کروڑ میل ہے۔ یعنی ہمارا سورج اتنے فاصلہ تک دکھائی دیتا ہے

سورج

سورج چوتھے آسمان کا مالک ہے۔ کائنات کو روشنی بخشتا ہے۔ یہ زمین سے ۱۰ کروڑ میل کے فاصلہ پر ہے۔ اور زمین سے تین ہزار گنا بڑا ہے۔ اس کا قطر ۸۵۲۵۸۴ میل اور محیط ۲۶۲۱۸۸۲ میل ہے۔ یہ اپنی دھری پر ۲۵½ ایام میں دور پورا کرتا ہے۔

چاند

اس کا فلک اول ہے۔ اور زمین سے فاصلہ ۲۳۷۰۰۰ میل ہے۔ قطر ۲۱۵۳۔ اور محیط ۶۷۹۵ میل ہے۔ اور اپنی دھری پر ۲۷ دن ۷ گھنٹے ۴۳ منٹ ۱۱ سیکنڈ میں اپنا دور پورا کرتا ہے زمین کے گرد اس کا دور ۲۹ دن ۳۱ گھڑی ۵۰ پل میں پورا ہوتا ہے یہی چاند کا مہینہ ہے۔ چاند کا ایک یوم ۲۴ گھنٹے ۵۴ منٹ کا ہوتا ہے اس کی گردش سے نچھتر کا قیام ہوتا ہے چونکہ دیگر سیارگان کی نسبت یہ زمین سے بالکل قریب ہے۔ اس لئے خلقت پر اس کا اثر زیادہ پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر نیک و بد کام میں چاند کی طاقت کو مدنظر رکھتے ہوئے کام شروع کرتے ہیں یہی پترلوک ہے۔ اور ناکو پتروں کی آدھی رات اور اماوس کو دوپہر ہوتی ہے۔ یعنی ایک چاندر ماہ پتروں کا ایک دن ہوتا ہے۔ بدی ساڑھے پسیمتی کو ان کا آفتاب طلوع اور شدی ساڑھے پسیمتی کو غروب ہوتا ہے۔

منگل

اس کا فلک پانچواں ہے۔ اس کا سورج سے فاصلہ ۱۴۱۵۰۰۰۰۰ میل ہے۔ اور زمین سے کم از کم فاصلہ ۳۵۰۰۰۰۰۰ میل اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۲۳۴۰۰۰۰۰۰ میل ہے۔ اس کا قطر ۴۲۱۰ میل ہے۔ محیط اس کا ۱۲۸۸۰ میل ہے۔ یہ اپنے محور پر ۲۴ گھنٹے ۳۷ منٹ اور ۲۴ سیکنڈ میں ایک دور لگاتا ہے۔ ۶۸۷ دن میں سورج کے گرد ایک چکر کاٹتا ہے بعض اوقات گردش کرتا ہوا زمین کے قریب پانچ کروڑ میل کے فاصلہ پر آجاتا ہے۔ مدت سے امریکہ وغیرہ کے جیوتشی مریخ تک پہنچنے اور ان لوگوں سے بات چیت کرنے کی کوشش میں ہیں۔ وہاں پر بھی یہاں کی مانند دریا۔ سمندر۔ درخت و پہاڑ وغیرہ موجود ہیں۔ اسی لئے مریخ کو شاستروں میں بھومی پتر کہا گیا ہے۔ اڈمیس اور خوبس دو سٹ لائٹ اس کے گرد گردش کرتے بذریعہ دوربین دکھائی دیتے ہیں ڈیمس تیس گھنٹے ۱۷ منٹ پچپن سیکنڈ میں اور خوبس سات گھنٹے انتالیس منٹ چودہ سیکنڈ میں اس کے گرد گھوم جاتا ہے۔

بُدھ

یہ دوسرے فلک کا مالک ہے۔ اس کا سورج ۳۸۰۰۰۰۰۰ میل کا فاصلہ اور زمین سے کم از کم ۵۶۹۷۰۰۰۰۰ میل زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۱۲۸۹۵۲۰۰۰ میل ہے۔ قطر اس کا ۳۰۶۲ میل ہے اور محیط ۹۳۷۴ میل ہے۔ یہ اپنی دھری ۲۴ گھنٹے ۶ منٹ پر اپنا دور ختم کرتا ہے۔ سورج کے گرد اسے دور لگانے میں ۸۸ ایام خرچ ہوتے ہیں۔ یہ تمام سیارگان سے چھوٹا ہے

برہسپت

یہ چھٹے آسمان کا مالک ہے۔ سورج سے یہ ۵۲۰۲۶۰۰۰۰ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ اس کا قطر ۸۸۳۹۰ میل ہے اور زمین سے کم از کم فاصلہ ۳۹۷۱۳۰۰۰۰ میل ہے۔ اور زیادہ سے زیادہ سے فاصلہ ۵۷۶۶۴۳۰۰۰ میل ہے۔ اور اس کا قطر ۲۷۴۵۳۰ میل ہے۔ یہ اپنی دھری پر ۱۰ گھنٹے میں ایک دور ختم کرتا ہے۔ سورج کے گرد ۴۳۳۲½ ایام میں چکر کاٹتا ہے۔ تمام سیارگان سے بڑا ہے۔ اس کی چمک سوائے شکر کے تمام سیارگان سے تیز ہے۔ اس کے گرد آٹھ چاند (سٹ لائٹ) گھومتے ہیں۔ پہلا ایک دن اٹھارہ گھنٹے اٹھائیس منٹ چھتیس سیکنڈ۔ دوسرا تین دن تیرہ گھنٹے سترہ منٹ چون سیکنڈ میں۔ تیسرا سات دن تین گھنٹے اٹھاٹھ منٹ چھتیس سیکنڈ۔ چوتھا سولہ دن اٹھارہ گھنٹے پانچ منٹ سات سیکنڈ میں۔ پانچواں گیارہ گھنٹے ستاون منٹ اٹھائیس سیکنڈ۔ چھٹا دوسو چھیاسٹھ دن میں۔ ساتواں ۲۷۶½ دن میں چو گرد گھومتا ہے۔

شکر

یہ تیسرے فلک کا مالک ہے۔ سورج سے اس کا فاصلہ ۶۷۲۰۰۰۰۰ میل ہے۔ اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ کم از کم ۲۳۷۰۰۰۰ میل اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۱۶۰۲۱۰۰۰۰ میل ہے۔ قطر ۷۵۱۰ میل اور محیط ۲۴۰۳۱ میل ہے۔ یہ اپنی دھری پر ۲۳½ گھنٹہ میں ایک دور ختم کرتا ہے اس کو سورج کے گرد چکر لگانے میں ۲۲۵ ایام خرچ کرنے پڑتے ہیں۔ یہ کبھی کبھی دن کے وقت دکھائی دیتا ہے

سنیچر

یہ ساتویں فلک کا مالک ہے۔ اس کا سورج سے فاصلہ ۸۸۵۴۷۰۰۰۰ میل ہے اور زمین سے فاصلہ کم از کم ۷۹۳۸۱۴۰۰۰ میل اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۹۷۴۴۰۰۰ میل ہے۔ قطر ۷۱۹۵۴ میل اور محیط ۲۳۵۴۰۶ میل ہے۔ یہ اپنی دھری پر ۱۰½ گھنٹہ میں، اور سورج کے گرد ۱۰۷۵۹½ ایام میں ایک چکر کاٹتا ہے۔ اس کے گرد چوڑی گول انگوٹھیاں جیسی اور نو چاند (سٹ لائٹ) ہیں۔ ۱۔ ماپس بائیس گھنٹے چھتیس منٹ میں۔ ۲۔ اینلیڈس ایک دن آٹھ گھنٹے چون منٹ میں۔ ۳۔ تتھر وایک دن اکیس گھنٹے اٹھارہ منٹ۔ ۴۔ ڈیونو۔ دودن سترہ گھنٹے بیالیس منٹ۔ ۵۔ رہیا۔ چار دن بارہ گھنٹے تیس منٹ۔ ۶۔ نیٹن۔ پندرہ دن تئیس منٹ اٹھارہ سیکنڈ۔ ۷۔ ہیرین۔ اکیس دن سات گھنٹے چھتیس منٹ۔ ۸۔ ایپٹس۔ اناسی دن بائیس منٹ میں۔ ۹۔ نوبے۔ پانچ صد تئیس دن پندرہ گھنٹے اور چھتیس سیکنڈ میں اس کے چوگرد گردش کر جاتا ہے۔

زمین

قطر (اکیوٹر خط استواء پر) ۷۹۱۲ میل ہے۔ محیط ۲۴۹۰۰ میل ہے۔ یہ اپنی دھری پر ۲۳ گھنٹہ ۵۶ منٹ میں دور پورا کرتی ہے۔ اسے سورج کے گرد چکر لانے میں ۳۶۵ ایام ۶ گھنٹہ ۹ منٹ ۹ سیکنڈ خرچ ہوتے ہیں۔ اس کو ایک سال کہتے ہیں۔ سورج کی روشنی زمین تک پہنچنے میں ۸ منٹ لگتے ہیں۔ بوجہ ان گنتی سورج اس کے شمالی (سمیرو) و جنوبی (کمیرو) قطبوں کے علاقہ جات میں چھ ماہ دن اور چھ ماہ رات ہوتی ہے۔ اسی بنا پر خط استواء (لنکا۔ یم کوٹی۔ سدھ پورا اور رومک میں سے ہوکر جانیوالا خط) کے شمالی و جنوبی حصہ جات میں دن رات کی کمی بیشی ہوتی ہے۔ بارہ یوجن دوری تک کے ہوا کے غلاف

تک لپٹی ہوئی ہے۔ بارہ یوجن سے اوپر پرواہ وایو ہے جس میں سیارگان مسافرت کر رہے ہیں۔ پرواہ وایو میں پہنچ گئی۔ کوئی بھی چیز ہماری زمین پر واپس نہیں آسکتی۔ کیونکہ بارہ یوجن کے ہوا کے دائرہ تک ہی زمین کی قوت کشش کمزور ہو جاتی ہے۔ قوت یوگ کے سوا اور کوئی طاقت ان فلکی طبعات سے آمدرفت کا رشتہ قائم نہیں کر سکتی۔ کھاری سمندر سے بجانب شمال بھورلوگ اجمبودویپ (براعظم ایشیا) پہاڑوں سمیت نو حصوں (۱۔بھارت۔ ۲۔کنر۔ ۳۔ہری۔ ۴۔کورو۔ ۵۔ہرمیہ۔ ۶۔رمیک۔ ۷۔بھدوترک۔ ۸۔کیتو مال۔ ۹۔الاورت) میں منقسم ہے۔ زمین کے حل میں پاتا لوک ہے۔ جنوب کی جانب آدھی زمین میں سات سمندر اور چھ جزیرے ہیں۔ ۱۔کھاری اور کھیر سمندر کے درمیان شاک دویپ (جزیرہ) کھیرا ور دوہی سمندروں کے درمیان۔ شامل۔ ۳۔ دوہی اور گھرت سمندروں کے درمیان کوش۔ ۴۔گھیرت اور اکشورس سمندروں میں کرونچ۔ ۵۔اکشورس اور مدیہ سمندروں میں گومیدک۔ ۶۔مدیہ اور سوادودک سمندروں میں پشکر نام کے جزیرہ ہائے ہیں۔ زمین کے اندر عین درمیان میں دڑوانل یعنی آگ ہے۔ ہمارے بھارت ورش کے ۹ حصے ۱۔ایندر۔ ۲۔کشیرو۔ ۳۔تامرپرن۔ ۴۔گبستیمت۔ ۵۔کماری۔ ۶۔ناگ۔ ۷۔سومیہ۔ ۸۔وارن۔ ۹۔گاندھرو نام کے ہیں۔

راہو و کیتو یہ سیارگان دیکھنے میں نہیں آتے۔ جب سورج یا چاند کو گرہن ہوتا ہے۔ اس وقت یہ سیارگان زمین کے سایہ میں سے ہو کر سورج اور چاند پر چھاپہ مارتے ہیں۔ یہی ان کے دیکھنے کا ایک خاص موقعہ ہوتا ہے۔ ان کا سورج کے گرد دورہ لگانے میں قریباً ۱۸ سال خرچ ہوتے ہیں۔ ان کی رفتار باقی سیارگان کے برعکس ہے۔


اندر پنچون آٹھویں فلک کا مالک ہے۔ یہ سورج سے ۱۹۲۱۸۱۰۰۰۰ میل ہے۔ اور زمین سے کم از کم فاصلہ ۱۶۹۰۴۱۸۰۰۰۰ اور زیادہ سے فاصلہ ۱۸۷۶۳۴۸۰۰۰۰ میل ہے۔ اس کا قطر ۳۶۹۲۰ اور محیط ۵۳۱۰۰۰ امیل ہے۔ اپنے محور پر دس گھنٹوں میں اور سورج کے گرد ۳۰۶۸۷ ایام میں یعنی ۸۴⅘ سال کے قریب اپنا دور پورا کرتا ہے۔ ۱۳ مارچ ۱۷۸۱ء کو پہلے پہل اس کا پتہ بذریعہ دوربین ہرشل نے لگایا۔

ورن یورینس نویں فلک کا مالک ہے۔ سورج سے ۳۰۱۰۹۶۰۰۰۰ میل اور زمین سے کم از کم فاصلہ ۲۷۰۱۷۳۵۰۰۰ میل اور زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۲۸۸۶۹۶۵۰۰۰ میل ہے قطر ۳۴۸۰۲ میل ہے سورج کا ایک چکر لگانے کے لئے اس کو ۶۰۱۸۶½ ایام یعنی ۱۶۴ سال ۸ ماہ خرچ ہوتے ہیں۔ ورن کے بعد ۲۳ دسمبر ۱۸۴۶ء کو لیوتیر نامی جیوتشی نے بذریعہ دوربین اس کا پتہ لگایا۔


دھوم کیتو اپنے نیچ یعنی زمین کے نزدیک پہنچنے پر یہ دمدار ستارے کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ باقی سیارے سورج کے گرد مغرب سے مشرق کو گردش کرتے ہیں۔ لیکن یہ مشرق سے مغرب کو ۸۶۶ ۲۷ دن یعنی ۷۶ برس ۱۱ دن میں سورج کے گرد ایک چکر پورا کرتا ہے۔ ہیلی نامی جیوتشی نے سمت ۱۸۱۵ میں اس کی گنت کو درست ظاہر کیا۔ سمت ۱۹۶۷ میں اسی گنت کے مطابق پھر دیکھا گیا۔ سمت ۲۰۴۳ میں پھر اس کے ظاہر ہونے کی امید ہے۔


نوٹ :۔ منگل اور برہسپتی کے درمیانی راستے میں چار چھوٹے گرہوں ۱۔ویسٹو۔ ۲۔جونو۔ ۳۔سیریس۔ ۴۔پیلاس کا پتہ چلتا ہے۔ بغیر دوربین دکھائی نہیں دیتے۔

نقشہ اسمائے کواکب متحیرہ				قیام در برج و وقت ثمرہ نیک و بد				نام ایام ہفتہ		
نمبر شمار	نام گرہ ہندی	نام فارسی	نام انگریزی	قیام وقت فی راس	وقت آغاز ثمرہ	وقت اگر مکمل	اشیاء برائے ٹالنے اثر بد	نام ہندی	نام فارسی	نام انگریزی
۱	سورج	آفتاب شمس	سن	ایک ماہ	پہلے پانچ دن	شروع	وررم	اتوار	یک شنبہ	سنڈے
۲	چاند	مہتاب قمر	مون	سوا دو دن	تین گھڑی ،	آخیر	چاندی	سوموار	دوشنبہ	منڈے
۳	منگل	مریخ	مارس	۱½ ماہ	آٹھ دن ،	شروع	وررم	منگلوار	سہ شنبہ	ٹیوزڈے
۴	بدھ	عطارد	مرکری	۲۱ دن	سات دن ،	ہمیشہ	سونا	بدھوار	چہارشنبہ	وینڈنسڈے
۵	گورو	مشتری	جوپیٹر	بارہ ماہ	دو ماہ ،	وسط میں	موتی	ویروار	پنجشنبہ	تھرسڈے
۶	شکر	زہرہ	وینس	۲۷ دن	سات دن ،	وسط میں	چاندی	شکروار	جمعہ	فرائیڈے
۷	شنی	زحل	سیٹرن	۳۰ ماہ	چھ ماہ ،	اخیر	لوہا	سینچروار	ہفتہ شنبہ	سیٹرڈے
۸	راہو	راس	ڈریگن	۱۸ ماہ	تین ماہ ،	آخیر	لاج ورت	چاند کی پوزیشن (چندر پات) سورج گرہن کے وقت نظر آتی ہے۔		
۹	کیتو	ذنب	ایضاً	۱۸ ماہ	تین ماہ ،	آخیر	لاج ورت	راہو کی پونچھ یا زمین کا سایہ ہے۔ چاند گرہن لگتا ہے۔		



نظارۂ فلک
زمین و سیارگان





پرشن وچار

سب سے پہلے ہر ایک سائیل کو چاہیئے کہ اپنے اِشٹ دیوجی کے پوتر چرنوں میں دھیان لگا کر اور شردھا کے موجب بھینٹ رکھ کر جو بھی دل میں اُمنگ ہو وہ کسی علیحدہ کاغذ یا سلیٹ پر نوٹ کر لیوے پھر ذیل میں دیئے ہوئے ۳۶ پرشن پھلوں میں دیکھے کہ کون سے پرشن نمبر کا میرا سوال ہے۔ آیا نوکری پرشن ہے، یا شادی کا وغیرہ وغیرہ۔ پھر منہ درجہ ذیل چار زائچوں میں نمبروار کسی ایک ہندسے پر انگلی رکھے۔ پہلے آبی زائچہ میں، دوسری بار بادی زائچہ میں، تیسری دفعہ خاکی زائچہ میں، اور چوتھی دفعہ آتشی زائچہ میں انگلی رکھے۔ ان چاروں زائچوں میں جن جن ہندسوں پر نمبروار انگلی رکھی گئی ہو، اُن اُن ہندسوں کو جمع کرلو۔ پھر حاصل جمع کو نو پر تقسیم کر دو۔ جو ہندسہ باقی بچے اس کو نوٹ کرلو۔ پھر سائیل کے سوال کا پرشن نمبر دیکھو کہ کون سا ہے۔ اُس پرشن نمبر کے ۹ ہندسوں میں سے جہاں بھی وہ ہندسہ ملے وہی سائیل کا جواب ہوگا مثلاً سائیل کا سوال شادی کا ہے۔ ہوگی، یا نہ، اگر ہوگی تو کب۔ فرض کیا کہ سائیل نے ترتیب وار پہلے آبی زائچہ میں اُنگلی رکھی۔ جس خانہ کا نمبر ۸ ہے۔ پھر بادی زائچہ میں انگلی رکھی۔ جس خانہ کا نمبر ۵ ہے۔ پھر خاکی زائچہ میں انگلی رکھی۔ جس خانہ کا نمبر ۶ ہے۔ چوتھی دفعہ آتشی زائچہ میں انگلی رکھی جس کا کہ نمبر ۹ ہے۔ اب قانونِ قدرت کے موجب ان چاروں ہندسوں کو جمع کر لیا۔ ۸ + ۵ + ۶ + ۹ تو حاصل جمع = ۲۸ ہوئے۔ پھر ۹ پر تقسیم کیا۔ باقی صرف ایک بچا۔ اب ذیل میں دیکھیں کہ شادی کا پرشن نمبر کون سا ہے۔ دیکھنے سے معلوم ہوا، کہ شادی کا پرشن نمبر ۱۱ ہے۔ تو اُس گیارہویں نمبر کے جو ۹ خانوں میں علیحدہ علیحدہ پھل دیئے ہوئے ہیں اُن میں سے نمبر ۱ پر پھل دیکھا۔ وہاں لکھا ہے کہ شادی ہوگی، مگر ایک سال کے بعد ہوگی وغیرہ وغیرہ۔ نوٹ:- اگر ۹ پر تقسیم کرنے سے صفر باقی بچے تو وہی ۹ کا ہندسہ بچا ہوا سمجھنا چاہیئے۔

زائچہ آبی (۱)

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

زائچہ بادی (۲)

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

زائچہ خاکی (۳)

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

زائچہ آتشی (۴)

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دوست ملاپ پھل نمبر ۱

۱ - دوست جلدی ملے گا۔
۲ - دوست دھوکہ دینے والا ہے۔
۳ - دوست دیر سے ملے گا۔
۴ - دوست دھوکہ دے گا۔
۵ - دوست محنتی ہے۔
۶ - دوست خوف اور تکلیف میں ہے۔
۷ - دوست اچھا ہے، جلدی ملے گا۔
۸ - دوست مطلبی ہے۔
۹ - دوست دوسرے سے میل جول رکھتا ہے۔

سفر طے کرنے کا پھل نمبر ۳

۱ - سفر سے فائدہ ہوگا۔
۲ - سفر میں آمد و خرچ برابر ہوگا۔
۳ - سفر کے لئے مت جاؤ۔ نقصان ہوگا۔
۴ - سفر کے لئے کسی اچھے دن جانے سے فائدہ ہوگا۔
۵ - سفر عجیب شکل کا ہوگا۔
۶ - سفر میں شگن وچار کرنے سے فائدہ ہوگا۔
۷ - سفر آپ کے لئے تکلیف دینے والا ہے۔
۸ - سفر آرام سے طے ہوگا۔
۹ - سفر میں اچھی کامیابی ہوگی۔ لیکن خرچ ضرور ہوگا

سودا کے نفع یا نقصان کا پھل نمبر ۵

۱ - سودا میں اچھا نفع ملے گا۔
۲ - سودا میں بالکل لابھ نہ ہوگا۔
۳ - سودا میں سراسر نقصان ہوگا۔
۴ - سودا سے چوری یا نقصان کا ڈر ہے۔
۵ - سودا میں ساجھی یا بیوپاری دھوکا دے گا۔
۶ - سودا سے سوایا نفع ہوگا۔
۷ - سودا سے دیر پاکر نفع ہوگا۔
۸ - سودا خریدنا فائدہ مند نہیں۔ بلکہ بیچو۔
۹ - سودا کرنے سے زیادہ نفع ہے۔

مقدمہ کا پھل نمبر ۲

۱ - مقدمہ کا فیصلہ دیر میں ہوگا۔
۲ - مقدمہ میں جیت ہوگی۔
در حاکم درست فیصلہ نہ کرے گا۔
دونو مقدمہ میں صلح ہو جائے گی۔
گر گر مقدمہ میں زیادہ خرچ کرنے سے فتح ملے گی۔
چھ برس میں دُکھ زیادہ ہوگا۔
کا۔ نیلے دا
شہد رنگے ہوں ہار ہوگی۔
۲۴، ۲۵، ۲۶ صلح نہ ہوگی۔
جاننا چاہیئے۔ پنچایت کروائے گی۔

مویشی خریدنے کا پھل نمبر ۴

۱ - مویشی خریدنا فائدہ مند ہوگا۔
۲ - مویشی خریدنے سے نہ فائدہ نہ نقصان ہوگا۔
۳ - مویشی خریدنا فائدہ مند نہیں ہے۔
۴ - مویشی خریدنا ہی درست نہیں۔
۵ - مویشی خریدنے سے ضرور فائدہ ہوگا۔
۶ - مویشی کی خرید و فروخت آجکل درست نہیں۔
۷ - مویشی مت خریدو، ورنہ پچھتاؤ گے۔
۸ - مویشی سے دیر پاکر فائدہ ہوگا۔
۹ - مویشی خریدنے سے فائدہ نقصان برابر۔ مت خریدو۔

ملازمت کا پھل نمبر ۶

۱ - آپ کو ملازمت ضرور ملے گی۔
۲ - ملازمت دیر پاکر ملے گی۔
۳ - ملازمت نہ ملے گی، ہوشیار رہو۔
۴ - خرچ کرنے سے ملازمت ملے گی۔
۵ - ملازمت کے لئے کہیں اور فکر کرو، یہاں کچھ نہیں۔
۶ - ملازمت میں دشمن رکاوٹ کرے گا۔ گریھ دان کرو۔
۷ - ملازمت کسی دوسرے شخص کی مدد سے ملے گی۔
۸ - ملازمت ملنے میں بہت رکاوٹیں پیدا ہونگی۔
۹ - ملازمت نہ ملے گی۔

علمی امتحان کے متعلق پھل نمبر ۷

۱ - آپ کے پاس ہونے میں ابھی دیر ہے۔
۲ - آپ کو علم سے فائدہ نہ ہوگا۔
۳ - آپ کی دلی خواہشات علم کے متعلق پوری ہوں گی
۴ - آپ کو علم سے تھوڑا فائدہ ہوگا۔
۵ - آپ کو علم سے اچھا فائدہ ہوگا۔
۶ - آپ کو علم پاس کرنے میں تکلیف ہوگی۔
۷ - آپ اچھے درجہ میں پاس ہوں گے۔
۸ - آپ کو علم سے زیادہ فائدہ نہ ہوگا۔
۹ - آپ کو علم سے فائدہ نہ ہوگا۔

مسافر کے حالات کے متعلق پھل نمبر ۸

۱ - مسافر پردیس سے جلدی آوے گا۔
۲ - مسافر بیمار ہے آنے سے مجبور ہے۔
۳ - مسافر راستہ میں آرہا ہے۔
۴ - مسافر دور دراز سفر کرتا ہے۔
۵ - مسافر راستہ میں چوروں سے ٹھگا گیا۔
۶ - مسافر کا ارادہ ابھی آنے کا نہیں ہے
۷ - مسافر پردیس میں ہی خوش ہے۔
۸ - مسافر خرچ سے تنگ ہے، کس طرح آوے۔
۹ - مسافر کسی دوسرے کے بس میں ہے کیسے آوے۔

دشمن کے متعلق پھل نمبر ۹

۱ - دشمن دشٹ ہے۔ رعب میں نہ آوے گا۔
۲ - دشمن پر فتح ہووے گی۔
۳ - دشمن پر کسی دوست کی مدد سے فتح ہوگی۔
۴ - دشمن کمزور ہوگیا ہے، آپ ڈرو مت
۵ - دشمن کا ڈر ہے۔ بھروسہ مت کرو۔
۶ - دشمن کا ڈر کسی سرکاری کارروائی کے ذریعہ دور ہوگا۔
۷ - دشمن سے صلح ہو جائے گی۔
۸ - دشمن کی وجہ سے روپے پیسے کی بربادی ہوگی۔
۹ - دشمن خود صلح کرے گا۔

اولاد کے متعلق پھل نمبر ۱۰

۱ - اولاد ہوگی۔ بشرطیکہ عورت کی مرض کا علاج کروائے۔
۲ - لڑکی ہوگی۔
۳ - لڑکا ہوگا، مگر کم عمر والا۔
۴ - اولاد پیدا ہونے میں ابھی دیر ہے۔
۵ - عقلمند لڑکا پیدا ہوگا۔
۶ - اولاد نہ ہوگی۔
۷ - اولاد ہوگی، مگر بے عقل، یا بدصورت۔
۸ - اولاد کا سکھ پچھلی عمر میں ہے۔
۹ - اولاد کے لئے اپنے اشٹ دیو کی پوجا کرو۔ ہوجائے گی۔

شادی کے متعلق پھل نمبر ۱۱

۱ - شادی ایک سال کے بعد ہوگی۔
۲ - شادی شدہ عورت بدصورت یا جھگڑالو ہوگی۔
۳ - شادی ہونا ناممکن ہے۔
۴ - شادی ضرور ہوگی، اور جلدی ہوگی۔
۵ - شادی میں منگل گرہ رکاوٹ کرتا ہے، دان کر
۶ - شادی ہوگی۔ مگر گرہ کی بری نظر گذر جانے کے بعد۔
۷ - شادی کچھ خرچ کرنے سے ہوگی۔
۸ - شادی ہونے میں کچھ دیر ہے
۹ - شادی شدہ عورت باشعور ہوگی۔

گم شدہ اشیا کے متعلق پھل نمبر ۱۲

۱ - چیز جلدی ملے گی۔ چور عورت ہے۔
۲ - چیز ملے گی۔ مگر خرچ کرنے کے بعد۔
۳ - چیز کا پتہ مکمل ملے گا۔ لیکن مال نہ ملے گا۔
۴ - چور پختہ ہے، پتہ نہ ملے گا
۵ - چیز کسی کی مدد سے ملے گی۔
۶ - چیز چور نے کسی دوسرے کے سپرد کر دی ہے
۷ - چیز کا آدھا حصہ برباد ہو چکا ہے۔
۸ - چیز نہ ملے گی، امید نہ کرو۔
۹ - چیز مل جائے گی۔ کیونکہ چور نیا ہے۔

مریض کی حالت کے متعلق پھل نمبر ۱۳

۱ - مرض دیر تک رہے گی۔
۲ - مریض کو خراب گرہ لگا ہوا ہے۔ کچھ اپائے کرو۔
۳ - یہ مرض دیوتا کی ناراضگی کی وجہ سے ہوئی ہے
۴ - مریض کو جلدی آرام ہوگا
۵ - مریض کی جگہ بدل دو۔
۶ - مریض بدپرہیز ہے۔
۷ - مریض کو تھوڑے دنوں کی تکلیف ہے۔ فکر نہ کرو۔
۸ - مریض کو صحت خرچ کرنے سے ہوگی
۹ - مریض کو آرام ہونا ناممکن ہے۔

دلی خواہش کے متعلق پھل نمبر ۱۴

۱ - آپ کی دلی خواہش پوری ہوگی۔
۲ - آپ کی خواہش پوری ہونے میں ابھی دیر ہے۔
۳ - آپ کی دلی خواہش کا نتیجہ بد ہوگا
۴ - آپ اپنی دلی خواہش پورا کرنے کیلئے دوسرے کا بھروسہ نہ کرو
۵ - آپ کی خواہش پوری ہوگی۔ ڈرو مت
۶ - آپ کی دل کی دل ہی میں رہ جائے گی۔
۷ - آپ کو کسی برے آدمی سے واسطہ پڑ گیا ہے۔
۸ - آپ کی خواہش دیر پاکر پوری ہوگی۔
۹ - ڈر سچا ہے۔ انتظام کرنے سے آرام ہو جائے گا۔

حمل کے متعلق پھل نمبر ۱۵

۱ - حمل کے پورے دن خیر و خوبی سے گزریں گے۔
۲ - حمل میں لڑکی ہوگی۔
۳ - حمل میں عقلمند لڑکا ہے۔
۴ - حمل سے مردہ لڑکی پیدا ہوگی۔
۵ - حمل گرتا ہوا نظر آتا ہے۔
۶ - حمل سے لڑکا پیدا ہوگا۔
۷ - حمل سے عمر دراز لڑکا پیدا ہوگا
۸ - حمل میں لڑکیوں کا جوڑا ہے۔
۹ - حمل میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہے۔

قرض لینے اور دینے کے متعلق پھل نمبر ۱۶

۱ - قرض کا لین اور دین دونوں کام اچھے ہیں۔
۲ - قرض لینے سے پہلے جیسی محبت ہے۔ بعد میں نہ رہے
۳ - قرض لین دین کا نتیجہ اچھا نہیں
۴ - قرض لین دین سے آخر مشکل ہوگی
۵ - دریا سو کھویا، لیا سو کمایا۔
۶ - قرض لین دین میں نفع و نقصان برابر ہے۔
۷ - قرض لین دین میں کوئی حرج نہیں ہے۔
۸ - قرض لین دین کی و
۹ - قرض لین دین سے نفع و نقصان برابر

کھیتی کے متعلق پھل نمبر ۱۷

۱ - آپ کے لئے کھیتی میں فائدہ ہے۔
۲ - کھیتی نہ کرو۔ کال کا ڈر ہے۔
۳ - کھیتی سے نقصان ہوگا، کیونکہ فصل کو کیڑا لگنے کا ڈر ہے۔
۴ - کھیتی کرنے سے خواہش پوری ہوگی۔
۵ - کھیتی میں فائدہ ہوگا۔ مگر محنت سے۔
۶ - کھیتی میں فائدہ ہوگا۔ مگر ہوشیاری سے۔
۷ - کھیتی میں اولے پڑنے کا خطرہ ہے۔
۸ - کھیتی کو ہوا کے ذریعہ نقصان ہوگا
۹ - کھیتی مت کرو۔ آپ کو نقصان بہت ہوگا۔

کشتی لڑنے کا پھل نمبر ۱۸

۱ - کشتی میں فتح ہوگی۔ بشرطیکہ اپنے اشٹ دیو کو مناؤ
۲ - خبردار دوسرا فریق طاقتور ہے۔
۳ - لڑو مت جھگڑا فساد ہونے کا خطرہ ہے۔
۴ - لڑائی جھگڑا کرنا آپ کو برا ہے۔
۵ - ہوشیار ہو کر لڑو، جیت جاؤ گے۔
۶ - لڑنے سے کیوں گھبراتا ہے۔ فتح ہوگی۔
۷ - آپ کے کام میں دشمن رکاوٹ ڈالے گا، ہوشیار رہو۔
۸ - آپ کی ہار ہوگی۔
۹ - آپ کی جیت ہوگی۔

فرزند کو گود میں لینے کے متعلق پھل نمبر ۱۹

۱ - گود لینے سے نام رہے گا۔
۲ - یہ لڑکا وفادار نہیں ہے۔
۳ - لڑکا خرچ کروائے گا۔
۴ - لڑکا اچھا نہیں ہے۔
۵ - لڑکے کے ساتھ اچھی نبھے گی
۶ - ہوشیاری کے ساتھ لڑکا گود میں لینا۔
۷ - لڑکا محبت کرنے والا نہ نکلے گا۔
۸ - گھر میں ان بن رہے گی۔
۹ - لڑکا سکھ دینے والا نہیں ہے۔

روزگار کے متعلق پھل نمبر ۲۰

۱ - آپ کے لئے جلدی ہی اچھا روزگار ملے گا
۲ - زیادہ محنت کرنے سے روزگار ملے گا
۳ - کسی طرح کی ٹھیکیداری کرنے سے روزگا
۴ - آپ کو پانی، مٹی اور کوئلہ کے ذریعہ روز
۵ - اب اس بیوپار سے روزگار نہ ہوگا۔
۶ - روزگار میں دشمن نقصان دیں گے
۷ - آپ کے لئے روزگار ٹھیک ہو
۸ - کھوٹے گرہ کی دشا روزگار میں
۹ - روزگار کی [illegible]

گھر کو خوشحال بنانے والے مویشی

مہرشی پراشر نے جو گیان اپنے چیلے برہدرتھ کو دیا تھا۔ وہ ہم مختصراً درج کرتے ہیں۔

۱۔ گائے

کبھی گائے شبھ لکشن ہوتی ہیں تو کبھی شاستر میں اُن کے نیک و بد لکشن بتائے گئے ہیں۔ جیسے جن گائیوں کی آنکھیں آنسوؤں سے بھری ہوئی اُگدھلی ہوں دوکھی ہوں جو ہے جیسی ہوں وہ اچھی نہیں ہوتیں۔ جن کے سینگ ہلتے ہوں۔ جن کا رنگ کالا لال ملا ہوا گدھے کیطرح ہو جنکے منہ میں دس سات یا چار دانت ہوں۔ جن کا منہ لمبا بغیر سینگ کا ہو۔ جن کی پیٹھ جھکی ہوئی ہو جن کی گردن چھوٹی اور موٹی ہو۔ جن کا درمیانی حصّہ جو کی طرح درمیان سے بہت موٹا ہو۔ جن کے کُھر بہت پھٹ رہے ہوں۔ جن کی بھی کالے رنگ کی بہت لمبی ہو جن کے گٹے بہت چھوٹے یا بہت بڑے ہوں۔ جن کا تھوہی (مہن) بہت اونچا ہو جو سدا کمزور رہے جن کا کوئی رنگ نہ ہو۔ وہ شبھ نہیں ہوتیں۔

۲۔ بیل

مندرجہ ذیل لکشنوں والا بیل بھی اچھا نہیں ہوتا علاوہ ازیں جن کے پتالو موٹے یا بہت لمبے ہوں۔ جن کی چھاتی اور گالوں پر موٹی نسیں اُبھری ہوں۔ جن کی آنکھوں سے تو آنسو ٹپکیں اور ساتھ ہی پیشاب گرے جن کا نیلا رنگ لال ہو جن کے بلے سریکھے چشم ہوں وہ برہمن کو بھی رکھنے اچھے نہیں۔ باقی ورنوں کی تو بات کیا۔ جن کے ہونٹ تالو زبان کالے ہوں۔ مگر آلہ تناسل کا اگلا حصّہ اور سینگ موٹے ہوں۔ سینہ ننگا پیٹ اور باقی شریر کالا سفید ہو ایسے بیل باقی ساتھیوں کا ناش کرتے ہیں۔ جن کے جسم پر کالے پھول پڑ رہے ہوں۔ اور بلی سریکھی آنکھیں ہوں اور بوجھ پیچھے جوڑا ہوا ایسے پاؤں اٹھاوے جیسے کیچڑ میں پھنسے ہوں۔ جنکی گردن دُبلی ہو آنکھیں کنیری ہوں پیٹھ چھوٹی یا دبی ہوئی ہو وہ بوجھ اٹھا نہیں سکتے۔ موٹے خوبصورت تانبے رنگ کے ہوں۔ چھوٹی کوہان تانبے رنگ زنگی نان وتالو پتلے اونچے کان سندر پیٹ ناکھی چینگا تانبے رنگ ملے ہوئے کُھر سخت چھاتی بڑی کوہان جن کے ملائم بنکے اور بال اور جھاڑی۔ تانبے رنگ سینگ اور پتلی زمین تک پونچھ۔ آنکھوں کے کونے لال۔ گہرا سانس لیں مانند شیر کندھے پتلی رسی گلے میں سجا کر۔ سندو چال دائیں جانب بائیں طرف گھومی ہوئی بھوریاں ٹانگیں۔ مینڈھے کی ٹانگوں سریکھی ہوں۔ ایسے بیل شبھ ہوتے ہیں۔ دیدوریہ منی سریکھے نواری پھول سریکھے چشم آنکھوں کے باہر چاروں طرف سفید لکیر۔ پانی کے بلبلے سریکھے موٹے چشم وجسم۔ کُھر کا پچھلا حصّہ چھوٹا نہ ہو۔ ناک میں بل پڑے سریکھا منہ داہنا حصہ سفید نیل کمل یا لاکھ سریکھی چمک۔ اچھی پونچھ لمبے تالو۔ مینڈھے کا سا پیٹ۔ چھاتی اور چڈے تنگ سفید رنگ تانبے جیسے سینگ وآنکھیں۔ بڑا منہ بیل کو ہنس کہتے ہیں بڑا شبھ ہے۔ پونچھ زمین کو چھوئے۔ تانبے رنگ کے سینگ۔ سُرخ آنکھیں۔ کوہان چاروں پاؤں سفید بیل رکھنے والے کو دولت مند بنا دیتا ہے۔

۳۔ کتا

جس کتے کے تین پاؤں میں پانچ پانچ ناخن ہوں اور آگے کے داہنے پاؤں میں چھ ناخن ہوں۔ ہونٹ اور نتھنے کا اگلا حصّہ تانبے کی طرح سُرخ رنگا ہوا ہو۔ شیر کی طرح چال۔ زمین کو سونگھتا ہوا چلے۔ پونچھ بہت بالوں سے گھری ہوئی ہو۔ ریچھ کی سی آنکھیں دونوں کان لمبے اور ملائم ہوں۔ ایسا کتا اپنے مالک کے گھر کی لکشمی بڑھاتا ہے۔

۴۔ کتیا

جس کتیا کے تین پاؤں میں پانچ پانچ ناخن ہوں اور اگلے بائیں پاؤں میں چھ ناخن ہوں۔ جس کی آنکھوں کے باہر ہلتی پھول کی طرح سفید ریکھا ہو۔ پونچھ ٹیڑھی ہو۔ پنگل رنگ ہوں۔ لمبے کان ہوں۔ ایسی کتیا اپنے مالک کے راج کی رکشا کرتی ہے۔

۵۔ گھوڑا

گردن، آنکھیں لمبی۔ چھاتی چوڑی۔ تالو، ہونٹ، زبان تانبے کے رنگ کی۔ چمڑی ماتھے اور دُم کے بال باریک۔ سُم۔ چال رنگ ڈھنگ سُندر۔ کان ہونٹ، دُم چھوٹے۔ جانگھ گھٹنے والا گول۔ برابر سفید دانت والا گھوڑا دشمن کا ناش کرتا ہے۔ ٹھوڑی، گال منہ، ناکھی۔ کنپٹی۔ کمر۔ پیٹ۔ گھٹنے پتالو کہن گدا۔ دائیں کو پاؤں میں بھوریاں خراب اور اوپر کے ہونٹ۔ کان۔ پیٹھ۔ آنکھ کے اوپر دسوں دھر وزن پر پچھلے حصہ اگلے بازو۔ بائیں کوکھ اور ماتھے میں بھوریاں اچھی ہیں۔ دانتوں کی قطاروں میں درمیان کے دو دانت سدنش۔ سدنش کے دونوں جانب ایک ایک دانت۔ مدھیوں کے دونوں طرف ایک ایک دانت انیتہ کہلاتا ہے۔ دونوں داڑھوں کے درمیان کے چھ ہی دانت سفید رنگے ہوں تو ایک برس کا۔ کالے لال رنگے ہوں تو دو برس کا۔ سدنش گر کر پھر بنے ہوں تو تین برس کا۔ مدھیہ جنمیں تو چار برس کا۔ انتیہ جنمیں تو پانچ برس کا۔ کالے داغ اسدنشوں پر ہوں تو چھ برس۔ مدھیوں پر ہوں تو سات برس۔ انتیوں پر ہوں تو آٹھ برس کا۔ نیلے داغ ہوں تو ترتیب وار نو، دس، گیارہ۔ سفید داغ ہوں تو بارہ، تیرہ، چودہ۔ کانچ رنگے ہوں تو پندرہ، سولہ، سترہ۔ شہد رنگے ہوں تو اٹھارہ، انیس، بیس۔ سنکھ رنگے ہوں تو اکیس، بائیس، تیئیس برس کا۔ سدنش وغیرہ پر چھدر ہونے سے ۲۴، ۲۵، ۲۶ برس۔ ملنے سے ستائیس، اٹھائیس، انتیس۔ آمد گرنے سے تیس، اکتیس، بتیس برس کا گھوڑا جاننا چاہیئے۔

نقشہ تنخواہ یومیہ

کل یوم ماہ	۲۸ یوم			۳۰ یوم			۳۱ یوم		
مقدار تنخواہ	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی
عہ ۱ روپیہ	۰	۰	۰	۰	۰	۶	۰	۰	۶
عہ ۲ روپیہ	۰	۱	۲	۰	۱	۱	۰	۱	۰
سے ۳ روپیہ	۰	۱	۹	۰	۱	۷	۰	۱	۷
للعہ ۴ ″	۰	۲	۳	۰	۲	۲	۰	۲	۱
صہ ۵ ″	۰	۲	۱۰	۰	۲	۸	۰	۲	۷
سے ۶ ″	۰	۳	۵	۰	۳	۲	۰	۳	۱
معہ ۷ ″	۰	۴	۰	۰	۳	۹	۰	۳	۷
سے ۸ ″	۰	۴	۷	۰	۴	۳	۰	۴	۲
لعہ ۹ ″	۰	۵	۲	۰	۴	۱۰	۰	۴	۸
عہ ۱۰ ″	۰	۵	۹	۰	۵	۴	۰	۵	۲
لعہ ۱۱ ″	۰	۶	۳	۰	۵	۱۰	۰	۵	۸
عہ ۱۲ ″	۰	۶	۱۰	۰	۶	۵	۰	۶	۲
عے ۱۳ ″	۰	۷	۵	۰	۶	۱۱	۰	۶	۹
عہ ۱۴ ″	۰	۸	۰	۰	۷	۶	۰	۷	۳
عے ۱۵ ″	۰	۸	۷	۰	۸	۰	۰	۷	۹
عہ ۱۶ ″	۰	۹	۲	۰	۸	۶	۰	۸	۳
عے ۱۷ ″	۰	۹	۹	۰	۹	۱	۰	۸	۹
عہ ۱۸ ″	۰	۱۰	۳	۰	۹	۷	۰	۹	۳
عہ ۱۹ ″	۰	۱۰	۱۰	۰	۱۰	۲	۰	۹	۱۰
عہ ۲۰ ″	۰	۱۱	۵	۰	۱۰	۸	۰	۱۰	۵
عہ ۲۱ ″	۰	۱۲	۰	۰	۱۱	۱۲	۰	۱۰	۱۰
عہ ۲۲ ″	۰	۱۲	۷	۰	۱۱	۸	۰	۱۱	۴
عے ۲۳ ″	۰	۳	۲	۰	۱۲	۳	۰	۱۱	۱۰
عہ ۲۴ ″	۰	۱۳	۹	۰	۱۲	۹	۰	۱۲	۵
عہ ۲۵ ″	۰	۱۴	۳	۰	۱۳	۴	۰	۱۲	۱۱
عہ ۲۶ ″	۰	۱۴	۸	۰	۱۳	۱۰	۰	۱۳	۵
عہ ۲۷ ″	۰	۱۵	۰	۰	۱۴	۵	۰	۱۳	۱۱
عہ ۲۸ ″	۱	۰	۰	۰	۱۴	۱۱	۰	۱۴	۵
عہ ۲۹ ″	۱	۰	۷	۰	۱۵	۵	۰	۱۵	۰
سہ ۳۰ ″	۱	۱	۲	۱	۰	۰	۰	۱۵	۶
رسے ۳۱ ″	۱	۱	۹	۱	۰	۶	۱	۰	۰
سہ ۳۲ ″	۱	۲	۳		۱	۱	۱	۰	۶
سے ۳۳ ″	۱	۲	۱۰	۱	۱	۷	۱	۱	۰
للسے ۳۴ ″	۱	۳	۵	۱	۲	۲	۱	۱	۷
سہ ۳۵ ″	۱	۴	۰	۱	۲	۸	۱	۲	۱
سہ ۳۶ ″	۱	۴	۷	۱	۳	۲	۱	۲	۷
سہ ۳۷ ″	۱	۵	۲	۱	۳	۹	۱	۳	۱
سے ۳۸ ″	۱	۵	۹	۱	۴	۳	۱	۳	۷
سہ ۳۹ ″	۱	۶	۳	۱	۴	۱۰	۱	۴	۲
للعہ ۴۰ ″	۱	۶	۱۰	۱	۵	۴	۱	۴	۸
للعہ ۴۵ ″	۱	۹	۹	۱	۸	۰	۱	۷	۳
صہ ۵۰ ″	۱	۱۲	۷	۱	۱۰	۸	۱	۹	۱۰
صہ ۵۵ ″	۱	۱۵	۵	۱	۱۳	۴	۱	۱۲	۳
صہ ۷۵ ″	۲	۱۰	۱۰	۲	۸	۰	۲	۴	۲

زیادہ سے زیادہ کتنی کُنڈلیاں بَن سکتی ہیں؟

لیکھک ،۔ شکتی دھر شرما ایم ایس سی شاستری جیوتش آچاریہ

یہاں ہم "سیارگان کی پوزیشن کے مطابق کتنی کُنڈلیاں بَن سکتی ہیں"۔ اِس سوال کو سنچیہ کرم سنچیہ (PERMUTATION AND CONBINATION) کے حساب سے حل کر کے دکھاتے ہیں۔

حساب شروع کرنے سے پہلے فرض کیجئے کہ کُنڈلی میں میکھ لگن ہے۔ پہلے ہم اِس طرح کی سبھی کُنڈلیوں کی تعداد کا پتہ کریں گے۔ سُورج کی سبھی کُنڈلیوں کے مُطابق اس (میکھ لگن والی) کُنڈلی کی بارہ شکلیں بنیں گی۔ اِن بارہ کُنڈلیوں میں سے ہر ایک کنڈلی کی منگل کی پوزیشن کے مطابق بارہ بارہ شکلیں بنیں گی۔ اِس سُورج اور منگل دونوں گرہوں کی پوزیشن کے خیال سے ۱۲×۱۲ = ۱۴۴ قسمیں ہوں گی۔ اِن ۱۴۴ کنڈلیوں سے ہر ایک کنڈلی کی برہسپت کی پوزیشن کے خیال سے پھر بارہ بارہ قسمیں بنیں گی۔ اِس طرح سُورج منگل اور برہسپت کے خیال سے ۱۲×۱۲×۱۲ = ۱۷۲۸ قسمیں ہوں گی اِس طرح پر صاف ظاہر ہے کہ سُورج ۔ منگل۔ چاند۔ برہسپت۔ سنیچر اور راہو کی پوزیشن کے خیال سے میکھ لگن والی کنڈلیوں کی ۱۲^۶ قسمیں ہوں گی۔ کیتو راہو سے ہمیشہ ۱۸۰ ڈگری کے فاصلے پر رہتا ہے۔ یعنی راہو کی پوزیشن سے کنڈلی میں کیتو کی پوزیشن اپنے آپ ہی معلوم ہو جاتی ہے۔ اِس لیئے کیتو کی پوزیشن کے خیال سے اوپر کی کُنڈلیوں کی تعداد میں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ اِس لیئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ سُورج۔ چاند۔ منگل۔ برہسپت۔ سنیچر۔ راہو اور کیتو کی پوزیشن کے خیال سے میکھ لگن والی کنڈلیوں کی تعداد = ۱۲^۶ ہو گی۔ بُدھ کا سُورج سے زیادہ سے فاصلہ (GREATEST LONGATION) ۲۸ ہوتا ہے اس لیے یا تو بُدھ سُورج کے خانے میں ہو سکتا ہے یا ایک خانہ آگے پیچھے۔ یعنی ہر ایک سُورج کی پوزیشن کے لیئے بُدھ کی تین پوزیشن ہو گی۔ اِس لئے اوپر دیئے گئے پوزیشنوں میں سُورج۔ چاند۔ منگل۔ برہسپت۔ بُدھ۔ سنیچر۔ راہو اور کیتو کی پوزیشن کے خیال سے میکھ لگن والی کنڈلیوں کی تعداد ۱۲^۶×۳ ہوں گی۔

شکر کا سُورج سے زیادہ سے زیادہ فاصلہ ۴۸ (یعنی ۲ راشی سے کم) ہوتا ہے۔ اِس لئے شکر یا تو سُورج کے ساتھ ہو سکتا ہے یا دو خانے آگے یا پیچھے۔ اِس لئے ہر ایک سورج کی پوزیشن کے لئے شکر کی پانچ پوزیشن ہوں گی۔ اِس لئے سُورج ۔ چاند ۔ منگل۔ بُدھ۔ برہسپتی۔ شکر۔ سنیچر۔ راہو اور کیتو کی پوزیشن کے خیال سے میکھ لگن والی کُنڈلیوں کی تعداد = ۱۲^۶×۳×۵ ہو گی۔ یہی تعداد برکھ لگن اور دوسرے لگن والی کنڈلیوں کی ہو گی۔ اس لئے گرہوں کی پوزیشن اور لگن کے خیال سے کُنڈلیوں کی کل تعداد = ۱۲×۱۲^۶×۳×۵ = ۱۲^۷×۱۵ = ۵۳۷۴۷۷۱۲۰ ہو گی۔

اتپتی اندو شیکھر میں سیارگان کی پوزیشنوں کی تعداد ۴۴۷۸۹۷۶۰ دی ہے۔ ہر ایک سیارگان کی پوزیشن کے لئے لگن کے خیال سے بارہ کنڈلیاں بن سکتی ہیں۔ اِس لئے کنڈلیوں کی تعداد وہی ہے جو کہ اوپر کے پیرے میں حساب سے نکالی گئی ہے۔ یعنی اتپتی اندو شیکھر کے مطابق بھی کنڈلیوں کی تعداد = ۱۲×۴۴۷۸۹۷۶۰ = ۵۳۷۴۷۷۱۲۰ ہے۔

شری سودھاکر دویدی جی نے سیارگان کی پوزیشنوں کی تعداد ۷۴۶۴۹۶۰۰ = ۱۲^۶×۵×۵ دی ہے۔ اس کے فیکٹر (FACTORS) کو غور سے دیکھنے سے صاف ظاہر ہے کہ شری سودھاکر دویدی جی نے بُدھ کا سُورج سے زیادہ سے زیادہ فاصلہ ایک راشی سے زیادہ مان لیا تھا۔ (MAXIMA–MINIMA) کے حساب سے یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ بُدھ کبھی بھی سُورج سے تیسرے خانے میں نہیں ہو سکتا۔ اِس لئے شری سودھاکر دویدی جی کا حل ٹھیک بھی نہیں مانا جا سکتا۔

اگر نچھتروں کے مطابق ۲۷ خانوں والی کُنڈلی فرض کی بجائے تو گرہوں اور لگن کے خیال سے کنڈلیوں کی تعداد ۶۵۹۰۰۲۲۵۱۷۸۹ ہو گی۔ اس بارے میں (GENERAL FORMULA) شری مارتنڈ پنچانگ سمت ۲۰۲۳ کے صفحہ نمبر ۶۷ پر دیکھیں۔

استری کلیان


عورتوں کی ایک پسندیدہ دوائی

استری کلیان ہمارے یہاں کی نہایت اعلیٰ دوائی ہے یہ سنہ ۱۹۳۰ میں ایجاد ہوئی اور اس وقت سے لیکر آج تک اس دوائی کا ہزاروں عورتوں نے استعمال کیا اور اس کی تعریف کی۔ یہ دوائی ایک مشہور آیورویدک نسخہ سے تیار ہوتی ہے۔ جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ بڑی محنت سے شمبھوجی مہاراج کی پوجا کرکے چندر ماں نے اسے حاصل کیا تھا۔

نسخہ یہ ہے:۔ کافور۔ دودھیاچ۔ ناگرموتھا۔ میٹھا چرائیتا۔ دارو ہلدی۔ گلو۔ دیودارو۔ ہلدی۔ اتیس۔ پیپرامول۔ چیتے کی جڑ کی چھال۔ وائڈرنگ۔ دھنیا۔ ترپھلا۔ چویہ۔ گج پیپر۔ سونٹھ۔ پیپر۔ کالی مرچ۔ سونا مکھی کی شدھ بھسم۔ جواکھار۔ سجی کھار۔ سینداھا نمک۔ کالا نمک۔ بڑ نمک۔ دتنی۔ تیج پتر۔ نسوتھ۔ دال چینی۔ بیج الائچی۔ اور بنس لوچن۔

یہ ۳۱ چیزیں ایک ایک تولہ بھسم فولاد دو تولے۔ مصری چار تولے۔ شدھ سلاجیت آٹھ تولے۔ اور شدھ گوگل آٹھ تولے۔ سب دوائیوں کو کوٹ پیسکر کپڑے میں چھان کرکے تین تین رتی کی گولیاں بنالیں۔ ایک گولی ہر روز دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ یاد رکھیئے سب دوائیں خاصکر شلاجیت اور بھسم فولاد اصلی اور بڑھیا ہونی چاہیئے۔ اشدھ اور بازاری دوائیوں سے بجائے فائدہ کے نقصان ہوسکتا ہے۔

بھیشجیہ رتناولی بھاوپرکاش چرک وغیرہ پراچین گرنتھوں کے مطابق تو یہ نسخہ جسم کی کتنی ہی شکایتوں پر فائدہ مند ہے۔ لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ دوائی طاقت بڑھانے والی یعنی رسائن ہے۔ ہماری آزمائش کے مطابق اس دوائی کا اثر سپاری پاک۔ اشوکارشٹ وغیرہ دوائیوں سے بھی بڑھ کر ہے۔ اس کے استعمال سے کمزوری یا کمزوری سے متعلق کمر درد جسم ٹوٹنا لاپرواہی بھوک لگنا۔ ہاضمہ کی کمی وغیرہ دیگر شکایتوں میں فائدہ مند ہے۔ اور تندرستی بڑھتی ہے۔ بھوک لگتی ہے۔ خون میں لال کنی بڑھتی ہیں۔ ٹٹی صاف آتی ہے۔ اور جسم میں تندرستی بڑھتی ہے مریض لاغر اور اپنی صحت کے فکرمند ہر عورت مرد کو اس کا استعمال کرنا چاہیئے۔



استری کلیان کا پورا کورس اس دوا کا پورا کورس چار شیشی کا ہے۔ ہر ایک شیشی میں ۱۵ دن کی خوراک ہوتی ہے۔ اس لئے پورا فائدہ اٹھانے کے لئے اس دوائی کا پورا کورس یعنی چاروں شیشی ہی استعمال کرنی چاہئیں۔ دو شیشی میں بھی پورا فائدہ ہوسکتا ہے۔ لیکن جو شخص استری کلیان کا پورا کورس یعنی چار شیشی ایک ساتھ منگائیں گے انھیں یہ سہولت دی جاتی ہے کہ اگر انھیں پورا کورس استعمال کرنے سے پہلے ہی آرام ہو جائے۔ یا وہ کسی وجہ سے دوائی کا پورا کورس استعمال نہ کرنا چاہیں۔ تو بچی ہوئی دوائی ہمیں بھیجکر اس دوائی کی اصل قیمت واپس منگا سکتے ہیں۔ کیونکہ اس دوائی کا لگاتار استعمال ضروری ہے۔ اس لئے پورا کورس ہی ایک ساتھ منگوالیں۔ بار بار دوائی منگوانے پر ایک تو ڈاک خرچ وغیرہ زیادہ لگتا ہے دوسرے دوائی کا استعمال بیچ میں ٹوٹ جانے کا ڈر رہتا ہے۔ اس لئے پورا کورس ایک ساتھ منگانا اچھا ہے۔

استری کلیان کا طریقہ استعمال اور قیمت استری کلیان کی ایک شیشی کی قیمت۔ ۲ روپے ۸۸ پیسے ہیں۔ چار شیشی یعنی پورے کورس کی قیمت ۱۱ روپے ۵۰ پیسے ہیں۔ وی۔ پی پارسل کے ذریعہ منگوانے سے ڈاک اور پیکنگ خرچ۔ سیل ٹیکس الگ لگتا ہے۔ اس دوائی کا طریقہ استعمال آسان ہے۔ جس کا پورا بیان الگ سوچی پتر میں دیا جاچکا ہے۔ جو دوائی کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

اُستری کلیان :۔ حسب ذیل پتہ سے وی۔ پی پارسل کے ذریعہ منگوائی جاسکتی ہے۔ خط لکھتے وقت اپنا پتہ صاف اور خوشخط ہی لکھیں۔

پریم پیاری اگروال۔ نمبر ۶۵ بڈھلاڈہ (پنجاب)

نقشہ جات و تاریخہائے گزشتہ برائے استعمال عرائض نویسیاں و وکلا بابت سنہ ۱۹۶۶ء مطابق سمت ۲۰۲۲-۲۳ بکرمی

تاریخ انگریزی	جنوری سمت ۲۰۲۲ بکرمی	فروری سمت ۲۰۲۲ بکرمی	مارچ سمت ۲۰۲۳ بکرمی	اپریل سمت ۲۰۲۳ بکرمی	مئی سمت ۲۰۲۳ بکرمی	جون سمت ۲۰۲۳ بکرمی	جولائی سمت ۲۰۲۳ بکرمی	اگست سمت ۲۰۲۳ بکرمی پہلا ساون و دوسرا ساون	ستمبر سمت ۲۰۲۳ بکرمی	اکتوبر سمت ۲۰۲۲ بکرمی	نومبر سمت ۲۰۲۳ بکرمی	دسمبر سمت ۲۰۲۳ بکرمی
۱	پوہ شدی نومی	ماگھ شدی دسمی	پھاگن شدی نومی	چیت شدی دسمی ایکادشی	بیساکھ شدی ایکادشی	جیٹھ شدی ترودشی	ہاڑ شدی چودس	ساون شدی پورنماشی	بھادوں بدی ایکم	اسوج بدی دوج	کارتک بدی تیج	مگھر بدی چوتھ
۲	۱۰	۱۱	۱۰	۱۲	۱۲	۱۴	پورنماشی	دوسرا ساون بدی ایکم	۲	۳	۴	۵
۳	۱۱	۱۲-۱۳	۱۱	۱۳	۱۳-۱۴	پورنماشی	پہلا ساون بدی ایکم	۲	۳	۴	۵	۶
۴	۱۲	۱۴	۱۲	۱۴	پورنماشی	ہاڑ بدی ایکم	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۵	۱۳	پورنماشی	۱۳	پورنماشی	جیٹھ بدی ایکم	۲	۳	۴	۵	۵	۷	۸
۶	۱۴	پھاگن بدی ایکم	۱۴	بیساکھ بدی ایکم	۲	۳	۴	۵	۶	۶	۸	۹
۷	پورنماشی ماگھ بدی ایکم	۲	پورنماشی چیت بدی ایکم	۲	۳	۴	۴	۶	۷	۷-۸	۹	۱۰
۸	۲	۳-۴	۲	۳	۴	۵	۵	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
۹	۳	۵	۳	۴	۵	۶	۶	۷	۹	۱۰	۱۱-۱۳	۱۲
۱۰	۴	۶	۴	۵	۶	۷	۷	۸	۱۰	۱۱	۱۳	۱۳
۱۱	۵	۷	۵	۶	۷	۸	۸	۹	۱۱	۱۲	۱۴	۱۴
۱۲	۶	۸	۶	۷	۸	۹	۹	۱۰-۱۱	۱۲	۱۳	اماوس	اماوس
۱۳	۷	۹	۷	۸	۸	۱۰	۱۰	۱۲	۱۳-۱۴	اسوج ۱۴	کارتک شدی ایکم	مگھر شدی ایکم و دوج
۱۴	۸	۱۰	۸	۹	۹	۱۱	۱۱	۱۳	اماوس	اماوس شدی ایکم	۲	۳
۱۵	۹	۱۱	۹	۱۰	۱۰	۱۲	۱۲	۱۴	بھادوں شدی ایکم	۲	۳	۴
۱۶	۱۰	۱۲	۱۰	۱۱	۱۱	۱۳	۱۳	اماوس	۲	۳	۴	۴
۱۷	۱۱	۱۲	۱۱	۱۲	۱۲	۱۴	۱۴	دوسرا ساون شدی ایکم	۳	۴	۵	۵
۱۸	۱۲	۱۳	۱۲	۱۳	۱۳	اماوس	اماوس	۲	۴	۵	۶	۶
۱۹	۱۳	۱۴	۱۳	۱۴	۱۴	ہاڑ شدی ایکم	پہلا لوندیا ساون شدی ایکم و دوج	۳-۴	۵	۶	۷	۷
۲۰	۱۴	اماوس	۱۴	اماوس	اماوس	۲	۳	۵	۶	۷	۸	۸
۲۱	اماوس	پھاگن شدی ایکم	۱۴	بیساکھ شدی ایکم	جیٹھ شدی ایکم	۳	۴	۶	۷	۸	۹	۹
۲۲	ماگھ شدی ایکم	۲	اماوس	۲	۲	۴	۵	۷	۸	۹	۱۰	۱۰
۲۳	۲	۳	چیت شدی ایکم	۳	۳	۵	۶	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۱
۲۴	۳	۴	۲	۴	۴	۶	۷	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۲
۲۵	۴	۵	۳	۵	۵	۷	۸	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۳
۲۶	۵	۶	۴	۶	۶-۷	۸-۹	۹	۱۱	۱۲	۱۲	۱۴	۱۴
۲۷	۵	۷	۵	۷	۸	۱۰	۱۰	۱۲	۱۳	۱۳	۱۴	پورنماشی
۲۸	۶	۸	۶	۸	۹	۱۱	۱۱	۱۳	۱۴	۱۴	پورنماشی	پوہ بدی ایکم
۲۹	۷	—	—	۹	۱۰	۱۲	۱۲	۱۴	پورنماشی	پورنماشی	مگھر بدی ایکم	۲
۳۰	۸	—	—	۱۰	۱۱	۱۳	۱۳	پورنماشی	اسوج بدی ایکم	کارتک بدی ایکم	۲	۳
۳۱	۹	—	—	۰	۱۲	—	۱۴	بھادوں بدی ایکم	۰		۰	۴

نقشہ جات و تاریخہائے گزشتہ برائے استعمال عرائض نویسیاں و وکلا بابت سنہ ۱۹۶۷ء

تاریخ انگریزی	جنوری سمت ۲۰۲۳ بکرم	فروری سمت ۲۰۲۳ بکرم	مارچ سمت ۲۰۲۳ بکرم	اپریل سمت ۲۰۲۳-۲۴ بکرم	مئی سمت ۲۰۲۴ بکرم	جون سمت ۲۰۲۴ بکرم	جولائی سمت ۲۰۲۴ بکرم	اگست سمت ۲۰۲۴ بکرم	ستمبر سمت ۲۰۲۴ بکرم	اکتوبر سمت ۲۰۲۴ بکرم	نومبر سمت ۲۰۲۴ بکرم	دسمبر سمت ۲۰۲۴ بکرم
۱	پوہ بدی پنچمی	ماگھ بدی ششٹمی	پھاگن بدی پنچمی	چیت بدی ششٹم	بیساکھ بدی اشٹمی	جیٹھ بدی نومی	ہاڑ بدی نومی	ساون بدی دسمی	بھادوں بدی دوادشی	اسوج بدی دوادشی	کارتک بدی چودس	مگھر بدی اماوس
۲	۶	۸	۷	۸	۹	۱۰	۱۰	۱۱	۱۳	۱۳-۱۴	اماوس	مگھر شدی ایکم
۳	۷-۸	۹	۸	۹	۹	۱۱	۱۱	۱۲	۱۴	اماوس	کارتک شدی ایکم و دوج	۲
۴	۹	۱۰	۹	۱۰	۱۰	۱۲	۱۲	۱۳	اماوس	اسوج شدی ایکم	۳	۳
۵	۱۰	۱۱	۱۰	۱۱	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	بھادوں شدی ایکم	۲	۴	۴
۶	۱۱	۱۲	۱۱	۱۲	۱۲	۱۳	۱۴	اماوس	۲	۳	۵	۵
۷	۱۲	۱۳	۱۲	۱۳	۱۳	۱۴	اماوس	ساون شدی ایکم و دوج	۳-۴	۴	۶	۶
۸	۱۳	۱۴	۱۳	۱۴	۱۴	اماوس	ہاڑ شدی ایکم	۳	۵	۵	۷	۷
۹	۱۴	اماوس	۱۴	اماوس	اماوس	جیٹھ شدی ایکم	۲	۴	۶	۶-۷	۸	۸
۱۰	اماوس	ماگھ شدی ایکم	۱۴	چیت شدی ایکم	بیساکھ شدی ایکم	۲	۳	۵	۷	۸	۹	۹
۱۱	پوہ شدی ایکم	۲	اماوس	۲	۲	۳	۴	۶	۸	۹	۱۰	۱۰
۱۲	۲	۳	پھاگن شدی ایکم	۲	۳	۴	۵	۷	۹	۱۰	۱۱	۱۱
۱۳	۳	۴	۲	۳	۴	۵	۶	۸	۱۰	۱۱	۱۲	۱۲
۱۴	۴	۵	۳	۴	۵	۶	۷	۹	۱۱	۱۱	۱۳	۱۳
۱۵	۵	۶	۴	۵	۶	۷-۸	۸	۱۰	۱۲	۱۲	۱۴	۱۴
